اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا

تک پہنچانا چاہتے ہیں تو زوبی ناولز زون

https://www.zubinovelszone.com

آن لائن ویب سائٹ آپکو پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پر اپنا ناول،افسانہ،کالم آرٹیکل یا شاعری

پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ابھی ای میل کریں۔

ZUBINOVELSZONE@GMAIL.COM

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل اور وٹس ایپ کے ذریعہ رابطہ کر سکتے ہیں

وہاٹسپپ پر رابطہ کرنے کے لئے نیچے لنک پر کلک کرے

https://wa.me/923444499420

https://www.facebook.com/Zubi.Novels.Zone.10

انتباہ!اس ناول کے تمام جملہ حقوق زوبی ناولز زون کے پاس محفوظ ہیں کسی بھی طرح کاپی کرنے سے گریز کیا جائے۔

https://www.facebook.com/groups/Z.Novel.Zone

Complete Novel

میرے_ہمسفر_میرے_مہربان

عائشہ_نور

صبح ۹ بجے کا وقت تھا وہ دونوں اس وقت ایک قبر کے

پاس کھڑے تھے وہ چودہ سالہ بچی گھٹنوں کے بل قبر کے پاس بیٹھی آنسوں بہا رہی تھی اور اسکے پاس کھڑا تھا ئی یس سالہ نوجان لڑکا وہ دونوں اپنی ماں جیسی ہستی کی قبر پر اپنا

دکھ بیاں کر رہے تھے وہ ماں خود اولاد جیسی نعمت سے محروم تھی
مگر انہیں ماں کی کمی محسوس نہیں ہونے دی

وہ جاتے جاتے ان دونوں کو ایک مضبوط بندھن میں باندھ
گئی

جب اس بچی کے رونے میں کمی نا آئی تو لڑکے نے
آگے بڑھ کر اس نرم و نازک گڑیا کو سہارا دے کر اٹھایا اور اسکا
ہاتھ اپنے مضبوط ہاتھ میں تھامے قبروں کے پاس سے گزر کر
سڑک کی طرف بڑھا

ایک ہاتھ کے اشارے سے آٹو روکی جبکہ دوسرے ہاتھ سے
ابھی بی اسکی نازک سی کلائی تھامی تھی پاس آکر ایک آٹو
رکی اور وہ دونوں اس میں سوار ہو گئے

آٹو گھر کے آگے رکی تو وہ نیچے اترا اور ساتھ ہی نیلم اترگ ئی ی
آنکھوں سے آنسوں ابھی بھی جاری تھے گھر کے
سامنے کھڑے ہو کر اسنے بیل بجائی دروازہ کھلا اور
دونوں گھر میں داخل ہوئے

نیلی بلقیس بیگم کے گلے لگ کر پھر رو دی بلقیس بیگم ن پیار سے
نیلم کو خود سے الگ کیا اور سمجھانے لگی چپ کر جاو نیلی بیٹا شاباش
تم نے اب نہیں رونا ورنا پھر میں ناراض ہو کر چلی جاؤں گی
اور روتی رہنا

نیلم نے جلدی سے آنسو صاف کیے نہیں نہیں میں چپ ہوں خالہ نہیں رو رہی اب پلیز مت جائیں

اچھا پھر تم جاؤ منہ ہاتھ دھو پھر ناشتہ کرتے ہیں وہ سر ہلاتی کمرے کی جانب بڑھ گئی

ان سب سے بے نیاز ولی صوفے پر لیٹنے کے انداز میں بیٹھا ہوا تھا سر اوپر کیے مسلسل چھت کی جانب گھور رہا تھا بلقیس پھپھو نے اس کے کندھے پر اپنا ہاتھ رکھا اور پکارا ولی اب تمہیں بھی سمجھانا پڑے گا ہوش کی دنیا میں واپس آؤ

پھپھو میں ٹھیک ہوں" ولید سیدھا ہو کر بیٹھا

اچھا پھر ناشتہ کرو گے "بلقیس پھپھو نے پوچھا

نہیں بس چائے لو گا ناشتہ کا بلکل بی دل نہیں چاہ رہا" اس نے بیزاریت سے جواب دیا ۔ٹھیک ہے کہتے ہی بلقیس کچن کی جانب سر نفی میں ہلاتی بڑھ گ ئی۔

آج اسے پھر سے اپنا ماضی یاد آیا جب اسکے والدین اسے اس دنیا میں اکیلا چھوڑ گ ئے تھے کتنا رویا تھا وہ ۔۔😑😑۔

چھے سالہ ولی بہت خوش سا ہنستہ مسکراتا اپنے پورے خاندان کا لاڈلہ سب ہی اس سے بہت پیار کرتے تھے اس کی خوشیوں کو تو

جیسے نظر ہی لگ گ ئی اب اس خوش کی جگہ اداسی نے لیلی تھی۔

سہیل احمد اور انکی اہلیہ بشری بی بی ان کو تین بچے
بڑی بیٹی بلقیس اور پھر وحید احمد سے پانچھ سال چھوٹا ولید احمد
۔وہ اپنے اولاد کے ساتھ اپنے چھوٹے سے آشیانے میں خوش
تھے۔

انہوں بڑی بیٹی اور بیٹا کی ایک ساتھ شادی کی تھی بلقیس کی شادی انہوں اپنے دوست کے بیٹے اسلم سے کی انکی تین بیٹیا تھیں ملیحہ مدیحہ اور فرح۔ جبکہ وحید کی نگہت بیگم سے ہوئی اور وہ ابھی تک اولاد کی نعمت سے محروم تھے

۔ان کی شادی کے کچھ عرصے بعد بشری بیگم بیمار رہنے کے باعث اس دنیا سے کوچ کر گ ئی۔

بلقیس کی شادی دوسرے شہر میں ھوئی اسلیے انکا میکے کم آنا جانا تھا اسلم کے ساتھ وہ خوش تھی۔

سہیل صاحب کو اپنی اولاد کی بے اولادی کا بہت دکھ تھا دس سال ھوگ ئے تھے وحید کی شادی کو وہ اپنی بیوی کو بہت چاہتے تھے اسلی ئے وہ اسے اللہ کی مرضی سمجھ کر نگہت کے ساتھ بہت خوش تھے۔ نگہت بہت اچھے اخلاق کی خاتون تھی انہیں اپنی خالی گود کا بہت دکھ تھا۔

ایک دن ولید اپنی یونیورسٹی فیلو انیلہ سے کورڈ میرج کرلی جس پر سہیل صاحب بہت برہم تھے ولید انیلہ کو بہت پسند کرتا تھا مگر انیلہ گھر والے اسکی شادی زبردستی کہیں کروا رہے تھے انیلہ بلکل بھی راضی نہ تھی اسلیئے اسنے ولید سے فورن شادی کا مطالبہ کیا۔ولید فورن مان گیا اور اسنے بغیر سہیل صاب کو بتائے انیلہ سے کورڈ میرج کرلی اور پھر اسے گھر لے آیا سہیل صاحب نے ان دونوں کو گھر سے نکال دیا نگہت اور وحید نے انہیں بہت سمجھایا کہ وہ ان دونوں کو معاف کردے مگر سہیل صاحب نہ مانے انہیں اپنی اولاد کی اس حرکت پر بہت دکھ ہوا۔

کچھ عرصے بعد ولید نے سہیل صاحب کو دادا بننے کی خوشخبری سنائی اس خبر کو سننے کیلئے تو انکے ان ترس گئے تھے انہوں نہ صرف انہیں معاف کیا بلکہ گھر میں بھی جگہ دی انیلہ کا بہت خیال رکھا جانے لگا اور انکے ہاں بیٹے کی پیدائش ہوئی سہیل صاحب نے اسکا نام ولی اللہ ولید احمد رکھا۔

نگہت نے ولی کے بہت لاڈ اٹھائے وحید نے بھی اسے بہت پیار کیا دونوں کی جان بستی تھی ولی میں ولید اور انیلہ بھی اسے آنکھ کا تارا بنا کے رکھتے سہیل صاحب کو تو ولی کے علاوہ کچھ سوجتا ہی نہ تھا ولی سب سے بہت اٹیچ ہو گیا ۔

انیلہ کو اگر کہیں جانا ہوتا تو وہ ولی کو بے فکر ہو کے ان کے پاس چھوڑ کے جاتی اسی لاڈ پیار میں پل کے ولید چھے سال کا ہو گیا وہ بہت ہنس مکھ اور ہر ایک کے دل بھا جانے والے بچہ تھا پڑھائی میں بھی دل لگا تھا اسکا آجا سکا ون کلاس کا فائی نل رزلٹ انا ؤ س ہوا سب سے خوب مبارکباد وصول کی اور تحفے بھی۔

ولی۔ بلقیس پھپو کی آواز پہ ولی کی سوچوں کا تسلسل ٹوٹا اور سر اٹھا کر ان کی جانب دیکھا بلقیس ہاتھ میں چائے لی ئے کھڑی تھیں ہاتھ بڑھا کر چائے کا کپ تھاما ۔

پھپھو نے اسکی لال ہوتی آنکھیں دیکھی پھر اسکے سر پر
پیار سے ہاتھ پھیرا وہ آنکھیں موند گیا ان کے اس لمس پر اسکے
پاس ابھی بی ایک رشتہ باقی ہے پھر آنکھیں کھولی اور بلقیس پھپھو کی
جانب دیکھا اور کہا پھپھو میں ٹھیک ہوں میری فکر مت کریں آپ
نیلی کے پاس جائیں اسے فلحال آپ کی ضرورت ہے۔

بلقیس نیلم کے کمرے میں داخل ان کی توقع عین مطابق نور بیڈ
پر تکیہ میں منہ دے کر رو رہی تھی۔

نیلی۔۔ بلقیس کی پکار پر نیلی نے سر اٹھایا اور جلدی سے اپنے
آنسوں صاف کیے اور پھپھو کی جانب دیکھا جو اسے غصے سے گھور
رہی تھی وہ جلدی سے بولی نہیں پھپھو میں نہیں رو رہی میں چپ

ہوں اس کی اس معصومیت پے پھپو اسے گلے لگا گ ئی اس گلے لگتے ہی اس کے آنسو پھر بہنے کیلی ئے تیار تھے مگر پھپو کی دی گ ئی دھمکی(کے وہ اسے اکیلا چھوڑ کے چلی جای ئی ں گی) کے ڈر سے آنسوں روکے ۔

نگہت کے اس دنیا سے چلے جانے کے بعد نور اور ولی بہت زیادہ غمزدہ ہو گ ئے تھے وہی نگہت کی آخری خواہش کے مطابق نیلم اور ولی کا نکاح پڑھیا یا گیا نگہت اپنی زندگی میں چاہتی تھی کے انکا نکاح ہو مگر ولی نہیں مانا تھا۔

مگر اب بلقیس کے زور دینے پر وہ مانا کہ اب اس کے علاوہ اس دنیا میں کوئی نہیں ہے نیلم کو وہ اپنے پاس نہیں رکھ سکتی

۔اسے ولی کے ساتھ رہنا تھا اور اسلیۓ نکاح ضروری ورنالوگ باتیں بنائیں گے ۔

بلقیس ان دونوں کو نارمل کرنے کی کوشش کررہی تھی کہ وہ نگہت کے غم سے نکل کر زندگی کی طرف لوٹیں کسی حد تک بلقیس کامیاب بھی ہوگئی تھی ولی اب سنبھل چکا تھا مگر نیلم کچھ حد تک سنبھلی تھی نیلم کا دھیان گھر کے کام کی طرف لگاتی تاکہ وہ نگہت کو یاد نہ کرسکے اور ایسے ہی ہوا بھی تھا۔

بلقیس کو واپس گھر بھی جانا تھا اس کے گھر والے اسے بلا رہے تھے گھر اسلیۓ وہ نیلم اور ولی کے درمیان دوری کو

دور کرے کیونکہ اب ایک دوسرے پر ڈیپینڈ کرتے ہیں۔

۔نیلم چھوٹی سی تھی مگر گھر کے کاموں میں سمجھدار تھی چھوٹی سی تھی مگر نگہت کے ساتھ ہر کام میں ہاتھ بٹاتی جب نگہت بیمار ہوئی تو وہ کافی حد تک نگہت کے ساتھ کام کرواتی کچن کے بھی وہ کافی کام کر لیتی برتن دھونا چائے بنانا کھانا سرو کرنا نگہت اسے ولی کے بھی کام کروایا کرتی تھی جو ولی کو پسند نہیں تھا اور وہ اسے ڈانٹ دیتا تھا۔

بلقیس بھی اب اسے ولی کے کام کرواتی اور اسے سمجھاتی کہ انکا اب کیا رشتہ ہے نیلم کو ولی کے روم میں بھیجتی اس سے کھانے کا

پوچھنے کیلئے تو کبھی اسے چائے دے کر بھیجتی وہ اپنے کام پھپھو سے کہتا مگر وہ کام نیلم سے کرواتی ولی بس چپ ہی رہتا اسے کچھ نہ کہتااس بات سےاب بلقیس بھی کافی مطمئن ہو گئی تھی دونوں سے اب وہ بے فکر ہوکر گھر جاسکے گی۔اور پھر بلقیس نے دونوں کو اب اپنے گھر جانے کا فیصلہ سنایا۔

☆ ☆ ☆ ☆ ۔

(ماضی)

آج ولی بہت خوش تھا اسے بہت سارے تحفے ملے تھے فرسٹ آنے کی خوشی میں آج اس کی پاپا کو اس کے دوست کی شادی پر جانا تھا اسکی ماما کے ساتھ وہ رات کو اس سے مل کر اور گھر والوں سے بھی ملے تھے وحید نے شرارت سے کہا شادی پر جا رہے ہو سب سے ایسے مل رہے جیسے جنگ پر جانا ہے اس کی بات سب ہنس پڑے وہ خدا حافظ کہتے گھر سے نکل پڑے۔

ولید نے ہاتھ کے اشارے سے ٹیکسی روکی اور اس میں سوار ہو گئے ۔

واپسی بھی انکی اسی ٹیکسی میں ہوئی جس میں وہ آئے تھے رات کافی ہو چکی ٹیکسی سنسان سڑک پر جا رہی تھی

انیلہ نے ولید کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا اسے ڈر لگ رہا تھا ولید نے اپنا دوسرا ہاتھ اسکے ہاتھ پر رکھا اور دلاسہ دیا انیلہ ڈرومت میں ہوں نہ ابھی ٹیکسی نے موڑ لیا تھا کہ سامنے سے آتا ٹرک ٹیکسی سے جا ٹکرایا ٹیکسی قلابازیاں کھاتی ھوئی دور جا گری حادسہ اتنا برا تھا کہ ٹیکسی سوار تینوں لوگ موقع پر ہی دم توڑ گ ئے۔

سہیل صاحب بیچینی سے اپنے بیٹے اور بہو کا انتظار کر رہے تھے گھڑی رات کا ایک بجانے کو آئی مگر وہ ابھی تک نہ لوٹے

۔

جیسے جیسے ٹائم گزر رہا تھا انہیں ڈر لگنے لگا کہیں کچھ غلط نہ ہو گیا ہو نگہت اور وحید پریشان تھے ولی نگہت کے بستر پر سو رہا ۔

کال جارہی تھی مگر کوئی اٹھا نہیں رہا تھا یہ بات اور پیچین کر رہی تھی ۔انھوں نے یہ رات بہت مشکل سے کاٹی مگر صبح کا دن انکے لیئے اچھی خبر نہ لایا ۔وحید نے پھر کال کی اس بار کال اٹھا لی گئی مگر آگے کسی انجان آدمی کی آواز آئی اسے سمجھ نہ آئی تھی کہ آگے سے آواز آئی " آپ کون " اسنے اپنا تعارف کروایا اور ولید کے بارے میں پوچھا تو اس شخص نے

آگے سے جو بات بتائی موبائیل اسکے ہاتھ سے گرتے گرتے بچا۔

اور سہیل صاحب کی طرف دیکھا جو اسے سوالیہ نظروں سے گھور رہے تھے۔

وہ۔۔وہ۔۔لفظ اسکے منہ سے ادا نہی ہو رہے تھے کہ۔

سہیل صاحب غصے سے بھڑکے "کیا وہ وہ بتاؤ کیا بات ھے کون تھا کیا کہا تمہے اسنے"۔

ابا جی وہ۔۔ولید۔۔انیلا کا۔۔ایکسیڈنٹ"

"۔۔۔ہو۔۔ہو گیا۔۔۔اور وہ اس دنیا میں نہی رہے

آخری بات پر وحید اپنا ضبط کھو گیا اور رو دیا سہیل صاحب صوفے پر گرنے کے انداز سے ڈھے گ ئے کمرے کے دروازے پر کھڑے ولی نے وحید کی بات سن لی تھی اور وہی کھڑا ساکت ہو گیا اس سے ہمت ہی نہ ھوئی کہ آگے بڑھ کر پوچھ سکے۔نگہت کی نظر ولی پر پڑی ولی انہیں خالی خالی نظروں سے دیکھ رہا تھا نگہت نے آگے بڑھ کر اسے اپنے ساتھ لگایا وہ انکے ساتھ لگتے ہی پھوٹ پھوٹ کر رو یا۔

وہ بہت رو یا تھا اس دن جب اسکے ماں باپ کے ایک ساتھ جنازے اٹھے وہ تو کسی سے بھی سنبھل نہیں رہا تھا بڑی مشکل

سے نگہت نے اسے سنھالا۔ بلقیس نے بھی اسے بہت سہارا دیا۔ وہ اسکی پھپو تھی ایک طرف بھائی کا غم دوسری طرف انکا بھتیجا انکا دل کٹ کر رہ گیا۔

سہیل صاحب بھی بیٹے غم سے نڈھال ہو گئے اور بیمار رہنے لگے ولی سنبھل تو گیا مگر اب سنجیدا رہنے لگا اپنا زیادہ دھیان بس اسٹڈی کی طرف رکھتا اب گھل مل کے رہنے والی عادت ختم ہو گئی تھی بس اداس رہتا نگہت اور وحید نے اسے بہت توجہ اور پیار سے رہتے اسکے ساتھ اسکی ہر ضرورت کا خیال رکھتے ۔ بلقیس بھی آجاتی تھی وہ اسے بہت پیارا تھا آخر اسکی بھائی کی نشانی ہے۔ مگر وہ

پھر بھی پہلے جیسا نہیں رہا وہ سنجیدہ مزاج اور اپنے کام سے کام رکھنے والا بن گیا۔

سہیل صاحب بہت بیمار رہنے لگے بلقیس وحید نے انکو بہت حوصلہ دیا ان کی بہت خدمت کی مگر وہ بیٹے کا غم برداشت نہ کر سکے اور ایک سال بعد وہ بھی اپنے بیٹے پاس اس دنیا رخصت ہو گئے۔ ولی کے لیے یہ ایک اور بڑا غم تھا اسے اپنے دادا سے بہت پیار تھا اسکے دادا نے اسے بہت دیا تھا۔

اب وہ تینوں ہی ایک دوسرے کا سہارا تھے۔ وحید نے بھائی کا غم برداشت کر لیا مگر باپ کے غم نے انہیں نڈھال کر دیا۔

اب وحید کمزور ہونے لگے تھے بلقیس اور نگہت نے اسے بہت حوصلہ اور ہمت دی۔ان کے ہر دکھ میں انکے ساتھ شریک رہی

۔

وحید کو ہمت کرنی تھی ابھی دو رشتے ہیں اسکے پاس ابھی انکے لیئے انھوں حوصلہ کیا اور کام کرنا شروع کیا انکی سرکاری کلرک کی نوکری تھی انکا ایک چھوٹا سا آشیانہ تھا جس میں وہ نگہت اور اپنے بھائی اور باپ کے ساتھ خوشی سے رہ رہے تھے مگر اس گھر کی خوشیوں کو تو جیسے کسی کی نظر لگ گ ئی نگہت بھی گھر بھی سنبھالتی اور ساتھ ساتھ لوگوں کے کپڑے بھی سلائی کرتی اب

ان دونوں کی کل زنگی ولی ہی تھا جس کہ اچھے مستقبل کےلئے وہ محنت کر رھے تھے ۔

(حال)

وہ لوگ رات کا کھانا کھا رہے تینوں میں خاموشی تھی اس خاموشی کو بلقیس نے توڑا "نیلم.. ولی"۔۔انہوں نے دونوں کا نام پکارا۔

دونوں نے ایک ساتھ پھپو کی جانب دیکھا جی پھپو بولیں ولی بولا۔

ولی اب مجھے اپنے گھر بھی واپس جانا ہے وہاں میرے بچیاں بھی میرا انتظار کر رہے ہیں مہینہ ہو چلا ہے یہاں آئے ہوے اسلم

بھی ٹھیک نہیں ہیں۔ اس لیئے میں اب دو دن ہوں
"یہاں آج جمعہ ہے اتوار کو میری واپسی ہے۔

وہ بیچارگی سے بول رہی تھی کہیں وہ روک نہ لیں
ولی نے انکے ھاتھ پر اپنا ھاتھ رکھا اور نرمی سے گویا ہوا

پھپو جیسے آپ کی مرضی آپ کا بہت بہت شکریہ پھپو آپ نے "
ہمارا بہت ساتھ دیا" آخری بات اسنے نیلم کو دیکھتے ہوے کی جو
اپنی موٹی نیلی آنکھوں میں موٹے موٹے آنسوں بھر لائی تھی
۔

بلقیس نے بھی نیلم کی طرف دیکھا اور کہا "بیٹا اگر ایسے رو گی تو میں نہی جا سکوں گی"۔

نیلم نے اپنا نازک سا ہاتھ بڑھا کر بلقیس کا ہاتھ تھاما اور کہا "خالہ آپ جائیں میں نہیں روکو گی آپ کو میں نہیں روؤں گی" ہچکیوں سے بولتے ہوئے اسنے اپنی بات مکمل کی بلقیس کے گلے لگ گ ئی ۔ولی وہاں سے اٹھ کر چلا گیا اسے نیلم کے رونے سخت چڑ تھی جب سے وہ اس گھر میں آئی تھی تب سے۔.

***

رات کو روز ولی چائے پیتا تھا جب سٹڈی کر رہا ہوتا تھا آج وہ اسٹڈی کر رہا بلقیس پھپو کے جانے کا سن کر وہ بھی پریشان ہو گیا۔

جب دروازا نوک ہوا اور نیلم چائے لے کر اندر آ ئی وہ بیڈ پر کتابیں پھیلائے بیٹھا تھا ۔نیلم کے ہاتھ میں چائے کا مگ دیکھا اسے اس وقت شدید طلب تھی چائے کی۔

نیلم سے چائے لے کر اس نے سائیڈ ٹیبل پر رکھی نیلم واپس جانے کے لیئے مڑی دو قدم اٹھائے تھے کہ جب ولی نے اسے آواز دے کر روکا اور وہ مڑی ولی کی طرف دیکھنے لگی ولی نے کبھی اسے خود سے نہیں بلایا تھا اس لیئے وہ ولی کو سنجیدگی سے دیکھ رہی تھی

روکو

ادھر آؤ میرے پاس" ولی نے اسے جاتے دیکھ کچھ" سوچ کہ اسے بلایا۔

وہ چھوٹے قدم اٹھاتی اس تک پہنچی "جی" نیلم پاس آکر رُک کر بولی اس نے بیڈ سے کتابیں سائیڈ پر کی اسے بیٹھنے کی جگہ دی ۔

بیٹھو" ولی نے جیسے اسے حکم دیا۔

وہ بیٹھ گ ئی ولی نے سائیڈ ٹیبل سے چائے کا کپ اٹھایا اور پوچھا "تمہارا کوئی پڑھنے کا ارادہ ہے یا نہیں۔۔"

جی جی ہے "نیلم نے رک رک کر الفاظ ادا کیے۔۔

تو پھر اسکول کیوں نہیں جانا اسٹارٹ کیا ابھی تک اور کتنے دن تک سوگ منانا ہے "وہ چائے کے سیپ لیتا اس چھوٹی سی گڑیا کو ہی دیکھ رہا تھا وہ پنک فروک پہنے چھوٹا سا ڈوپٹہ سر پر سکارف کے سٹائل سے باندھا ہوا تھا سر جھکائے بیٹھی تھی ۔۔

۔۔۔وہ نہ بولی تو ولی پھر بولا "میں کچھ پوچھ رہا ہوں "لہجہ تھوڑا سخت ہوا۔۔

وہ۔۔میرا۔۔دل نہیں۔۔کر رہا۔۔اسکول جانے کو "رک رک کر الفاظ ادا کیے پھر چپ ہو گ ئی۔

اور دل کب کرے گا آپ کا "وہ چائے کا گھونٹ بھر کر پھر بولا ۔

جب دل کرے گا تب "نیلم نے فٹ سے اسکی طرف دیکھتے ہوئے کہا اور کھڑی ہو گ ئی۔۔

وہ تو اسے دیکھتے ہی رہ گیا اور پھر بولا "کل اسکول جانا اسٹارٹ کرو انڈرسٹینڈ کوئی بے تکا بہانا نہیں چلے گا "۔۔

میں کل نہیں جاؤں گی اسکول منڈے سے جاؤں گی اب "۔

کہتے ہی تیزی سے روم سے نکل کر اپنے روم آئی جہاں بیڈ پر بلقیس بیگم لیٹی ھوئی تھیں ۔

ولی اسے دیکھتا ہی رہ گیا یہ ہے کیا چھوٹی بلا ہم پھر سے اپنی پڑھائی میں بزی ہو گیا۔۔۔

(ماضی)

ولی ۹ سال کا تھا وحید اور نگہت دونوں اسکا بہت خیال رکھتے اسے کسی چیز کی کمی نہ ہونے دیتے تاکہ اسے ماں باپ کی کمی محسوس نہ ہو۔ مگر ماں باپ کی کمی شاید کوئی پوری نہیں کر سکتا ولی مزاج کوئی بدلاؤ نہیں آیا ۔

پھر نگہت کو اسکی بہن کا فون آیا وہ بہت پریشان ہو گئی ایک ہی تو بہن تھی اسکی۔

نگہت اور نزہت دو بہنیں تھی نگہت چھ سال کی اور نزہت ایک سال کی تب اسکے ماں باپ علیحدگی ہو گئی تھی دونوں کی کبھی بنی ہی نہیں تھی نتیجہ یہ ہوا کہ وہ الگ ہو گئے۔ ان دونوں کو اسکی نانی نے پالا تھا نگہت کی

شادی اسکی نانی نے اپنی مرضی سے کی تھی جبکہ نزہت نے اپنی پسند سے شادی کی تھی مگر اسکا انتخاب غلط نکلا اسکا شوہر اکرم ایک آوارہ قسم کا بندہ تھا جو نشہ کرتا تھا نشہ میں وہ نزہت کو کافی مار پیٹ کرتا تھا نزہت کے پاس کوئی دوسرا راستہ نہیں تھا نانی بھی انکی شادی کے بعد اس دنیا سے چلی گ ئی تھی اس کے ماں باپ ان دونوں کو دوبارا پلٹ کر نہیں دیکھا ان وہ دونوں دوسری شادی کے بعد اپنی زندگی میں مصروف ہو گ ئے تھے ۔

ماں کبھی کبھی آجاتی تھی ان سے ملنے مگر ان دونوں کے دل میں اپنی ماں کے ل ئے محبت ہی نہیں رہی تھی اس لی ئے انکا ملنا نا ملنا ایک برابر تھا ۔

نزہت کا دوبار مس کیرج ہوا تھا پھر کافی عرصے بعد دعاؤں اور منتوں سے پھر اسکی جھولی بھری وہ اب بہت احتیاط سے اسنے یہ دن گزارے اکرم کو بیٹا چاہیے تھا اسلیئے اسنے نزہت کو کچھ نہیں کہا کہ وہ آرام سے اپنے دن پورے کیے نزہت کو ڈر تھا کہیں بیٹی نہ ہوجائے جب اسکے آخری دن چل رہے تھے تب اسنے نگہت کو برسوں بعد فون کیا ورنہ اکرم سے شادی کے بعد نزہت نے اسے کبھی رابطہ ہی نہ کیا تھا۔

آج جب نگہت کے پاس نزہت کی کال آئی اسنے فون اٹھایا آگے سے نزہت کی رونے کی آواز اسے پہنچاننے میں ایک منٹ ہی لگا

نزہت یہ تم ہو"۔ "

جی آپا۔۔میں۔۔میں نزہت آپا۔۔میرے پاس آجاے"

نہ۔۔۔مجھ مجھے آپ۔۔کی شدشدید ضرورت ہے آپا" بڑی مشکل سے روتے ہوئے اسنے ساری بات اسے سمجھائی اوراپنا پتہ بتایا ۔

نزہت بھی پریشان ہوئی بہت بہن کا سن کر وحید جب گھر آیا تو نگہت کوروتا دیکھ وہ بے چین ہوا نگہت نے اسے نزہت کے بارے میں بتایا وحید نے فورن اسے

جانے کا کہا وحید اسے بس میں بٹھا آیا تھا ولی کی وجہ سے وہ رک گیا ورنہ وہ بھی ساتھ چلتا۔

برسوں بعد نگہت نے اپنے شہر میں قدم رکھا تھا

آج اتوار تھا بلقیس کی اپنے گھر واپسی تھی دو دن بلقیس نے دونوں کو بہت سمجھایا نیلم کو انہوں نے بہت ہدایات کی تھیں انکا بھی دل نہیں چاہ رہا تھا کہ وہ نیلم کو چھوڑ کر جائے مگر مجبوری تھی گھر والوں نے گھروں کو بھی لوٹنا تھا۔

ناشتہ کے بعد وہ نیلم سے مل کر ولی کے ساتھ چلی گ ئی ولی نے انکا سامان اٹھایا اور ٹیکسی میں رکھا ان کو بس اڈے پر چھوڑنے ساتھ جانا تھا۔

انکے جانے کے بعد بلقیس کے سامنے وہ نہیں روئی ی مگر ان کے جاتے ہی پھر سے رودی اسے خالی خالی گھر سے وحشت ہونے لگی۔

سارا دن گزر گیا ولی گھر نہ آیا پھپو کو بس میں بٹھا کر ادھر ادھر پھرتا رہا گھر جانے کو اس کا دل نہیں تھا۔

نیلم رو کر تھک گ ئی پھر اٹھی کچن کی طرف بڑھی اسے اب بھوک لگی تھی کھانے کو کچھ نہیں تھا ولی ابھی تک نہیں آیا دوپہر کے تین بج گئے تھے اس نے چائے بنائی ی فریج سے بریڈ نکالے چائے کے ساتھ کھائے پھر حال

میں آگ ئی ی ہر طرف خاموشی کا راج تھا وہ پہلے بھی گھر میں اکیلی رہی ہے جب نگہت کسی کام سے باہر جاتی تھی سارا دن وہ گھر میں اکیلی رہتی تھی پر آج اسے اکیلا پن اچھا نہیں لگ رہا تھا ڈر لگ رہا تھا اسے اس گھر سے گھر نہ چھوٹا اور نہ زیادہ بڑا چار کمروں کا گھر تھا دو کمرے ایک ساتھ تھے پھر درمیان میں ٹی وی لاؤنج نما سا حال جہاں دو بڑے صوفے رکھے ہوے تھے سامنے دو کمرے اسکے ساتھ کچن اور اسکے ساتھ کے صحن کی طرف کھلتا جالی دار دروازہ.. کھلا صحن تھا اس میں اوپر جاتی سیڑیاں اور پھر کھلی چھت نگہت نے گھر بہت دل سے سجایا ہوا تھا گھر چھوٹا مگر ورد یکھ رہی بغ خوبصورتی سے بنایا گیا تھا۔ نیلم گھر کی ہر چیز کو تھی نگہت نے گھر بہت اچھا سجایا تھا۔

نیلم اور نگہت کا کمرا کچن کے ساتھ والا کمرا تھا مگر اب اسے اس کمرے میں نیند نہیں آتی تھی اسلیے اب سامنے والے دو کمرے جن میں پہلا کمرا اولی کا تھا اور دوسرے کمرے میں بلقیس کے کہنے پہ وہ شفٹ ہو گئی اتنے دنوں سے وہ بلقیس کے ساتھ اسی کمرے میں سو رہی تھی آج اکیلی ہے یہی سوچتے اسے نیند آ گئی

🌹🌹🌹🌹🌹

(ماضی)

برسوں بعد نگہت نے اپنے شہر میں قدم رکھا تھا بہت سی پرانی یادیں تازہ ہوئی ی اسکی ساتھ ہی آنکھیں نم ہو گئی شادی کے بعد وہ نانی سے کبھی کبھی ملنے آجاتی تھی

مگر وہ جب نہیں رہی پھر وہ کبھی پلٹ کر بھی نہیں دیکھا نزہت پسند کی شادی کے بعد وہ تو غائب ہی ہو گئی اسنے کبھی کسی سے رابطہ ہی نہیں رکھا تھا۔پھر وہ بتائے ہوئے پتہ کے مطابق وہ اسکے گھر پہنچی گھر بہت چھوٹا اور خستہ حال تھا محلہ بھی چھوٹا سا تنگ بارک گلیاں اسے افسوس ہوا یہ سوچ کر کہ نزہت ایسے گھر میں کیسے رہ رہی تھی اکرم نے تو اسے بڑے سبز باغ دکھائے تھےاور اسے کیا ملا خیر گھر پر تالہ لگا تھا محلے والوں سے پوچھنے پر پتہ چلا کہ نزہت کی حالت بہت خراب ہے وہ ہسپتال میں ہے وہ فورن ہسپتال میں پہنچی اندر داخل ہوی تو اسے سامنے ہی اکرم نظر وہ ایک نظر میں اس آدمی کو پہنچان گئی تھی اسےاکرم

جھایاوہ سہی سم بلکل بھی نہی پسند تھااسنے بہن کو بھی بہت انسان نہیں ہے سوائے اچھی شکل کے اسکے پاس کچھ نہیں مگر نزہت تو اسکے پیار میں پاگل ہوئی تھی اسے لگتا تھا نگہت اس سے جلتی ہے ۔

کہاں ہے میری بہن کیاہوااسے "وہ اکرم کے پاس آکر روتے ہے چیخ کر بولی اسپتال چھوٹا تھا نگہت کی آواز پورے اسپتال میں گونجی سب نے رک کر اسے دیکھا جو بہتے آنسؤوں کے ساتھ اکرم کے سامنے بڑے روب سے کھڑی تھی ۔

اس سے پہلے اکرم کچھ بولتا آپریشن تھیٹر سے ایک ڈاکٹر باہر آئی ی اور بولی مبارک ہو بیٹی ہوئی ی ہے ۔

بیٹی "نگہت نے ہولے سے کہااب اسے نزہت کا کال پہ رونااور" اسے اپنے پاس بلاناسب سمجھ میں آیا۔

ہمم بیٹی "اکرم نے غصے سے کہااور باہر یکجانب نکل گیا۔

ڈاکٹر میری بہن کیسی ہے مجھے ملناہے اس سے "نگہت نے بہتے آنسوں اپنی چادر سے صاف کرتے ہوئے ڈاکٹر سے پوچھا۔

پیشنٹ کو کچھ دیر میں ہوش آجائے گا انھوں نے بہت اسٹریس لیا ہوا تھا بہت مشکل سے انکا بی پی کنٹرول ہواہے" ڈاکٹر بات مکمل کرتے ہی آگے بڑھ گ ئی ی

پھر ایک نرس پنک کپڑے میں لپٹی چھوٹی سی گڑیا اسکے ہاتھ ہیں تھما کہ نکل گ ئی وہ اس چھوٹی سی لال گلابی گڑیا کو ہی دیکھتی رہ گ ئی ماشاءاللہ انکے منہ سے نکلااور اسے چومنے لگی وہ اس گڑیا کو لیے ادھر سے ادھر ٹہل رہی تھی اسکی ماں کے ہوش میں آنے کا انتظار کر رہی تھی نہ اسکے باپ کا کچھ پتا تھا کہ کہاں چلا گیا یہ بات تو وہ جانگ ئی تھی کہ اسے بیٹی ہونے کی خوشی نہی ہوئی اسلیے وہ واپس نہی آیا۔

ایک نرس دوڑتی ہوئی ی اسکے پاس اور کہنے لگی "آپ کی پیشنٹ " کو ہوش آگیا ہے وہ کسی نگہت کا نام لے رہی ہیں

۔جی میں ہوں نگہت" پھر وہ نرس کے پیچھے بچی کو اٹھائے "

چلدی۔

آپا"۔۔نزہت روتے ہوئے نگہت کو آواز دی نگہت "

ایک پل کے لئے دروازے پر رکی وہ نزہت

کو دیکھتی ہی رہ گئی یہ وہ نزہت نہیں لگی جو اسے

چھوڑ کر گئی تھی اجڑی سی حالت گوری رنگت اب

سانولے پن میں ڈھل چکی تھی بھری بھری جسامت

اب کمزور ہڈیاں بن گئی تھی اسے سوچ میں پڑا

دیکھ نزہت نے اسے آواز دی تو وہ ہوش کی دنیا آئی

جلدی سے اسکے پاس آئی اور جھک اسکی پیشانی پر

بوسا دیا اور جو چھوٹی سی گڑیا اپنی سینے سے لگائی تھی

اسے خود سے الگ کر کے ہاتھوں میں تھامے اسکے

سامنے کی " یہ دیکھو تمھاری گڑیا ماشااللہ بہت پیاری ہے "۔

آپا میری بچی۔۔۔میری بچی کا خیال رکھنا آپا۔۔"وہ ہچکیوں سے" روتے ہوئے کہنے لگی پھر لمبی سانسیں لینے لگی

نزہت نزہت کیا ہوا ہے تمہیں ڈاکٹر ڈاکٹر "نگہت کی آواز پر" نرس اندر آئی

جی کیا ہوا "نزہت کی بگڑتی حالت دیکھ فورن نرس ڈاکٹر کی" جانب بھاگی۔

نزہت نزہت میری جان کچھ نہی ھو گا تمہیں میں ہوں" وہ پیار" سے اس کا سر سہلا رہی تھی اور دل اندر سے ڈر بھی رہا تھا۔

آپا۔۔ می میری بچی۔۔ کک کا۔۔ خیال رک رکھنا آپا یہ بھی۔۔" بیچاری ہم جیسی۔۔ زندگی گزارے گی آپا نہ باپ نہ ماں نہ بھائی ی آپا اسکو۔۔ محفوظ ہاتھوں میں دینا می"۔۔۔۔۔

ڈاکٹر جلدی سے آئی ی " پیچھے ہٹیں پلز" نزہت کو چیک لگی نگہت بچی کو سینے سے لگائے نزہت کو پکارتے ہوے رونے لگی

نزہت تمہیں کچھ نہیں ھو گا کچھ نہیں ہو گا تمہاری بچی کو سب "
خوشیاں ملیں گی بس تم ٹھیک ہو جاؤ۔" مگر خدا کو کچھ اور ہی منظور
تھا۔

سوری ہم آپ کے پیشنٹ کو نہیں بچا سکے "اور نزہت کے منہ پر
سفید چادر ڈال دی۔ تبھی اکرم بھی آیا تب تک دیر ہو چکی تھی
نگہت بچی کو سینے سے لگائے روتی رہی۔

نگہت دو دن رہی نزہت کی تدفین کی گ ئی ی اسے محلہ کی
عورتوں سے پتہ چلا کہ کہ نزہت کے حالات کیسے
تھے اسنے اپنے شوہر کے ہر ظلم سہے دو بار اسکی کوکھ
اجڑی ۔نگہت کو دکھ ہوا نزہت نے اس سے ایک بار
بی رابطہ نہ کیا کاش کہ وہ ایک بار بتادیتی وہ اسے اس

دوزخ سے نکال لیتی پراب کیافائدہ اب اسے اس گڑیا کی فکر تھی جس کے دنیا میں آتے ہی اس کی ماں اس دنیا سے چلی گئی آخری وقت میں کیئے گئے نزہت کے وعدوں کی فکر تھی ۔

نگہت نے وحید کو کال کر کہ اسے اپنے آنے کی خبر دی وہ اسے لینے بس اڈے پہنچ گیا۔

بس آئی اور نگہت ایک چھوٹی بچی لیئے نیچے اتری وحید نے اس کے ہاتوں سے اس گڑیا کو تھاما اور اسے پیار کیا۔

نیلی آنکھیں لال گلابی چھوٹی سی گڑیا اسے بہت پسند آئی ی

ماشااللہ نگہت یہ بہت پیاری ہے۔اب یہ ہماری بیٹی ہے "نگہت"

وحید کو دیکھ کر خوش ہو رہی تھی جہاں اسکے سگھے باپ نے اسے

ٹھکرایا وہاں وحید نے اسے اپنایا۔

وہ اندونوں کولی ئے گھر پہچا بلقیس بھی آئی ی ہوئی تھی

گھر۔ بگہت بلقیس کو دیکھ کر خوش ہوئی ی" آپا کب

"آئی ی ۔

بس کل ہی آئی ی تھی تو تمہاری بہن کا وحید سے سنا "

مجھے بہت دکھ ہوا" بچی کو اسکے ہا تھوں سے لیتے

ہوئے بلقیس نے جواب دیا۔

بسس آپا جو اللہ کو منظور "نگہت آبدیدہ ہو گہ ئی اور اس گڑیا " کو دیکھنے لگی ۔

وہ سب لاؤنج میں صوفوں پر بیٹھے تھے جب ولی دوڑا آیا پکارا بڑی ماما نگہت نے ولی کو گلے سے لگا لیا اسکے لگے لگتے ہی نگہت کو جیسے اپنے سکون سا اترتا ہوا محسوس ہوا پھر خود سے الگ کر کے اسکے ماتھے پر بوسا دیا۔

ماما یہ کون ہے "ولی نے اس بچی کی طرف انگلی کر کے کہا۔

بیٹا یہ میری بہن کی بیٹی ہے مگر اب یہ ہماری بیٹی ہے اور اب یہ ہمارے ساتھ رہے گی۔"

ہم نیلی آنکھیں کتنی پیاری ہے" اسکا چھوٹا سا ہاتھ اپنی انگلی سے چھوتے ہوے کہا اسکا نام کیا ہے

نام۔۔۔

نام پر سب سوچ میں پڑ گئے پھر وحید بولا "نیلم کیسا رہے " گا ۔

سب نے اسکے نام کو پسند کیا۔ نیلم۔۔۔۔

آٹھ بجے نیلم کی آنکھ کھلی رات ہو رہی تھی اب اسے ڈر لگنے لگا تھا وہ لاؤنج میں آکر صوفے پر بیٹھ گ ئی ی آنسوں سے چہرہ بھیگنے لگا بھوک بھی لگی تھی اور ولی ابی تک نہ آیا اور ایک گھنٹہ اور گزر گیا۔

دروازا کھلنے کی آواز آئی ی نیلم مزید خوفزدہ ہو گ ئی ی ڈر کے مارے اسکی آواز بھی نہیں نکل رہی تھی ایک سایہ اسکی طرف بڑھ رہا تھا مگر جب وہ روشنی میں اسکے قریب آیا تو حواس بہال ہوے اسنے اپنی نیلی آنکھیں بند کر کہ ایک گہری سانس لی۔

تم اس وقت یہاں کیا کر رہی ہو سوئی ی نہیں ابی تک" ولی نے اسکے پاس آکر اسکی نیلی آنکھوں میں جھنانکہ رونے کی وجہ سے سرخ ہوئی ی تھی اور چہرہ آنسوؤں سے تر تھا ۔

تم کیا سارا دن روتی رہی ہو آج اب پھپو کو اپنے گھر بی جانا تھا تمہارا ماتم ہے کہ ختم ہی نہیں ہو رہا" کہتے ہی وہ آگے بڑھ گیا اپنے کمرے کی جانب قدم بڑھائے ہی تھے کے اسکی آواز پر رک گ ئے۔

مجھے۔۔ بھوک لگ لگی ہے" اسکی رندھی سی آواز پہ رکا اور مڑ کر اسکے سامنے آکھڑا ہوا۔۔ا" ور مجھ مجھے بہت ڈر لگ رہا تھا اسلیے

روئی ماتم نہیں کر رہی تھی" ۔۔۔آخری لفظ غصے سے کہے

اسے شدید افسوس ہوا اپنی لاپرواہی پے وہ صبح سے بھوکی تھی اچھا میں کھانا لاتا ہوں۔

وہ باہر سے کھانا لے آیا شاپر نیلم کو پکڑائے تم کھانا لگاؤ میں آتا ہوں چینج کر کے نیلم نے کھانا ٹیبل پہ لگا دیا کچھ ہی دیر میں ولی بھی فریش فریش سا باہر ٹیبل پہ آیا اسکے سامنے چیئر پہ بیٹھ گیا ۔

نیلم بھوکی تھی صبح سے وہ کھانے سے خوب انصاف کر رہی تھی ولی کو افسوس ہو رہا تھا وہ صبح سے اسکی وجہ سے بھوکی تھی۔

"سنو میں روم میں جا رہا ہوں اچھی سی چائے بنا کر میرے روم میں آؤ ۔"

اسنے سر ہاں میں ہلایا اور اٹھ کر کھانا سمیٹنے لگی چائے چولہے پہ چڑھائی ۔

چائے لیکر وہ روم میں داخل ہوئی وہ بیڈ کے کراؤن کے ساتھ سر ٹکائے لیٹا ہوا تھا ایک بازو آنکھوں پر رکھا ہوا ۔

آپکی چائے" اسکی آواز پر ھاتھ ہٹا کر اسے دیکھا

ہاتھ بڑھا کر اسے چائے لی نظریں ہنوز اسکے چہرے پر ٹکی ہوئی تھی ۔

جیسے ہی ولی نے چائے پکڑی وہ فورن مڑی رکو

وہ آواز سن کر رکی پر مڑی نہیں

میں نے تمہیں جانے کا کہا" وہ مڑی اور نہ میں سر ہلایا

تم گونگی ہو"۔۔۔

نہیں"جھٹ سے بولی۔

"ادھر آؤ

وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اس تک آئی ی

ایم سوری مجھے تمھارا خیال کرنا چاہئی یے تھا آئی ندا کوشش

"کرونگا گا کہ ایسا نہ ہو۔

جی"اسنے جی میں جواب دیا اور کھڑی رہی

" اب کھڑی کیوں ہو جاؤ

روکو۔" وہ مڑی پھر ولی نے آواز دی

" جی

"کل منڈے ہے یاد ہے نہ

جی یاد ہے اسکول جانا ہے میں نے تیاری کر لی ھے" وہ جلدی سے بولی

گڈ جاؤ" اور اب تیزی سے کمرے سے نکلی کہیں پھر ہی نہ روک لے

اسکے اس انداز پہ ولی مسکراتا ہوا سر ہلا گیا۔

وہ تیزی سے اسکے روم سے نکلتے ہی اپنے روم میں آئی ی جو ولی کے کمرے کے برابر ہی تھا۔

دھڑام سے بیڈ پر گری اور ولی کے بارے میں سوچنے لگی جو پہلے کتنا کٹھور تھا بات بات پہ ڈانٹتا اور اب اتنی نرمی سے بات کرتا ہے سوچتے سوچتے اسکی آنکھ لگ گ ئی

ولی جب بھی اس چھوٹی سی نیلی آنکھوں والی گڑیا کو اٹھاتا تو وہ گلہ پھاڑ کر رونے لگ جاتی۔

نیلی بہت روتی تھی اور اسکے رونے سے اسے شدید کوفت ہوتی تھی ک ئی ی ک ئی ی گھنٹے وہ روتی رہتی ۔

اسکا دل چاہتا اسکا گلہ دبا دے

وہ دو سال کی تھی پورا گھر سر پر اٹھا لیتی تھی رو رو کر۔

وحید اور نگہت اسکے خوب نخرے اٹھاتے یہ بات ولی کو اچھی نہیں لگی تھی انکے پیار میں وہ حصے دار بن گ ئی ی تھی

اسکا دل چاہتا کہ وہ اسے اٹھا کر کہیں دور پھینک آئے وقت گزرتا رہا نیلی چار سال کی ہوئی ی

ولی اب ۹ کلاس میں تھا اب بھی ویسا ہی سنجیدہ سا خود سر نیلی کو تو کاٹ کھانے کو دوڑتا تھا نگہت بہت سمجھاتی اسے کہ تمہاری بہنوں جیسی مگر وہ نہ مانتا اسے بہن۔

نیلی کی بس ایک ہی دوست بنی تھی وہ تھی کرن اسکے پاس برابر والے گھر میں رہتی تھی اسکی ماں ہاجرہ بیگم اور نگہت کی بھی خوب بنتی تھی آپس میں۔

کرن دو سال بڑی تھی نیلی سے اور شرارتوں میں بھی دو ہاتھ نہیں چار ہاتھ آگے تھی۔

وہ اسے لیکر ولی کے روم میں آجاتی اور اسکی ساری چیزیں الٹ پلٹ کر رکھ دیتی۔

جیسے ولی کمرے آتا تو وہ نو دو گیارہ ہو جاتی اور پیچھے نیلم اپنے قدم ہی نہ بڑھا پاتی اور وہی سن ہو جاتی۔

ولی اسے ڈانٹ کر باھر بھگا دیتا اور روتی ہوئی نکلتی اسکے روم سے ۔

ایک دن کرن نیلی کے ساتھ لکا چھپی کھیل رہی تھی پہلے کرن چھپی تو نیلی نے اسے ڈھونڈ لیا پھر نیلی چھپی کرن نے ڈھونڈ لیا ایسے باری باری ایک چھپتی ایک ڈھونڈتی اب باری نیلی کے چھپنے کی تھی۔

وہ ولی کے روم میں آگ ئی ی چھپنے یہی اسنے غلطی کی ولی اپنے نوٹس بنا رہا تھا بیڈ پہ بیٹھے دو گھنٹے کی محنت سے اسنے اپنے نوٹس تیار کی ئے اور نوٹس بیڈ کی سائیڈ ٹیبل پر رکھ کر واش روم چلا گیا نوٹس کے ساتھ ہی پانی کا گلاس بھرا پڑا تھا۔

نیلی بیڈ کے نیچے گسنے لگی تو اسکا ہاتھ گلاس کے ساتھ ٹکرایا وہ فورن سے بیڈ کے نیچے گھس گ ئ ی عین اسی وقت ولی واشروم سے باہر نکلا جیسے ہی وہ بیڈ کے پاس گیا اسے اپنے بھیگے ہوئے نوٹس نظر آئے یہ دیکھ کر اسکا دماغ گھوم گیا اس کی ساری محنت پر پانی پھر گیا۔

اسنے اپنا ہاتھ سر پہ مارا ایک دم اسکی نگاہ بیڈ کے نیچے چھوٹے چھوٹے پیروں پر گ ئ ی غصے سے اسنے ایک ہاتھ سے دونوں پیر پکڑے اور باہر کی طرف کھینچا۔

اور نیلی بیڈ سے باہر گسیٹتی چلی آئ ی نیلی آنکھیں خوف سے پھیل گ ئ ی ۔

ولی نے جھک کر اسے کاندھوں سے دبوچا ہوا تھا

یہ کیا کیا تم نے میرے سارے نوٹس خراب کر دی ئے "

ساری محنت برباد کر دی تمہیں تو میں چھوڑوں گا نہیں"

اور کہتے ساتھ ہی اسکا ہاتھ اٹھا تھا کہ گہت کی آواز آئی ی اور ہاتھ وہی رک گیا۔

ولی کے چلانے کی آواز سے وہ ولی کے کمرے کی طرف بھاگی جبکہ کرن تو وہاں سے غائب ہی ہو گ ئی ی۔

یہ کیا کر رہے تھے ولی تم ہوش میں تو ہو کیوں اس بیچاری بچی کے پیچھے ہی پڑ گ ئی ے ہو" پاس آکر نیلم کو جھٹ سے اٹھا کر اپنے ساتھ لگایا جو رو رہی تھی ۔

اور ولی کے سامنے آکھڑی ہوئی اور سر اٹھا کے ولی کو دیکھتے ہوئے بولی ولی کا قد نگہت سے اونچا تھا اب

تو اس بیچاری نے بھی تو دیکھے کیا کیا ہے میرے نوٹس کے ساتھ "۔اپنی بھاری اور مردانہ آواز میں ولی نے نوٹس سامنے کرتے جواب دیا۔

وہ بچی ہے اسے نہیں پتا چلا ہو گا اور تم اس پر ہاتھ اٹھا رہے تھے ولی

"

اور آپ لوگ کیا کر رہے ہیں اسکی وجہ سے مجھ سے دور ہو رہے ہیں" نیلی کی طرف انگلی اٹھا کے کہا۔

نگہت بول ہی نہیں پائی ی نہ میں سر ہلا یا۔

آپ اسکی وجہ سے مجھے اگنور کرتے ہیں مجھے ڈانٹتے ہیں میں ہی غلط ہوں ہر وقت "

نہیں نہیں ولی بٹا ایسا نہیں ہے تم ہمیں زیادہ عزیز ہو ہاتھ بڑھا کر ولی کے چہرے کو چھونا چاہا مگر ولی عین اسی وقت پیچھے ہٹا اور گردن نفی میں ہلاتا ہوا گھر سے باہر چلا گیا۔

نگہت کا ہاتھ ابھی بھی ویسے ہی ہوا میں تھا اور سکتے کھڑی تھی دوسری طرف کاندھے کے ساتھ لگی نیلی رو رہی تھی۔انھیں تو سمجھ ہی نہیں آ رہی تھی کہ ہوا کیا ہے ولی نے کتنا کچھ بول دیا بغیر سوچے۔

دوپہر سے ولی گھر سے باہر نکلا تھا شام سے رات ہو گئی اب تک گھر نہ لوٹا نگہت کو فکر ہونے لگی نا جانے کہاں چلا گیا ولی۔

دروازہ کھلنے کی آواز آئی ی وہ بھاگ کر دروازے کی طرف لپکی مگر دروازے پر ولی کے بجائے وحید صاحب داخل ہوئے

آپ ہیں" وہ مایوسی اندر کی جانب مڑی۔

کیوں کسی اور کو ہونا چاہے" اسکے پیچھے اندر کی طرف بڑھتے وحید نے پوچھا۔

"ہاں ولی کو۔

دوپہر سے لڑ کر نکلا ہے اب تک نہیں آیا مجھے فکر ہو رہی ہے اسکی" وحید پلیز اسے ڈھونڈے مجھے میرا ولی چاہیئے نگہت نے روتے ہوئے ولی سے کہا۔

وحید نے نگہت کو دونوں بازوؤں سے سہارا دے کر نگہت کو صوفے پر بٹھایا اور اس سے وجہ پوچھی ولی کے لڑنے کی۔

نگہت نے دوپہر میں ہوئی ساری بات وحید کو بتائی ۔ وحید کو تو غصہ ہی آگیا ولی کی اس حرکت پر۔

" کیا چاہتا ہے آخر یہ لڑکا کیا کچھ نہں کیا ہم نے اسکے لئے

وحید میرے بچے کو دیکھیں کہاں گیا ہے اسے ڈھونڈ کر لائی یں پلیز" نگہت نے رندھی ہوئی آواز میں وحید کی منتیں کی۔

بس رہنے دو کہیں نہیں جانا اسے ڈھونڈنے خود ہی آجائے گا واپس دو ٹوک انداز میں بات کرتے کمرے میں چلے گئے ۔

نگہت کو تو سکون ہی نہیں آرہا تھا ولی تو اسے اپنی جان سے بھی عزیز تھا

نیلی سو رہی تھی اور وہ خود باہر صحن میں ٹہل رہی تھی اداس سی آنسوں خشک ہو چکے تھے وحید بھی غصہ ہو رہے تھے ولی پہ۔

10 بج رہے تھے جب ولی گھر آیا نگہت تو ولی کی ہی راہ تک رہی تھی جیسے ہی ولی اسے دروازے سے اندر آتا نظر آیا نگہت آنکھوں میں آنسوں لیئے پر شکوہ نگاہوں سے اسے تک رہی تھی

وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتا اس تک آیا اپنی ماں جیسی ہستی کی آنکھوں میں اپنی وجہ سے آنسوں دیکھ کر مزید شرمندا سا ہو گیا

سوری ماما مجھے آپ سے ایسے بات نہیں کرنی چاہیئے تھی " نگہت اسکے سینے سے لگی آنسوں بہانے لگی اسنے بھی

ماں کے گرد بازو حائل کئے چند آنسوں آنکھ سے بھی بہہ نکلے بہت مضبوط بن رہا تھا وہ مگر آج ماں کے آگے کمزور پڑ گیا اس سب کی زمہ دار اسے نیلی ہی لگی

پیچھے کھڑے وحید صاحب ان دونوں ماں بیٹے ایموشنل سین دیکھ رہے تھے

اگر تم لوگوں کا ڈرامہ ختم ہو گیا ہو تو آج کھانا مل جائے گا یا بھوکے سونا پڑیگا "

نگہت فورن انسوں صاف کرتی ولی کو فریش ہو کر کھانے کے لیئے آتے کا کہہ کر کہتی کچن کی جانب چلی گ ئی

اور ولی اور وحید ابھی بھی اسی پوزیشن میں کھڑے ہوئے تھے ولی نے نظریں جھکا رکھی تھی جبکہ وحید اسے غصے سے گھور رہے

اب کھڑے کیوں ہو کیا کہہ کر گ ئی ہے تمہاری ماں جاؤ او جلدی سے کھانے کی ٹیبل پر ملو وحید سخت لہجے میں بولتے اندر چلے گ ئے

اسے سخت شرمندگی ہو رہی تھی آج اپنے روئیے پہ یہ سب اس نیلی کی وجہ سے ہوا ہے نہ وہ میرے نوٹس خراب کرتی نہ مجھے غصہ آتا

کچھ دیر بعد وہ تینوں کھانے کی میز پر بیٹھے ہوئے تھے مگر خاموشی برقرار تھی وحید نے کھانا ختم کیا اور ولی کی طرف مخاطب ہوا

دیکھو ولی تم اب بڑے ہو گئے ہو سمجھدار بھی ہو اگر تم میرے بھائی کے بیٹے ہو تو نیلی بھی نگہت کی بہن کی بیٹی ہے جو باپ کے ہوتے ہوئے بھی لاوارث ہے تم دونوں ہماری زمہ داری ہو ہمارے پاس جو کچھ بھی

ہے صرف تمہارا ہے نیلی کل کو بڑی ہو گی اسکی شادی ہو جائے گی اگلے گھر چلی جائے گی مگر ہمارے پاس صرف تم ہو اور تم ہی رہو گے ۔

ابا اپنی زندگی میں ہی یہ گھر تمہارے نام کر گئے تھے اور جو دو دکانیں ہیں وہ بھی تمارے نام ہے جاؤ نگہت ولی کو پر پرٹی کاغذات لادو اسکے حوالے کر دو سب ہم اسے کچھ نہیں چھین رہے جسکا اسے ڈر ہے سخت رویہ رکھتے وہ چپ ہوئے

نہی ماما مجھے کچھ نہیں چاہیئے پلز مجھے بس آپ دونوں چاہیئے بس نیلی سے مجھے کوئی پروبلم نہیں بس اب میں اسے کچھ نہیں کہوں گا بس غصہ آجاتا ہے اب

آپ دونوں کو مجھ سے کوئی شکایت نہیں ہو گی پلیز مجھے معاف کر دیں وہ شرمندہ سا ہوا تھا دونوں کے سامنے

نگہت نے اٹھ کے اسے گلے سے لگا لیا کوئی بات نہیں تمہیں احساس ہوا یہی کافی اور اسکا ماتھا چوما

نیلی کو تو وہ ہر گز نہیں معاف کرنے والا یہی سوچ اسکی آج کا سارا ملبہ وہ نیلی کے سر ڈال چکا تھا

نیلم اسکول یونیفارم میں مکمل تیار اسکے سرہانے کھڑی تھی اور وہ دنیا جہاں سے بیگانہ اندھے منہ بیڈ پر آڑا ترچھا پڑا ہوا تھا بلیک بنیان کے ساتھ بلیک ٹراؤزر پہنے ہوئے تھا

نیلی کب سے کھڑی سوچ رہی تھی کیسے اٹھائے اسے ایک ہلکی سی آواٰدی ولی بھا۔۔۔(اب ولی بھائی مت کہنا شوہر ہے وہ اب تمہارا گناہ ہوتا ہے نکاح ہو گیا ہے تم دونوں کا بلقیس نے اسے نکاح کے بعد اسے سمجھایا تھا جب اسنے ولی کو دو تین بار ولی بھائی کہا تھا) یہ سوچ آتے ہی اسکی زبان بھا پہ رک گ ئی ی تھی

ولی اٹھ نہیں رہا تھا اور وہ اٹھاتے ہلکان ہو رہی تھی ہلکی دو تین آوازیں دی ولی کو لیکن بے سود بھر تھوڑی تیز آوازیں لیکن کوئی فائدہ نہی

پھر تھوڑی ہمت کر کے اسکے کندھے پر ہاتھ رکھ کر ہلکا سا ہلایا ولی ۔۔۔۔۔ مگر کوئی ی فرق نہیں

اف۔۔۔ پھر اسنے اسکا کندھا ہی پکڑ جھنجھوڑ دیا اور تیز آواز میں پکارا ولییی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

وہ بڑبڑاتا بیڈ سے اترا کیا ہوا کیا ہو گیا ہے سرخ ہوتی آنکھوں سے اسے گھور رہا تھا وہ اسکول یونیفارم میں مکمل تیار کھڑی تھی

گھنٹے ہو گئے اٹھاتے ہوئے مجھے اسکول سے دیر 10 ہو رہی ہے اٹھ ہی نہیں رہے رات کو ہل چلاتے رہے تھے کیا۔

اسکی گھورتی نظروں سے خائف ہونے کے بجائے اسنے نڈر ہو کر اسے جواب دیا ناک غصے سے لال ہو رہی تھی

اس پر سے نظریں ہٹا کر گھڑی کو دیکھا جہاں پونے آٹھ ہو رہے تھے

اوشٹ تم مجھے جلدی نہیں اٹھا سکتی تھی آج تمہاری وجہ سے دیر ہوری ہے" جلدی الماری سے اپنی بلیک شرٹ اسکے منہ پر دے ماری جلدی پریس کرو اسے میں پانچھ منٹ میں آیا ادھم مچاتا وہ واشروم میں گھس گیا

نیلی غصے سے اسکی شرٹ پکڑ کر استری کرنے چلدی اور جلدی سے اسکی شرٹ پریس کری اور اسکے باہر آنے سے پہلے ہی شرٹ روم میں رکھ کر باہر نکل گ ئی ی

وہ شاور لیکر باہر نکلا تو بیڈ پر شرٹ پریس پڑی تھی جلدی سے شرٹ پہن کر تیار ہوتا وہ کمرے سے باہر آیا باہر نیلی اسی کے انتظار میں کھڑی تھی

ناشتہ کرلیں" نیلی نے ٹیبل کی طرف اشارہ کیا جہاں وہ ناشتہ لگا چکی تھی

دیر ہو رہی تھی اسنے ہاتھ میں بندھی گھڑی میں ٹائم دیکھا جہاں سوئی ی آٹھ بجانے والی تھی مطلب وہ آفس سے لیٹ ہو جائے گا لیٹ تو نیلی بھی ہوگ ئی ی تھی

نہیں دیر ہو رہی ہے چلو" جلدی ایک ہاتھ میں بائی یک کی چابیاں اور دوسرے ہاتھ میں آفس بیگ لی ئے باہر نکل گیا

پیچھے سے نیلی نے ناشتے کے برتن جلدی سے اٹھا کر سنک میں پھینک کر ان سے آکر نبٹنے کا ارادہ کرتے باہر دوڑی

نیلی باہر نکلی ولی نے گیٹ اچھے سے لوک کیا اور بائی یک پر بیٹھ کر اسے اسٹارٹ کی نیلی ابھی گیٹ پر کھڑی تھی اسے بائی یک پر بیٹھنے سے ڈر لگ رہا تھا۔

جلدی آؤ یار دیر ہوگ ئی ہے پہلے " اسکی نظر سامنے والے گھر پر گ ئی ی جہاں کرن کی ماں ان دونوں کو دیکھ کر مسکرا رہی تھی کچھ چلتے پھرتے محلے کے بزرگ بھی انہیں ایک ساتھ دیکھ کر مسکرا رہے تھے ولی کو انکی نظریں عجیب سی لگی

اتنے میں نیلی بھی اسکے پیچھے بائی یک پر آ کر بیٹھ گ ئی ی تھی

اب ولی کو انکا انہیں دیکھ کر مسکرانا سمجھ میں آیا جسے نیلی نے محسوس ہی نہیں کیا

نیلی بائی یک پہ بیٹھی ڈر رہی تھی کہ کہیں گرا ہی نہ دے اور درود پاک کا ورد بھی کر رہی تھی ولی اسکا ڈرنا محسوس کر چکا تھا نیلی نے اسے کندھے سے زور سے پکڑا ہوا تھا

اور پانچ منٹ میں وہ اسکول کے سامنے تھے

نیلی نے شکر کا سانس لیا وہ سہی سلامت اسکول پہنچ گ ئی ی ہے

چلو تمہاری پرنسپل سے بھی بات کر لوں پورا مہینہ سوگ منایا ہے اسکے لی ئے ..

ڈر تو ایسے رہی تھی جیسے میں تمہیں گرادو گابی کو نفیڈینٹ یار پتا نہی کیسے گزارا کروں گا اس نالائی یک کے ساتھ.. سن گلاسس اتارتا جیب کے ساتھ لٹکاتا وہ اسکول کے اندر کی جانب بڑھ گیا نیلی بھی اسکے پیچھے کندھے پہ بیگ لٹکائے اندر بڑھ گ ئی ی وہ بسس نالائی ک کہنے پہ کڑھ کہ رہ گ ئی ی پوری بات وہ سمجھ نہ سکی

پرنسپل آفس کی طرف وہ دونوں بڑھ رہے تھے ایک ٹیچر نے انھیں بتایا کہ آج پرنسپل چھٹی پر ہے وہ اسکی کلاس ٹیچر سے مل لیں۔

اب وہ دونوں اسٹاف روم میں تھے اسکول لگ گیا تھا کلاس اسٹارٹ ہوگئی تھی اسلیئے ٹیچر کچھ دیر بعد آئی ی

مس حبہ اسٹاف روم میں انٹر ہوئی یں تو سب سے پہلے سلام کیا

اسلام علیکم "۔۔۔ نظریں تو بس مقابل کھڑی شخص پر ہی ٹھر " گ ئی ی بلیک شرٹ پہ براؤن ڈریس پینٹ پہنے لمبا قد چوڑی جسامت صاف شفاف رنگت وہ اگلے بندے

کو حیرت میں ڈال گیا وہ جواب دینے کے لیئے کھڑا ہوا مگر دوسرے کو حیرت میں دیکھتا ہوا بولا

وعلیکم سلام "دونوں بیٹھ چکے تھے"

مس حبہ کے منہ سے ولی کا نام نکلا" کیسے ہیں ولی آپ "خوشی اور حیرت کے ملے جلے تاثرات میں وہ ولی سے مخاطب ہوئی ی

ہم فائی ن " اسنے دو لفظی جواب دیا۔ نیلی تو حیران ہوئی ی مس حبہ کو دیکھ کر کہ وہ ولی سے ایسے بات کر رہی تھی جیسے وہ ولی کو پہلے سے جانتی ہو مگر اسکے مقابلہ میں ولی کے ایکسپریشن نارمل تھے

مجھے پرنسپل سے کام تھا آئی ی تھنک آج ٹائم ویسٹ ہو گیا "گھڑی دیکھتا ہوا بولا

آپ مجھ سے بات کر سکتے ہیں" وہ دھیمے لہجے میں ہلکا سا مسکرا کر بولی

ہم وہ میں نیلم کی بارے میں بات کرنے آیا تھا ایکچولی ہماری ماما" کی دیتھ ہو گ ئی ی تھی اسلی ئے نیلم پچھلے ایک منتھ سے ایبسنٹ تھی" وہ اپنی بات کہہ کر خاموش ہوا

جی آئی نو نیلم کی مدر کا پتہ چلا تھا بہت افسوس ہوا تھا " سن کر

آپ نیلم کے بھائی ہیں " وہ دونوں کی طرف خود کا " اندازہ لگاتے ہوئے بولی

نہیں"۔۔۔وہ تیوری چڑھا کر بولا ہمارے پیرنٹس نہیں ہے مگر وہ ہماری ماں ہی تھی میری تائی اور نیلم کی خالہ میں کل آؤں گا پرنسپل سے ہی بات کروں گا

سن گلاسس آنکھوں پہ لگاتا کھڑا ہوا

مارے تجسسس کے مس حبہ نے ایک اور سوال پوچھا کھڑے ہوتے ہوئے

تو نیلم کیا آپ کے ساتھ رہتی ہے اسکا کوئی نہیں ہے اور "
" ریلیٹوز میں

میں آپ کو نظر نہیں آرہا" دھیما سا مسکراتا طنز کر گیا"

نہیں وہ میں "مس حبہ ہڑبڑا گئی ی اتنا پرسنل سوال "
کرنے پہ اور نیلم سے بولی
نیلم آپ کلاس میں جائے شاباش میں وہیں آکر آپ "
" سے بات کرتی ہوں

پورا منتھ غیر حاضر رہی ہے نیلم تو پڑھای کا کافی لاس ہوا ہے"
سلیبس کمپلیٹ ہو چکا ہے نائن کلاس کے ایک ویک کے بعد
پیپر اسٹارٹ ہیں.. ڈونٹ وری میں ہیلپ کر دوں گی اسکی" مس
حبہ نیلم کے پاس اسکے کاندھے سے کاندھا ملا کر کھڑی ہوئی ی
ولی کو دیکھتے بولی

دونوں کی ہائی ہیٹ سیم تھی حبہ بال کھلے چھوڑے ایک
سائیڈ سے آگے کی ئے ٹیچر گاؤن پہنے ڈوپٹہ بس
کاندھے پر جھول رہا تھا چھوٹی آنکھیں میکپ کی ئے
جبکہ ساتھ کھڑی نیلم سادگی میں پر کششش لگی سفید
اسکارف میں لپٹا چہرہ بے حد معصوم لگا

وہ ایک ہی پل میں دونوں کا موازنہ کر گیا دوسرے ہی پل سر جھٹکتا باہر نکل گیا مگر پھر کچھ یاد آنے پر واپس آیا

نیلم "۔۔۔ نیلم اور حبہ دونوں نے اسکی طرف دیکھا جو دونوں" اب آمنے سامنے کھڑی تھی حبہ نیلم سے کچھ جاننے کا ارادہ رکھتی تھی مگر ولی عین بیچ میں آگیا اور دروازے میں کھڑا نیلم کو پکارا وہ کچھ پوچھ ہی نہ پائی تھی ابھی

ادھر آؤ زرا " ہاتھ سے اسے ساتھ آنے کا اشارہ کرتا " باہر کی جانب بڑھا اور نیلم بھی جی کرتی بیگ وہی چئیر پہ رکھتی باہر آئی

حبہ کو ان دونوں کا ایک ساتھ دیکھنا ناگوار گزرا تھا کلاس بھی لینی تھی اس لیئے اب وہ بھی اپنی کلاس میں جا چکی تھی

اب وہ دونوں اسکول کے گارڈن میں کھڑے تھے جہاں کوئی ی نہیں تھا

"جی بولیں آپ مجھے اسکول سے باہر کیوں لے آئے"

"دیکھو اپنی پڑھائی ی پہ دھیان دینا اور اس حبہ سے دور رہنا اسکے کسی بھی الٹے سیدھے سوال کا جواب دینے کی ضرورت نہیں ایک بات اور ہمارے نکاح والی بات کسی سے مت کرنا ابھی جسٹ اپنی اسٹڈی پر فوکس کرو بسس جاواب"

اوکے "سر ہلاتی نیلی اسکول میں چلی گ ئ ی اور ولی گھڑی میں وقت دیکھتا جنھجلا اٹھا اف ۹ بج گ ئے پورا ایک گھنٹا لیٹ ہوگیا ہوں آفس سے اب جانے کا کوئ ی فائ دہ نہیں یونیورسٹی ہی چلا جاتا ہوں اس نیلی کی وجہ سے دیر ہوگ ئ ی مصیبت

🌹🌹🌹🌹🌹🌹

(ماضی)

اس دن کے بعد سے ولی کا نیلی سے کم سامنا ہی ہوتا تھا نگہت اب نیلی کو ولی سے دور ہی رکھتی تھی کرن بھی اب تب ہی آتی نیلی سے کھیلنے جب ولی گھر نہ ہوتا۔

وقت گزرتا رہا نیلی اب ۹ سال کی تھی اسکے مزاج میں بھی سنجیدگی تھی اسے نگہت نے بتایا تھا کہ وہ اسکی سگی اولاد نہیں ہے بلکہ اسکی بہن کی بیٹی ہے اسے یہ بات کسی اور سے پتا چلے اس سے پہلے خود ہی نگہت نے یہی سوچ کر اسے ساری بتا دی تھی

اور نیلی نے بھی اسے کھلے دل سے ماں قبول کیا انہیں بتایا کہ پالنے والا پیدا کرنے والے سے زیادہ بڑا ہے اسے اپنی ماں کا افسوس ہے مگر نگہت اسے ماں سے بھی زیادہ عزیز ہے اور وحید صاحب باپ سے بڑھ کر جو باپ کے ہوتے ہوئے بھی لاوارث ہو گئی تھی

ایک دن وہ صحن میں لگے درخت کے نیچے شاخ سے باندھے گئے رسیوں والی پینگ نما جھولے میں بیٹھی کتاب ہاتھ میں لیئے آہستہ جھولا جھولتی پڑھ رہی تھی

تب ھی دروازے سے ولی انٹر ہوااور پھر اسکے ساتھ ہی ہستا ہوا ارمان نے دروازے سے اینٹری دی دونوں بہت اچھے دوست تھے کالج سے انکی دوستی ہوئی ی تھی ارمان کی طبیعت ہی ایسی تھی ہر ایک سے گھل مل جانے کی وہ ولی کا اچھا دوست بننے میں کامیاب ہوا وہ درمیانا قد گندمی رنگت نیچرل اٹریکشن تھی اس میں اور اسکا ہنس مکھ مزاج ہر کوئی ی اسکا اسیر ہو جاتا

نگہت کچن میں تھی شام کا کھانا تیار کر رہی تھی ان دونوں سے بے خبر نیلی اپنی کتاب میں گم تھی اب وہ دونوں ساتھ چل رہے تھے اسکے پاس سے گزرتے ہوئے ارمان کی نظر نیلی پہ پڑی اسکے قدم وہی جم گ ئے جبکہ وہ پیلے کلر کی پرینٹیڈ چھوٹے پھولوں والی فراق پہنے جو اسکی دودھیا رنگت پہ بہت جچ رہی تھی سنہری لمبے بالوں کی دو چٹیا بنائے آگے کو کی ئے کتاب پڑھنے میں مصروف تھی

ارمان کو تو جیسے کسی پری کا گمان ہوا نیلی نے صرف آنکھیں اٹھا کر دیکھا جبکہ سر جھکا ہوا ہی تھا

ارمان اسکی اوشین بلو آئی یز دیکھ کر ٹھٹکا واؤ ہائے سنو وائی ٹ اسے خود کو تکتا پا کر ارمان نے ہاتھ لہرا کر اسے ہائے کہا

وہ کنفیوزڈ ہو گ ئی ارمان کو دیکھ کر پھر اسکا ہائے کہنا سمجھ نہیں آیا کیا کہے اسے

تم اندر جاؤ ولی سخت مگر دھیمی آواز میں اسے اندر جانے کا کہا اور وہ ایک منٹ کی بھی دیر کیے بغیر جھٹ سے اندر بھاگ گ ئی ی

ارمان ولی کا نیلی کے ساتھ اس رویہ سے حیران ہوا

" یہ پری کون تھی اور اتنا روڈ بہیویر کیوں تھا اسکے ساتھ تیرا ہاں

شٹ اپ اندر آنا ہے تو آو ورنا وہ دراز ہے" ولی اسے دروازہ دکھاتا گھر کے اندر داخل ہوا ارمان بھی ڈھیٹو کی طرح اتنی انسلٹ ہونے کے باوجود بھی اسکے پیچھے گھر کے اندر داخل ہوا

کچن میں سے نگہت نکلی اور ولی کو اسکے دوست کے ساتھ دیکھتے اسکے پاس آئی ی ارمان نے جھک کر نگہت سے پیار لیا نگہت نے خوش ہو کر اس کے سر پر ہاتھ پھیرا

کچن کے دروازے سے پھر ارمان کو وہی پری نظر آئی ی

آنٹی آپ کے گھر کیا کوئی ی پری رہتی ہے ارمان نے کچن کی طرف دیکھتے ہوئے پوچھا

کیا مطلب میں سمجھی نہیں نگہت نے نہ سمجھی سے اسے دیکھا پھر اسکی نظروں کے زاویہ سے کچن کی طرف دیکھا پھر اسے بات سمجھ آئی ی

ولی تو ارمان کا نیلی کی طرف انٹریسٹ لینے پہ کڑھ کے رہ گیا

نیلی باہر آؤ" ادھر نیلی نگہت کی آواز پہ دھیرے دھیرے چلتے نگہت کے پاس آکر کھڑی ہوئی اور نگہت کا بازو پکڑ لیا دونوں ہاتھوں سے

ولی تو نیلی کو کھا جانے والی نظروں سے گھور رہا تھا اسے سب نے اگنور کیا سوائے نیلی کے

اوہ نیلی نائی س نیم" ارمان اسے دیکھتے ہوئے کہا

ولی نے نظروں سے ہی اسے وہاں سے جانے کا اشارا کیا جو وہ سمجھ چکی تھی اور وہ وہاں سے بھاگ کر کمرے میں آگ ئی ی

یہ کہاگ ئی ی مجھے دیکھتے ہی بھاگ جاتی ہے" ارمان نے کہا

تیری شکل ہی ایسی ہے دیکھ کر ہی وہ ڈر جاتی ہو گی اسلی ئے بھاگ جاتی ہے" ولی نے کاٹ دار لہجے میں کہا

اب ایسی بھی کوئی ی بات نہیں وہ مجھ سے نہیں تجھ سے ڈرتی ہے " ارمان نے بھی اسکا جملہ اسے لٹایا

ولی جاؤ فریش ہو کر آؤ میں چائے بنواتی ہوں دونوں کیل ئے" انکو سیریس ہوتا دیکھ نگہت جھٹ سے لی سے بولی

ولی ارمان کو گھورتا کمرے میں چلا گیا ارمان تو حیران ہوا تھا اسکے ایسے رویہ پہ

آنٹی کیا نیلی اور ولی کی لڑائی ہوئی جو اسے اتنا کھچا کھچا سا ہے"

"نہی بیٹے بنی ہی کب اسکی جو لڑائی ہو"

وہ افسوس سے سر ہلا گئی ں

تو پھر کیا وہ اسکی بہن نہیں ہے" ارمان کو تجسس ہوا

"نہیں

ہمم لگتی بھی نہیں پھر وہ آپ کی بیٹی ہے" ارمان ایک اور سوال کیا

نہیں وہ میری بہن کی بیٹی ہے وہ تو نیلی کے پیدا ہوتے ہی چل بسی
" باپ نے بھی اپنانے سے انکار کر دیا

پھر میں اسے یہاں لے آئی ی اپنے ساتھ مگر ولی کو پتا نہیں کیوں اسے اللہ واسے کا بیر ہے بچی سے ہم نے دونوں کو برابر رکھا مگر ولی کو پتا نہیں کیوں ایسے لگتا
" ہے کہ جیسے اسکی اہمیت کم ہو گ ئی ہے

بس بچی ڈراتا رہتا ہے" نگہت نے مختصر ساری کہانی بتاتی افسردہ ہو ئی تھی آنکھیں نم ہو گ ئی

ارمان نے نگہت کا ہاتھ اپنے دونوں ہاتھوں میں لیا اور کہا آنٹی آپ کو پریشان نہ میں ہوں سب ٹھیک کر دوں گا میں نیلی کا بھائی ہوں اور آج سے وہ میری بہن ہے اب آپ پریشان نہ ہوں یہ ولی کی ساری جیلسی ہے نیلی سے بسس"

جائے اچھی سی چائے بنائے مزے والی" مسکرا کر کہا جواباً نگہت بھی مسکراتی اسکے سر پر ہاتھ پھیرتی کچن میں چلی گ ئی

پھران دونوں چائے پی اور ساتھ گپ شپ بھی پھر ارمان نے دوبارہ نیلی کا نہیں پوچھا اور کافی دیر بعد باتیں کرنے کے بعد ارمان گھر چلا گیا

پھر ارمان کا گھر آنا جانا لگا رہا چار پانچ دن بعد ارمان ولی کے گھر آتا وہ نیلم کیلئے چاکلیٹس بھی لاتا پہلے نیلم جھجکتی تھی ارمان سے پھر آہستہ آہستہ اس کی دوستی ہوگئی ارمان سے اب وہ کھل اٹھتی تھی ارمان کو دیکھ کر

نیلی شام کو جھولا جھول رہی تھی صحن میں جب ارمان دروازے سے اندر داخل ہوا نیلی ایک دم جھولے سے چھلانگ مار کر اتری ارمان کے سامنے جا کھڑی وہ پنک کلر کی پرینٹیڈ فراک پہنے ہمیشہ

کی طرح لمبے سنہری بالوں کی دو چوٹی کی ئے ہوے تھی ارمان بھی اسکے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا دو چاکلیٹس اسکے آگے لہرا دی

عین اسی وقت اسکے پیچھے سے دروازے سے ولی انٹر ہوا نیلی نے اسے دیکھا تو فوراً ارمان سے چاکلیٹس چھینتی وہاں سے اندر کی جانب بھاگی ارمان جو ابھی نیلی سے کچھ کہنے والا تھا نیلی کی اس حرکت پہ ولی کو گھور کے دیکھا اور کھڑا ہوا

کیوں بچی کو ڈراتے رہتے ہو جن کی اولاد اتنی کیوٹ سی پری ہے

" اور تو کالا دیو بنا رہتا ہے

شٹ اپ" اور اندر چل میں نے کچھ نہیں کہا اسے "ولی ایسے ہی اسکی باتوں پر اسکی کافی عزت افزائی ی کر دیتا تھا مگر وہ اس پر کوئی ی اثر نہیں تھا

چھ مہینے ہو گ ئے تھے ارمان تو جیسے اس گھر کا فرد بن چکا تھا اسکا آنا جانا لگا رہتا تھا ارمان کو تو جیسے ایک فیملی مل گ ئی ی تھی

ارمان اپنے ماں باپ کی اکلوتی اولاد تھی اسکی کی ماں کا کچھ عرصہ پہلے انتقال ہو چکا تھا وہ اور اسکا باپ ہی ایک دوسرے کا سہارا تھے وہ دوسرے شہر پڑھائی کی وجہ سے آیا تھا یہاں آکر اسنے کالج میں ایڈمیشن لیا تھا تب ہی اسکی دوستی ولی

کے ساتھ ہوئی تھی اب انکی دوستی کو بھی دوسال ہونے کو تھے تبھی وہ اب اچھے دوست بن چکے تھے اب وہ دونوں بی ایس کر رہے تھے اور انکا لاسٹ ائی یر چل رہا تھا

وہ دونوں ایک ہی اکیڈمی میں بھی پڑ رہے تھے کالج کے بعد شام کو وہ اکیڈمی بھی پڑتے تاکہ انکے پیپرز کی تیاری اور اچھی ہو جائے چھ مہینے پہلے انہوں نے اس اکیڈمی ایڈمیشن لیا تھا اور ولی تو سخت بیزار ہوتا تھا اکیڈمی سے کیونکہ ایک آفت پڑ گ ئی ی تھی اسکے پیچھے مگر پڑھنا بھی تھا خواب جو اتنے بڑے دیکھے تھے اسنے ایک بہت بڑے بزنس مین بننے کے

اور وہ آفت اس اکیڈمی میں اسکے پیچھے پڑی ایک لڑکی جو تھی حبہ وہ اسکے آگے پیچھے گھومتی بہانے بہانے سے اسکے پاس آکر بیٹھ جاتی ادھر ادھر کی ہانکتی رہتی پوری کوشش تھی کہ ولی سے دوستی ہو جائے مگر ولی اسے گھاس نہ ڈالتا وہ اسکی طرف دیکھنا بھی گوارا نہ کرتا ٹائٹ جینس شارٹ قمیض گھٹنوں سے اوپر.. بالوں کی اونچی ٹیل پونی گلے میں دوپٹا فیشن کی شوقین پڑھائی ی میں بس ٹھیک ولی کو ایک آنکھ نہ بھاتی

اور اسکی حالت ارمان خوب انجائے کرتا اور اس سے بات ضرور کہتا تجھے نہیں چاہئے تو میری سیٹنگ کروا دے

بچی پیاری ہے وہ پورے دانتوں کی نمائش کرتا ہوا بولا

ولی تو اسے کھا جانے والی نظروں سے گھورتا پیاری ہے تو خود کر سیٹنگ میرا دماغ خراب کرر کھا ہے

------🌹🌹🌹🌹🌹🌹

نیلم کو سکول چھوڑنے کے بعد وہ یونی آگیا اسکا ایم بی اے کا لاسٹ سیمسٹر تھا اور پیپر بھی قریب تھے اسلیئے وہ یہاں آگیا تھا ایک بجے وہ فری ہوا تو نیلی کا خیال آیا کہ اسے اسکول بھی لینے جانا ہے پہلے اسنے مارکیٹ کا رخ کیا تاکہ گھر کیلئے کھانے پینے کا سامان اور راشن لیلے

اوراب وہ نیلی کے اسکول کے باہر بائی یک پر دونوں ہاتھ باندھے کھڑا تھا ہر آنے جانے والے کی نظر کھینچ رہا تھا اسکول سے بچے باہر نکل رہے تھے تبھی کچھ دیر بعد نیلی بھی باہر آئی ی اسنے بھی ولی کو دیکھااوراسکے پاس آگ ئی ی اب وہ اسے بیٹھنے کا کہتے بائی یک اسٹارٹ کرنے لگا نیلی بائی یک پر بیٹھنے سے پھر گھبرانے لگی اب اسے پھر بیٹھنا ہے صبح بھی ولی نے اسے اچھی خاصی سنا دی تھی اور نکمی ہونے کا ٹائی ٹل بھی دے دیا تھا

بیٹھ جاؤ محترمہ تمارے لیئے مرسڈیز تولانے سے رہا فلحال
" اسپر ہی گزارا کرو

وہ منہ بناتی بیٹھ گ ئی تھی مگر اب ولی کو نہیں پکڑا بلکہ کچھ فاصلہ بناتی بیٹھی تھی

ولی اسکی اس حرکت پہ ہلکہ سا مسکرایا اور کک مار کر بائی یک اسٹارٹ کی جیسے ہی بائی یک اسٹارٹ ہوئی ی نیلی فورن سے ولی کے ساتھ لگ گ ئی اور زور سے اسکا بازو پکڑ لیا ایک بھرپور مسکراہٹ نے ولی کے چہرے کا احاطہ کیا تھا اور اسنے بائی یک گھر کے رستے پہ ڈال دی

حبہ اسکول سے باہر نکل رہی تھی تبھی اسکی نظران دونوں پہ گ ئی اوراسکی آنکھوں نے یہ سارہ منظر دیکھا اور آخر میں ولی کی بھرپور مسکراہٹ اسکو بے چین کر گ ئی ی دور تک اس کی نظروں نے انکا پیچھا کیا

ولی نے گھر کے آگے جیسے ہی بائی یک روکی نیلی فٹ سے بائی یک سے اتر کر روازے کے پاس دیوار سے ٹیگ لگا کر کھڑی ہوگ ئی ی ولی نے بھی اتر کر دروازے کا تالا کھولنے لگا نظریں نیلی پہ ہی تھی جس کا گرمی اوردھوپ کی وجہ سے چہرہ سرخی مائی ل ہورہاتھاوہ منہ سوجائے سر جھکائے کھڑی تھی

گیٹ کھلنے کی آواز پہ اسنے سر اٹھا کہ نیلی آنکھوں سے ولی کو دیکھا جو بڑی سنجیدگی سے اسے ہی دیکھ رہا تھا اور دساتھ دروازے کو ھکا دے کر کھولا

نیلم فورن ہی گھر میں داخل ہوئی ی صحن سے ہوتی وہ گھر کے اندر آگ ئی ی جبکہ ولی بائی یک سے سامان اتارنے لگا جو مارکیٹ سے لایا تھا

سارا سامان جو اسنے خریدا تھا لا کر کچن میں رکھا نیلم بھی یونیفارم چینج کر کے کچن کی طرف آئی ی تھی ولی کچن میں ہی تھا

نیلم کو کچن میں دیکھا جو پنک کلر کا سوٹ پہنے دھلا ہوا شفاف چہرہ لیئے اسکے سامنے کھڑی تھی

وہ اس سے نظریں چراتا ہوا بولا "سارا سامان کچن میں لے آیا ہوں اور دیکھ لو سب اور ہاں ساتھ ابھی کھانے کیلیئے بھی لے آیا ہوں کھانا لگاؤ میں فریش ہو کر آتا ہوں"

نیلم نے سارا سامان سودا دیکھا ہر ایک چیز وہ لایا تھا دال چاول مصالحہ اور ساتھ پھل اور سبزیاں بھی تھی سارا سامان اسنے ٹھکانے لگایا اور کھانا بھی ٹیبل پہ لگا دیا

ولی بھی فریش سا آیا ٹیبل پر کھانا لگا ہوا تھا نیلی پہلے سے ہی بغیر اسکا انتظار کیۓ کھانے کے ساتھ پورا انصاف کر رہی تھی

ولی نے ایک نظر اس پر ڈالی اور اپنے کھانے میں مصروف ہو گیا

شام کو نیلم لاؤنج میں اپنی کتابیں لے کر بیٹھی ہوئی تھی سارے سبجیکٹس دیکھ رہی تھی کس کی تیاری اچھی ہے اور کس کی تیاری کرنی ہے نائین کلاس کے پیپر تھے وہ کنفیوزڈ ہو رہی تھی

تب ہی ولی برابر میں آکر بیٹھا "سدا کی نکمی ہو تیاری کیا خاک ہو گی تمہاری کتابیں دیکھنے سے نہیں پڑھنے سے تیاری ہوتی ہے"

نکمی تو نہیں ہوں میں اب کلاس کی اچھی اسٹوڈنس میں سے ہوں" نیلی کو تو صدمہ لگا اسکی باتوں سے

اب وہ اسکے بکس دیکھنے لگا اور اسٹڈی کے متعلق سوال پوچھنے لگا ک ئی ی سوال کے جواب تو وہ سہی دیتی تو کچھ میں اٹک جاتی

اگلی صبح وہ دونوں ٹائم سے گھر سے نکلے پونے آٹھ وہ پرنسپل آفس میں تھے اور ولی اور پرنسپل میم آمنے سامنے بیٹھے تھے نیلی اور مس حبہ آفس کے باہر کھڑی تھی

مجھے بہت دکھ ہوا نگہت بہن کا سن کر بہت اچھی تھیں اللہ انہیں جنت نصیب کرے آمین پرنسپل "میم نے بہت دکھ سے کہا تھا

ولی نے بھی ساتھ میں آمین کہا

نگہت اسکول آتی رہتی تھی نیلی کی وجہ اسلیئے انکی کافی اچھی بات چیت تھی

نیلم سے بے فکر ہو جائیں وہ اچھی اسٹوڈنٹ ہے ریکور کرلے گی نیکسٹ ویک سے نائین کلاس کے پیپر اسٹارٹ ہو رہے ہیں اسلئے کافی توجہ دینی ہو گی" پرنسپل میم نے کافی صوبر انداز میں بات کی

ولی نے بھی ہاں میں سر ہلایا اور کچھ باتیں کرنے کے بعد وہ آفس سے باہر نکلا تو سامنے ہی حبہ ہاتھ باندھے نیلم کے ساتھ کھڑی تھی

ولی آہستہ چلتا ہوا ان کے پاس آیا اپنے سن گلاسس کے شیشوں کو شرٹ سے رگڑتے ہوئے نیلم سے بولا " اچھا میم سے میری بات ہو گئی ہے میں چلتا ہوں"

سن گلاسس کو آنکھوں پہ ٹکاٹاوہ باہر نکل گیا حبہ کو وہ سرے سے ہی اگنور کر گیا جیسے وہ وہاں ہو ہی نہ

حبہ کو سخت ناگوار لگی تھی یہ بات مگر وہ سوچ چکی تھی اب وہ ولی سے بات کر کے رہی گی

کہ اب بھی وہ اسے اتنا ہی چاہتی ہے جتنا تین سال پہلے اسکی محبت اب بھی ویسے ہی اسکے دل میں اسے امید تھی کہ ولی اسے پھر سے کہیں نہ کہیں پہ ضرور ملے گا

نیلم اسکا زریعہ بنے گی ولی کے دل تک پہنچنے کا اسلیئے اب وہ نیلم کیلیئے بے حد درجہ سوفٹ ہو گ ئی ی تھی

ولی آہستہ چلتا ہوا ان کے پاس آیا اپنے سن گلا سس کے شیشوں کو شرٹ سے رگڑتے ہوئے نیلم سے بولا سے " اچھا میم "سے میری بات ہو گ ئی ی ہے میں چلتا ہوں

سن گلا سس کو آنکھوں پہ ٹکاٹا تو وہ باہر نکل گیا حبہ کو وہ سرے سے ہی اگنور کر گیا جیسے وہ وہاں ہو ہی نہ

حبہ کو سخت ناگوار لگی تھی یہ بات مگر وہ سوچ چکی تھی اب وہ ولی سے بات کر کے رہی گی

کہ اب بھی وہ اسے اتنا ہی چاہتی ہے جتنا تین سال پہلے اسکی محبت اب بھی ویسے ہی اسکے دل میں اسے امید تھی کہ ولی اسے پھر سے کہیں نہ کہیں پہ ضرور ملے گا

نیلم اسکا زریعہ بنے گی ولی کے دل تک پہنچنے کا اسلیئے اب وہ نیلم کیلیئے بے حد درجہ سوفٹ ہو گ ئی ی تھی

تم زرا پیار سے سمجھاؤ گی تو مان جائے گا.. " وہ اسکے کاندھے پہ ہاتھ رکھتی دلاسہ دیتی بولی..

ولی جب لاؤنج میں آیا تو نیلم ضافہ پہ کتابیں پھیلائے بیٹھی اسکا ہی انتظار کر رہی تھی..

وہ اسے غصہ سے دیکھتا کمرے میں چلا گیا..

ماما ولی بھائی نے آج پڑھایا ہی نہیں.. وہ کافی دیر انتظار کرتی رہی پھر نگہت کے پاس آتی معصومیت سے بولی..

بیٹا آج تم خود پڑھ لو اسکی طبیعت ٹھیک نہیں ہے.." بلقیس نے اسے پیار سے سمجھاتے ہوئے بولا

..اور سر ہلاتی چلی گئی.. نگہت پریشان سی بیٹھی تھی

نگہت تم فکر نا کرو اب ٹھیک ہو جائے گا. اب جیسا میں سمجھاتی ..ہوں ویسا کرو. بلقیس اسے دلاسہ دیتی بولی

نیلم کی آنکھ کھلی گھڑی پہ ٹائم دیکھا گیارہ ہو گئے ہیں ایک دم سے ولی کا خیال آیا اسے تو بخار تھا.. جلدی سے اٹھی واشروم میں گھسی تھی کچھ دیر بعد منہ دھو کر کمرے سے باہر نکلی.. اور ولی کے ..کمرے میں آئی

ولی سو رہا تھا.. وہ کچھ دیر کھڑی اسے دیکھتی رہی کیا کرے اٹھائے کہ نہیں.. پھر ہاتھ بڑھا کر اسکے ماتھے پہ رکھ دیا جو ابھی بھی تپا ہوا تھا .. ولی نے آنکھیں کھولے سرخ ہوتی آنکھوں سے اسے دیکھا تو فوراً اس نے ہاتھ کھینچ لیا..

وہ.. مم.. میں آپکا بخار چیک کر رہی تھی.. لڑکھڑاتی آواز میں بولی..

میں ٹھیک ہوں.. وہ اسکی طرف کروٹ لیتا اسے بغور دیکھتا بولا.. دھلا سا شفاف چہرہ کالے دوپٹہ میں دمکتی گوری رنگت.. چہرے پہ بلا کی معصومیت نیلی آنکھوں کو بار بار جھپکاتی کوئی گڑیا ہی لگی

تھی اسے.. ایک پل کیلئے تو اسکا جی چاہا کہ اسکے پھولے ہوئے ..گلابی گالوں کو چھو کر دیکھے.. پھر اپنی سوچوں پہ لعنت بھیجی تھی تم جاؤ باہر چائے بناؤ میں آتا ہوں.. " اور وہ سر ہلاتی " ..باہر چلی گئی

اپنے دل کی منتشر ہوتی دھڑکنوں پہ ہاتھ رکھا تھا.. "نہیں میں اسکے بارے میں ایسا نہیں سوچ سکتا.. یہ ہمدردی ہے میری اسکے لئے.. یہ رشتہ کاغذی ہے. میں اس کے ساتھ کوئی تعلق نہیں بناؤں گا.. "نکاح کے وقت خود سے کئے گئے عہد کو یاد کرنے لگا.. وہ جو بے وجہ نفرت پہلے تھی اسکے دل میں نیلم کیلئے وہ تو کہیں باقی ہی نہیں رہی تھی.. ایک اٹریکشن تھی اس میں جو اسے اپنی طرف متوجہ کرتی تھی.. جو ہمیشہ اس سے دور رہنے کی

کوشش کرتا تھا مگر قسمت کے ہاتھوں اسکی ڈور اسی کے ہاتھوں میں آگئی..ہمت کر کے بیڈ سے اٹھا تھا..

فریش ہو کر باہر آیا تو..وہ ٹیبل پہ ناشتہ لگا کر اسی کا انتظار کر رہی تھی..

بریڈ اور ساتھ آملیٹ اور چائے رکھی تھی اسے بس یہی بنانے آتا تھا ناشتہ میں..

ولی نے بس چائے ہی لی اسکا جی نہیں چاہ رہا تھا کچھ کھانے کو..

آپ ڈاکٹر کے پاس چلے جاتے.. نیلم اسے بس چائے پیتا دیکھ
..بولی

ہم ٹھیک ہوں میڈیسن لے لی ہے میں نے..اور تم میری دادی
..اماں مت بنو..وہ ہلکا سا اسے ڈپٹتے بولا..تو وہ چپ ہو گئی

اسکول جانا شروع نہیں کیا تم نے ابھی تک کب کے پیرز ہو گئے
..ہیں سدا کیا نکمی ہی رہی..وہ بات بدلتا ہوا بولا

ابھی تو ختم ہوئے ہیں پیپرز اور میرے پاس نیو بکس نہیں
ہیں میٹرک کی..اور نکمی نہیں ہوں..پھر سے نکمی ہونے کا طعنہ
..برداشت نا ہوا..غصہ سے ناک سرخ ہوئی تھی

اسکا ہر روپ ولی کیلئے امتحان بن رہا تھا.. تو وہ نظروں کا زاویہ بدل گیا..

تو وہ غصہ سے اٹھ کر اپنے کمرے میں آ گئی..

اسکے جاتے ہی ولی نے اپنا ماتھا مسلا تھا جہاں درد کی ٹیسیں اٹھنے لگی تھی.. بخار سے جیسے بدن ٹوٹ رہا تھا نیلم کی بات پہ عمل کرنا پڑے گا ڈاکٹر کے پاس جانے کے لیے اٹھا تھا..

ہمم نکمی.. "کب ہوں میں اسکول سے چھٹیاں کیا کرتی نکمی ہو گئی.. "اور خود کیا ہیں "سڑیل کہیں کا.. "دل ہی دل میں اسے سناتے خود کو پر سکون کرنے لگی تھی..

"..نیلم

..ولی کی آواز کانوں میں پڑی تھی جس نے پکارا تھا اسے

" نیلم

..اب پھر اسکی آواز آئی

تو کمرے سے باہر نکلی..وہ باہر نہیں نظر آیا تو اسکے کمرے میں گئی..

..وہ الماری میں منہ دیے کھڑا تھا

..جی" اسکے کمرے آتی بولی

..غصہ ابھی بھی چہرے پہ واضح تھا

شرٹ پریس کردو میری ہمت نہیں ہو رہی تھی میری ورنہ خود پریس کرلیتا تمہیں تکلیف نا دیتا.. آف وائٹ شرٹ اسکی طرف بڑھاتے بولا.. جو اس نے بنا کچھ بولے تھام لی کمرے سے باہر نکل گئی..

..اور کچھ ہی دیر میں وہ پریس کی شرٹ لئے واپس آئی تھی

واہ بڑی فاسٹ ہو.. میں تو نکمی ہی سمجھ رہا تھا.. "شرٹ اسکے " ہاتھ سے پکڑتے بولا.. اسنے غصہ سے گھورا تو اپنی ہنسی دباتا واشروم میں بند ہوا تھا اور وہ پیر پٹختی کمرے سے باہر نکل گئی..

اب میں کوئی کام نہیں کرنے والی اسکا ایک تو شرٹ استری کر کے دی اور پھر نکمی بول دیا.. وہ صوفہ پہ بیٹھتی خود سے بڑبڑاتے بولی..

کچھ دیر بعد ولی بھی تیار ہو کر باہر آیا آنکھیں ابھی بھی بخار کی وجہ سے سرخی مائل ہو رہی تھیں..

اچھا میں ڈاکٹر کے پاس جا رہا ہوں گیٹ اچھے سے لاک کر لینا اندر سے.. وہ کمرے سے باہر آیا اور اسے صوفہ پہ بیٹھا دیکھ بولا.. وہ اپنی بائیک باہر نکال رہا تھا.. نیلی بھی اسکے پیچھے گئی.. وہ دروازہ تک آئی ولی نے بائیک گلی میں نکال لی تھی.. سامنے والا گھر کرن کا تھا.. رافع اپنے گھر کے سامنے کھڑا تھا ہاتھ باندھے جب نظر

دروازے پہ کھڑی نیلم پہ گئی جس کا سارا دھیان ولی پہ تھا جو اس سے کچھ کہہ رہا تھا.. کافی دنوں بعد وہ اسے نظر آئی تھی..

نیلم نے ولی کی بات سنتے ہی دروازہ اندر سے بند کر لیا اب بائیک تک آیا جب اسکی نظر رافع پہ پڑی جو پوری توجہ سے دروازہ کو ہی دیکھ رہا تھا جہاں سے کچھ دیر پہلے نیلم کھڑی تھی.. ولی نے غصہ سے بائک کو ریس دی.. رافع گھر کے اندر چلا گیا.. اور ولی نے بائک آگے بڑھالی.. رافع کی نیلم میں بڑھتی دلچسپی وہ بہت پہلے سے جان چکا تھا اسلیے اسے نیلم کا انکے گھر جانا پسند نہیں تھا..

رافع ایک سلجھا ہوا لڑکا تھا.. مگر نیلم اسے پسند تھی وہ اسے نیلی آنکھوں والی گڑیا لگتی تھی..

رافع جان چکا تھا کو ولی کو اچھا نہیں اس طرح اسکے گھر کی طرف دیکھنا..اس لیے وہ جلدی سے اپنے گھر چلا گیا..

(ماضی)

بلقیس تو چلی گئی اپنے گھر واپس اب نگہت پریشان سی تھی ولی سے دوبارہ کیسے بات کرے..جیسا بلقیس نے اسے سمجھایا تھا نگہت بھی ٹھیک اب ویسے ہی کرنے لگی تھی..

نیلی بیٹا یہ ولی کو چائے تو دے آؤ.. وہ چائے کا کپ اسے تھماتے بولی..

ماما میں نہیں جاتی انکے کمرے میں آپکو پتا تو ہے..پتا نہیں کیوں آج کل کچھ زیادہ ہی غصہ آنے لگ گیا ہے خاص طور پہ مجھ پہ..وہ منہ بناتی بولی..

نیلی میرے گھٹنے میں درد ہے مجھ سے چلا نہیں جاتا.."نگہت نے کہا تو چار ناچار کپ لئے اسکے کمرے میں چلی گئی..وہ ابھی ہی آفس سے آیا تھا نگہت کو چائے کا بولتے کمرے میں آگیا..

نیلم دروازہ پہ دستک دیتی کمرے میں آئی..ولی بیڈ پہ آنکھیں بند کئے بیٹھا تھا..دستک کی آواز پہ آنکھیں کھولتے نیلم کو دیکھا..

تم کیوں آئی ہو چائے لیکر ماما کو کہا میں نے.. گلابی دوپٹہ کو حجاب کے انداز میں باندھے ہوئے وہ بہت کیوٹ لگی مگر ولی کی گھوریوں سے بار بار موٹی موٹی نیلی آنکھوں جھکانے لگی جس میں اور بھی پر کشش لگی..

ولی تو ایک پل کیلئے ساکت ہوا مگر اگلے لمحے اسکے ہاتھ سے چائے چھیننے کے انداز میں لی اور تیز آواز میں بولا.. "دفع ہو جاؤ"

اسکی موٹی آنکھیں نمکین پانیوں سے بھر اگئی تھی..اور وہ وہاں سے بھاگنے کے انداز سے نکلی..

اسکو روتا ہوا دیکھ نگہت سمجھ گئی تھی..ڈانٹ پلائی ہے اس نے..

اگلے دن نیلی

جی "ماما..بیٹا یہ ولی کے کمرے یہ شرٹس تو رکھ آؤ ولی کی پریس "
..کی ہوئی شرٹس نیلم کی جانب بڑھائی

ماما ولی بھائی کے کمرے میں نہیں جاؤں گی"..وہ صاف جواب
..دیتے بولی

" ولی نہیں ہے کمرے میں تم رکھ آؤ..جاؤ بچے

اچھا نا دے پھر "وہ منہ بسورتی شرٹس لئے اسکے کمرے میں چلی
..گئی

اور اسی وقت ولی بھی گھر داخل ہوا تھا اور سیدھا اپنے کمرے کا رخ کیا تھا..

..اب تو نیلی کو اسکے کمرے میں بھیج چکی تھی.. وہ سوچتی رہ گئی

تم کیا کر رہی ہو یہاں.. "اپنی الماری میں گھسا دیکھ وہ چلا کے بولا..

..نیلم کو لگا آج نہیں خیر اسکی

وہ یہ.. ماما نے کہا.. کہا تھا.. کہ. میں یہ شرٹس.. "مارے "

..گھبراہٹ کے اسکے منہ سے الفاظ ادا نہیں ہو رہے تھے

ولی تیزی سے اس تک پہنچا اور اسکے ہاتھ سے اپنی شرٹس جھپٹی تھی ..

" ..دفع ہو جاؤ اور دوبارہ قدم بھی مت رکھنا میرے کمرے میں

..وہ سخت لہجہ اختیار کر گیا تھا

..وہ روتی ہوئی نکلی تھی اسکے کمرے سے

..اور اپنے کمرے میں بند ہو گئی

نگہت نے اسے روتے ہوئے کمرے سے نکلتے دیکھا تو افسردہ ہو گئی

..اور اپنے فیصلہ پہ نظر ثانی کرنے لگی

اگلے دن ولی شام کو گھر آیا نگہت صحن میں درخت کے نیچے بیٹھی تھی ..

..وہ سلام کرتا اپنے کمرے میں چلا گیا

..کچھ دیر بعد فریش ہو کر انکے پاس بیٹھا

..نیلم کہاں ہے" وہ اسے آس پاس نظر نہیں آئی تو پوچھ بیٹھا

کیوں تمہیں کیا لگے کہاں ہے بچی کی جان کو آئے ہوئے ہو..
ہر وقت اسے ڈانٹ کر کمرے سے نکال دیتے ہو.."
.وہ خفا سے لہجہ میں بولی

تو نا بھیجا کریں اپنی چہیتی کو میرے کمرے میں جان بوجھ کر رہی
" ..ہے نا ایسا

ہاں تو تم نے کونسا مان لی بات.. خوبصورت ہے معصوم ہے..
میری ہاتھوں میں پلی ہے.. اگر میری خوشی کیلئے راضی ہو جاتے
.. تو کیا چلا جاتا.. نگہت نے بھی آڑے ہاتھوں لیا

ماما پلیز میں اس ٹاپک پہ بات نہیں کرنا چاہتا پلیز چائے بنوائیں
.. میرے لئے.. "وہ بات بدلتا بولا

" .. نیلی گھر پر نہیں ہے

گھر پر نہیں ہے تو کہاں گئی کرن کے گھر گئی ہے نا.. کتنی بار منع کیا ہے میں نے آپکو مت جانے دیا کریں اسکے گھر.. پھر بھی سنتی

..کہاں ہے میری آپ اور وہ

..ولی کو غصہ آنے لگا تھا

آجائے گی کافی دیر کی گئی ہے آنے والی ہو گی.. وہ اسے تپا ہوا دیکھ

..بولی اور وہ وہاں سے چلا گیا

..کافی دیر ہو گئی نیلم ابھی تک نہیں آئی

شام کے سائے مغرب میں ڈھلنے لگے تھے.. وہ

..دروازے کو تکی جا رہی تھی.. ولی باہر آیا تھا

آئی نہیں آپکی چہیتی ابھی تک.." وہ انہیں دروازے کو تکتا پا کر پوچھا..

بس آتی ہی ہو گی.. وہ گھبرائی سی بولی..

ولی بنا کچھ کہے گیٹ سے باہر نکل گیا.. اور سامنے والے گھر کے سامنے جا رکا جو کرن کا تھا.. دروازہ بجایا.

رافع باہر آیا تھا.. ولی غصہ کو کنٹرول کرتا بولا..

نیلم کو بلاؤ اسے کہو گھر آئے..

ولی.. تم اندر تو پہلے کوئی چائے پانی.. نیلم اندر ہی ہے کرن کیسا تھ.. رافع کافی خوش اخلاقی سے بولا تھا..

تو ولی خاموشی سے گھر کے اندر داخل ہوا..اسکی نظریں نیلم کو
..ڈھونڈ رہی تھی..انکا صحن کافی بڑا تھا
..وہاں رکھی دو کرسیوں میں سے ایک پہ ولی بیٹھ گیا

بے ایمانی..بے ایمانی کی ہے کرن نے..یہ نیلم کی اونچی آواز تھی
..جو ولی کے کانوں میں پڑی
..کوئی نہیں جھوٹ مت بولو..کرن بولی

ولی نے آواز کے تعاقب میں سر گھما کر پیچھے کی طرف دیکھا تھا..
سامنے کمرے میں کرن اسکا چھوٹا بھائی عمر اور نیلم بیٹھے لڈو گیم

کھیل رہے تھے.. کرن چیٹنگ کر رہی تھی تو نیلم زور سے بولی..

.. عمر نیلم کا ہم عمر ہی تھا.. جو نیلم کے بلکل سامنے بیٹھا

.. نیلم کی بچی تم نے میری گوٹی کیوں اٹھائی.. عمر غصہ سے بولا

نیلم کا دوپٹہ اسکے سر سے سرک کر گلے آچکا میں تھا اسے کھیل

.. میں دھیان ہی نہیں رہا تھا کہ ولی اسے دیکھ رہا تھا

.. چائے" رافع چائے کے دو کپ لئے سامنے کھڑا تھا

.. ولی غصہ سے بھرا بیٹھا تھا.. خود پہ کنٹرول کرتا کھڑا ہوا تھا

سوری مجھے جلدی ہے.. ماما کی طبیعت ٹھیک نہیں ہے میں نیلم کو

" .. لینے آیا تھا

.. اور نیلم کے سر پہ جا پہنچا جو عمر کے ساتھ ابھی لڑائی کر رہی تھی

نیلم گھر چلو" وہ دانت پیستے بولا تھا"

نیلم تیزی سے اپنا دوپٹہ درست کرتی کھڑی ہوئی تھی..اسکا تو رنگ سفید پڑ چکا تھا ولی کو سامنے دیکھتے تیزی سے نکلتی چلی گئی ..وہاں سے ولی بھی اسکے پیچھے نکلا تھا

..یہ ہٹلر کہاں سے آگیا..کرن ولی کو دیکھتے منہ بسورتی بولی

نیلم تیزی سے گھر میں داخل ہوتی نگہت کے پیچھے چھپی تھی اسکے ..پیچھے ہی ولی اندر آیا تھا

آج کے بعد تم کرن کے گھر گئی تو ٹانگیں توڑ دوں گا میں تمہاری..

.."وہ نگہت کے سامنے کھڑا پیچھے چھپی نیلم پہ دھاڑا تھا

ولی کیا ہو گیا ہے.."نگہت بولی

کیا ہو گیا ہے..وہاں تو یہ اپنے جلوے بکھیر رہی تھی گھر میں تو"

..آواز نہیں نکلتی اور وہاں ہلا گلا چل رہا تھا

ہماری عزت کو خاک میں ملانے جاتی ہے یہ وہاں..کتنا منع کرتا

..ہوں مت جانے دیں اسکے گھر

آج کے بعد تمہارے سر سے کپڑا اترا تو یہ سر بھی نہیں رہے گا..

..وہ غصہ سے کہتا یہ جا وہ جا

..نیلم بھی وہاں نہیں رکی تھی..اور کمرے میں بند ہوئی تھی

..نگہت تو صوفہ پہ ڈھہ سی گئی تھی

وہ جانتی تھی ولی کو غلط گمانی ہوئی ہے مگر آج وہ انکا بھی لحاظ کئے

..بغیر بولا

نیلم بھی کمرے سے باہر نا نکلی اور ولی بھی گھر نا آیا..کافی دیر بعد

..ولی گھر آیا..نگہت کو صوفہ پہ لیٹا ہوا دیکھ بھاگ کر انکے پاس آیا

..ماما..ماما..وہ انکا ہاتھ پکڑے ہوئے انہیں ہلاتے ہوئے بولا

مگر وہ بے ہوش تھی..کتنی ہی آوازیں دیں مگر وہ نا ہلی..اتنے

..میں نیلم بھی باہر آگئی وہ بھی انکی طرف لپکی تھی

..ایمبولینس کے ذریعے نگہت کو ہسپتال لایا گیا تھا

..وہ اس وقت آئی سی یو میں تھی وہ دونوں باہر کھڑے تھے

نیلم بس رو رو کر دعائیں ہی کیے جا رہی تھی اپنی ماں جیسی ہستی کے لئے..

ولی بھی پریشان سا کھڑا تھا..وہ پچھتا رہا تھا اپنی باتوں پہ کہ وہ کیا کہہ گیا ان سے..

..کافی دیر گزر جانے کے بعد ڈاکٹر باہر آئے تھے

..ڈاکٹر..ولی ڈاکٹر کی طرف لپکا تھا

دیکھئے ابھی ہم کچھ کہہ نہیں سکتے انہیں ہارٹ اٹیک ہوا ہے.. ہم کوشش کر رہے ہیں آگے آپ اللہ سے دعا کریں کے انہیں ہوش آجائے..

ولی کے پیروں تلے جیسے زمین کھسک گئی تھی.. انہیں کچھ ہو گیا تو وہ کیسے برداشت کر پائے گا ان سے دوری.. یہ سوچ آتے ہی اسکا دل گھبرانے لگا..

نیلم بھی ڈاکٹر کی باتوں کو سمجھتی بینچ پہ بیٹھی ہوئی سر جھکائے رو دی وہ کیسے رہے گی ان کے بغیر.. اللہ تعالیٰ میری ماما کو کچھ نا ہو.. وہ روتے ہوئے بولی ولی نے اسکی طرف دیکھا..

صبح تک وہ جاگتے رہے انکا ہوش میں آنا بہت ضروری تھا.. بلقیس کو بھی اطلاع مل گئی تھی نگہت کی طبیعت خرابی کا

..وہ بھاگتی ہوئی اپنے شوہر کے ساتھ ہسپتال پہنچی تھی

..ولی بیٹا.."کیا ہوا نگہت کو..نیلم اٹھ کر انکے لگ گئ

آپ کے پیشنٹ کو ہوش آگیا ہے..آپ میں سے ولی کون ہے وہ ..ولی سے ملنا چاہتی ہیں

..ولی بھاگتا ہوا اندر گیا تھا..نگہت مشینوں میں جکڑی لیٹی تھی

ماما"آپ ٹھیک ہیں..پلیز آپ ٹھیک ہو جائیں..جیسا کہیں گی ..ویسا کروں گا پلیز

نیلم..نیلم سے نکاح..کرو..گے..وہ بڑی مشکل سے لمبے لمبے سانس لیتی بولی

..وہ پہلے سوچ میں پڑ گیا..پھر بولا

..ماما آپ جیسا کہیں گی میں ویسا ہی کروں گا پلیز ٹھیک ہو جائیں

..تو وہ آنکھیں بند کر گئی

..ماما

..ماما

..نرس ڈاکٹر کے پاس بھاگی

..ماما..ولی نگہت کا چہرہ تھپ تھپا رہا تھی

..ڈاکٹر نے فوراً سے چیک کرنا شروع کر دیا

ایم سوری.. شی از نو مور.. ولی کے سر پہ تو جیسے پہاڑ ٹوٹ پڑا تھا..

..اور وہ چلا اٹھا تھا

باہر بھی ڈاکٹر نے یہی خبر سنائی تھی.. سب کمرے میں بھاگے

..آئے تھے.. ولی سسک رہا تھا

..ماما

..نیلی آ کر انکے گلے لگی تھی

..ماما..ماما..بچوں کی طرح وہ اسکے ساتھ لگی رونے لگی

..بلقیس کو سمجھ نہیں آ رہی تھی کسے سنبھالے ولی کو یا نیلم کو

...

..ولی جنازے کا وقت ہو گیا ہے

ولی دروازے کے ساتھ ٹیگ لگائے کھڑا تھا..جب اسلم صاحب بلقیس پھپھو کے شوہر اسکے پاس آیا..

ایک نظر نگہت کے بے جان وجود پہ ڈالی..ہمت ہی نہیں ہو رہی تھی آہستہ سے چل کر انکے پاس آیا..نیلم انکی چارپائی کا کونا پکڑے بس روئے جا رہی تھی..اسے ہمدردی ہوئی تھی نیلم سے

..سب مرد بھی جنازہ اٹھانے پاس آئے

نہی.میری ماما کو کہیں نہیں لیکر جانا..نیلم انہیں جنازہ اٹھاتے دیکھ رونے لگی..

ولی نے نیلم کو بازو سے تھام کر اٹھایا تھا جو نگہت کو چھوڑنے کو تیار ہی نہیں تھی ایسے میں ولی کی آنکھ سے بھی آنسو جاری ہوئے تھے.. اور اسے بلقیس کے حوالے کیا

..اور ولی نے جنازے کو کاندھا دیتے اٹھایا تھا

نیلم چلانے لگی تھی.. اور دیکھتے ہی دیکھتے اسکی ماں اسکی آنکھوں سے دور چلی گئی..

...

ولی تو ٹوٹ کر رہ گیا تھا.. خود کو بہت ہی اکیلا محسوس کرنے لگا تھا

..آج پانچ دن ہو گئے تھے نیلم کو گئے ہوئے

..بلقیس اور اسکے شوہر ولی کمرے میں داخل ہوئے

ولی نگہت کے آخری الفاظ یاد ہیں نا تمہیں.. بلقیس نے اسے یاد دہانی کرائی..

"..ہاں یاد ہے

..وہ کھویا سا بولا

تو پھر وقت آگیا ہے کہ تم انکی آخری خواہش کا احترام کرتے ہوئے نیلم کا تمہارے ساتھ نکاح پڑھا دیا جائے..

بلقیس بولی..

مگر میں نکاح نہیں کروں گا.. آپ اسے لے جائیں.. ولی نے سپاٹ لہجہ میں کہا..

ولی میں اسے اپنے ساتھ نہیں رکھ سکتی.. نگہت کو تم نے کہا تھا آخری وقت میں کہ تم کرو گے نکاح تو اب کیوں انکار کر رہے ہو.. "

ہاں کہا تھا مگر میں نے کہا تھا وہ ٹھیک ہو جائیں گی تو مگر وہ تو چھوڑ کر چلی گئی.. ولی کی آواز نم ہوئی تھی..

ولی تمہیں نیلم سے نکاح کرنا ہو گا اور نکاح آج ہو گا.. نیلم تمہارے ساتھ رہے گی.. لڑکی زات ہے اسے میں اپنے گھر نہیں رکھ سکتا.. اب کے بلقیس کا شوہر بولا..

..ولی مان جاؤ..وہ منتیں کرتی بولی

..پھپھو پلیز مجھ مجبور مت کریں پلیز..ولی چلا گیا وہاں سے

...ولی..پیچھے سے آواز دیتی رہ گئی

..ولی کمرے سے باہر نکلا تو سامنے نیلم آ گئی
..وہ اسکے پاس سے گزرنے لگا تو نیلم نے اسکا بازو تھام لیا

ولی بھائی ماما کو لے آئیں نا گھر میرا جی نہیں لگ رہا ان کے بغیر..وہ بھرائی آواز میں معصومیت سے بولی تھی

ولی نے اسکی نیلی آنکھوں میں جھانکا تھا..جو نمکین پانیوں سے بھرا گئی تھی..

وہ خاموشی سے اپنا دامن چھڑاتا وہاں سے چلا گیا..

اسلم آپ زرا صبر رکھیں مان جائے گا اتنی جلدی مت کریں ابھی صدمہ میں ہے..

نہیں بلقیس یہ وقت فیصلہ کا ہے..آر یا پار ولی نہیں مان رہا تو اور سہی نکاح آج ہی ہو گا..اسلم دوٹوک فیصلہ سناتے چلے گئے..اور بلقیس سر تھام کے رہ گئی

...

..شام کو ولی گھر داخل ہوا تو ٹھٹھک کر رہ گیا

سامنے صوفہ پہ رشید اور اسکی والدہ اور ساتھ مولوی اور کچھ لوگ

..بیٹھے تھے

..یہ سب کیا ہو رہا ہے یہاں.." وہ جیسے دھاڑا تھا

..اسلم اسکے پاس آئے

..نکاح نیلم کا تم نہیں تو اور سہی.." وہ بولتے ولی کو حیران کر گئے

ولی نے رشید کی جانب دیکھا..جو ایک اسلم صاحب کی عمر کا تھا سر سے آدھے بال غائب تھے وہ انہی کے محلہ دار تھا..پچھلے سال ہی

..اسکی بیوی کا انتقال ہوا تھا نیلم جتنی تو اسکی بیٹیاں تھیں

اٹھو یہاں سے سب لوگ کوئی نکاح نہیں ہو گا.." وہ تیز آواز میں غصہ سے بولا تھا ..

بلقیس کمرے کے دروازے پہ کھڑی تھی.. خوشی کی لہر دوڑی تھی انہیں یقین تھا ولی یہ نکاح نہیں ہونے دے گا ..

ہمیں اسلم صاحب نے بلایا تھا.. کل ہی رشتہ کی بات کی تھی ان سے ہم نے اور آج انہوں نے رضامندی ظاہر کی تو ہی نکاح کر کے لڑکی لے جانے آئیں ہیں.. رشید غصہ سے بولا تھا ..

تم پہلے اپنی آئنہ میں شکل دیکھو اپنی نیلم کی جوتی کے برابر بھی نہیں ہو نکلو یہاں سے اٹھی اپنا سارا ٹولہ لے کر .. "

تو پھر بچی کیا تمہارے ساتھ رہے گی وہ بھی بغیر نکاح کے یا پہلے سے ہی.." "

چپ بلکل چپ.. جائیں آپ لوگ.. وہ دھاڑا تھا جب رشید کی ماں نے کہا

..اور وہ لوگ چلے گئے

کیا چاہتے ہو تم میاں نیلم سے نکاح کرنا ہے یا پھر اپنے بھتیجے کو " بلاؤں بھلے ہی شادی شدہ ہے مگر دو بیویاں رکھنے کی استطاعت رکھتا ہے.." "

" ولی بے بس ہوا تھا.. میں کروں گا نکاح

مولوی صاحب نکاح شروع کریں.. مولوی صاحب ابھی بھی بیٹھے ہوئے ولی کو بلیک میل کرنے کیلئے انہوں نے یہ ڈرامہ کیا تھا..

..بلقیس اسکے اقرار پہ فٹافٹ نیلم کے پاس آئی

..نیلم جلدی سے سہی ہو کر بیٹھو.. یہ دوپٹہ لو سر پہ

..بلقیس لال کا مدار دوپٹہ اسکے سر پہ اڑھایا

..یہ کیوں پھپھو یہ دوپٹہ تو دلہن لیتی ہے

ہاں تو تم دلہن ہی ہو ولی کی دلہن..انہوں پیار سے انکی تھوڑی پہ ہاتھ رکھتے کہا..

..نیلم کی حیرت سے آنکھیں پھیلیں

اور ابھی مولوی صاحب آئیں گے وہ جو تم سے پوچھے اسکا جواب ہاں میں دینا ہے..ٹھیک ہے..تمہارا نکاح ہو رہا ہے ولی کے ساتھ.."نیلم نے بس ہاں میں ہی سر ہلایا..

پھر مولوی صاحب نے نکاح پڑھانا شروع کیا دونوں طرف سے ایجاب و قبول ہوا.. دونوں نکاح نامہ پر دستخط کیے تھے ولی اپنے کمرے میں آ گیا اٹھ کر..

یہ نکاح بس کاغذی ہو گا اس نکاح کی کوئی حیثیت نہیں ہو گی میری سامنے.. نیلم ماما کی ذمہ داری ہے اب سے میری ذمہ داری ہو گی وہ ہی فرض ادا کروں اسکے لئے جو ماما کر رہی تھی.. اسے پڑھا لکھا کر اسکی اچھی جگہ شادی کروا ؤں گا.. اسکا اور میرا ساتھ عارضی ہو گا محض.. وہ خود سے عہد کر رہا تھا مگر یہ سوچے بغیر کہ اسکا مستقبل تو کچھ اور ہی ہو گا..

ماضی کی کہانی ختم ہوئی اب ہمارا حال سے کہانی شروع..

..نیلم کی میٹرک کی تعلیم شروع ہو چکی تھی

وہ اسکول سے گھر آ رہی تھی..آج پھر وہی آوارہ اوباش اسے دیکھ حملہ کسنے لگے اور وہ ہمیشہ کی طرح نظر انداز کرتی گھر کی جانب ..بڑھ گئی

گھر کا دروازہ کھلا تھا..مطلب ولی گھر ہے..اسنے دروازہ بجایا مگر ..جب دروازہ کھلا تو سامنے دیکھتی حیران ہوئی

..پھپھو..وہ زور سے انکے گلے لگ گئی

..وہ گھر میں داخل ہوئی اسکے گلے لگے

آپ کب آئیں.. "اور پلیز اب جلدی مت جانا.. اور کس کے ساتھ آئیں..

ایک ہی سانس میں کئی سوال کر ڈالے تھے اس نے..

ارے بھئی سانس تو لے لو پہلے پھر سب بتاتی ہوں..

اکیلے آئی ہوں اور ولی لے آیا تھا بس اسٹینڈ سے مجھے..

اور آج بہت خاص دن ہے اس لئے آئی ہوں اور فکر نا کرو تم دونوں کیلئے ہی آئی تا کہ اب تم دونوں کے معاملات بھی دیکھوں..

..کیسے معاملات" وہ نا سمجھی سے بولی

تم یونیفارم چینج کرو میں نے بریانی بنائی ہے تمہارے لئے.." وہ بات بدلتے بولی

واؤ.. بریانی بہت بھوک لگی ہے.. وہ جلدی سے کمرے میں بند ہوئی تھی چینج کرنے کیلئے..

جب وہ باہر آئی تو حیران ہوئی سامنے ٹیبل پہ کیک اور کچھ گفٹ رکھے ہوئے تھے.. ولی اور پھپھو کھڑے تھے..

پھپھو.. یہ میرے لیے.. اوہ مجھے تو یاد ہی نہیں تھا.. تھینک یو

.. پھپھو

میں نے کہا تھا آج خاص دن ہے.. تمہاری سالگرہ پر لازمی آتی"
ہوں.. آج پندرہ سال کی ہو گئی ہو تم.. پتا ہی نہیں چلا اتنی سی تھی
جب نگہت تمہیں یہاں لائی تھی تم ولی کی قسمت تھی جو یہاں
"..تک آ گئی

میری قسمت یہ نکمی میرے گلے پڑ گئی.. ولی منہ میں بڑبڑایا جو

..دونوں نے سن لیا

..ولی سدھر جاؤ.. پھپھو اسے ڈپٹتے بولی

..آج سے پہلے ولی نے کبھی اسکی سالگرہ میں شامل نہیں ہوا تھا

نیلم کے ماتھے پہ بل پڑے تھے نکمی سن کر.. پھر پھپھو کے کہنے پہ
.. کیک کاٹااور ایک پیس پھپھو کی طرف بڑھایا
پہلا حق ولی کا ہے.. پھپھو انکے درمیان سے ہٹی اور نیلم کو ولی کے
.. سامنے کیا
ولی اور نیلم آمنے سامنے تھے نیلم نے ولی کی جانب کیک بڑھایا
تھا.. ولی نے کیک کی بائٹ لی اور وہاں سے چلا گیا.. نیلم کی
دھڑکن بھی بے ترتیب ہوئی تھی وہ سر جھکا گئی پھر پھپھو کی
.. طرف متوجہ ہوئی

.. شام کا کھانا انہوں نے ایک ساتھ کھایا تھا

ماشاللہ نیلم تو بہت ہی سمجھدار ہے.. بہت اچھے سے گھر سنبھال لیا ہے پڑھائی کے ساتھ ساتھ.. پھپھو بولی تھی.. اپنی تعریف پہ نیلم مسکرا اٹھی..

میرے کمرے میں تو دھول مٹی جمی ہوئی اس نکمی سے اتنا ہی نہیں ہوتا کے وہاں بھی دھیان دے دے..

دیکھیں نا پھپھو.. بار بار نکمی کہتے ہے مجھے." وہ چڑ کر بولی تھی..

اچھا نا میں آگئی ہوں اچھے سے کمرہ صاف کرواؤں گی".. پھپھو نے ولی کو ٹوکا..

اب بیٹھی رہو گی یا چائے بھی بناؤ گی نکمی کہیں کی" ولی نے پھر اسے چھیڑا تھا..

..اور وہ پیر پٹختی کچن میں گھسی تھی..اور پیچھے سے ہنسنے لگا

..پھپھو اسے دیکھ مسکرائی تھی

" ..ولی کیوں بچی کو تنگ کر رہے ہو

بلقیس نماز پڑھ کر اب بستر پہ بیٹھی تسبیح کر رہی تھی جب نیلم انکے لئے دودھ گرم کر کے لائی..اور دودھ سائیڈ ٹیبل پہ رکھ دیا اور خود انکے دوسری طرف آکر بیٹھ گئی..

پھپھو آج آپ سے بہت ساری باتیں کرنی ہیں.. ورنہ تو اکیلے ہی ہوتی تھی اس وقت اور دو جاتی تھی.. اب آپ رہیں گی نا.. وہ خوش ہوتی بولی تھیں ..

اور ولی.. وہ کیا کرتا ہے اس وقت.. اور تم یہاں سوتی ہو ہو تم نے کمرہ نہیں بدلا.. پھپھو سنجیدگی سے بولی تھی انکی باتوں کا مطلب نیلم سمجھ نہیں پائی ..

وہ تو اپنے کمرے میں ہوتے ہیں پتا نئ کیا کرتے ہیں میں تو آجاتی ہوں اپنے کمرے میں اور میں کمرہ کیوں بدلوں گی.... نیلم معصومیت سے بولی

کچھ نہیں.. کل سے تمہارا کمرہ اور ہے اور یہ بات تمہیں میں کل سمجھاؤں گی پہلے اس ولی کے کان کھینچوں گی.. "جی پھپھو ضرور .. کھینچنا نکمی بولتے رہتے ہیں مجھے

اور کافی دیر وہ باتیں کرتی رہی اور نگہت کی باتیں یاد کرتی رہیں

اگلے دن نیلم سکول جانے کیلئے تیار کھڑی تھی.. ولی تیار سا کمرے سے باہر آیا.. آف وائٹ شرٹ پہنے ساتھ میں بلیک پینٹ پہنے کلین شیو تیکھے نین نقوش گھنے سیاہ بالوں کو سلیقہ سیٹ کئے ہوئے چھ فٹ سے نکلتا قد.. وہ کافی جاذب نظر آرہا تھا.. نیلم کو

بھی اسکی پر سنیلٹی اچھی لگی آج اسکا دل الگ ہی رو میں دھڑکا تھا..

ماشاللہ میرا بیٹا تو بہت ہی پیارا لگ رہا ہے.. پھپھو نے بلائیں لی تھی..

..اچھا اچھا اب مسکے نا لگائیں.. چلو نیلم دیر ہو رہی ہے

ولی.. تم میری بات سن کر جانا کام پہ.." پھپھو نے اسے جاتے روکا..

پھپھو پلیز دیر ہو جائے گی.." وہ سن گلاسس آنکھوں پہ ٹکاتا بولا.. اور باہر نکل گیا نیلم تو پہلے ہی باہر نکل چکی تھی..

نیلم ابھی باہر نکلی ہی تھی کہ رافع سے سامنا ہو وہ بھی آفس جانے کیلئے تیار باہر کھڑا تھا.. بائیک پہ بیٹھنے لگا جب نیلم گھر سے باہر نکلی..

کیسی ہو نیلم" نگہت کے جانے بعد اب اسکا سامنا ہوا تھا..

میں ٹھیک ہوں.." وہ مسکرا کر بولی تھی.. رافع کی نیچر بہت سوفٹ تھی وہ ہمیشہ سے نرمی سے بات کرتا تھا اس سے..

اتنے میں ولی نے بھی گیٹ سے باہر بائیک نکالی تھی..

دوسری طرف رافع کو نیلم کی طرف متوجہ پایا تو.. سیخ پا ہوا تھا..

..ایک غصیلی نگاہ اس پہ ڈالی تھی

..غصہ سے کک ماری تھی

..نیلم جلدی سے اسکے پیچھے بیٹھ گئی..ولی نے تیز بائیک بھگائی

آہستہ چلائیں میں گر جاؤں گی..نیلم نے اسکا بازو زور سے پکڑ لیا تھا اور اسکے ساتھ جڑ گئی تھی..

..کیا کہہ رہا تھا وہ غصہ سے کہا تھا

..کون؟ رافع بھائی.."کچھ نہیں بس حال ہی پوچھا تھا

آئندہ میں تمہیں اس سے بات کرتا ہوا نا دیکھوں.. "اور اسکول آ گیا تھا.. تو جلدی سے اتر گئی..

میں نے نہیں کی تھی ان سے بات.. "نیلم نے بس اتنا ہی بولا تھا کہ اس نے بائیک دوڑا دی غصہ ابھی بھی بہت آ رہا تھا اسے.. اب گھر جانے کا ارادہ ہی بنایا پھپھو کی بات سن لے..

حبہ ولی کو روکنے کی کوشش میں تیزی سے باہر نکلتی آئی مگر وہ چلا گیا تھا..

ولی چلا گیا.. وہ نیلم کو دیکھتی بولی..

جی" کہتے ہی وہ اندر جانے کیلئے اسکا بھی موڈ ولی کی وجہ سے خراب ہوا..

اچھا پھر بریک میں مجھ سے آکر ملنا کام ہے.. حبہ بولی تھی بیل ہو گئی تھی وہ ابھی بات نہیں کر سکتی تھی.. کلاس لینے چلی گئی..

کھڑوس کے پیچھے پڑی ہے.. اتنی تیز بائیک چلائی" ابھی دل اتنی زور سے دھڑک رہا تھا.. پھپھو کو بتاؤں گی ویسے بھی آج کان کھینچنے ہیں اسکے پھپھو نے.. وہ خود سے بڑبڑاتے کلاس لینے چلی گئی..

آ گئے تم اچھا ہے بات کرنی تھی تم سے ضروری.. "ولی کو واپس آتا دیکھ بلقیس بولی..

ہاں آنا پڑا.. موڈ خراب ہو گیا تھا صبح ہی..

اچھا پھر ناشتہ بناتی ہوں ساتھ میں کریں گے اور بات بھی ہو جائے گی..

دونوں نے ساتھ ناشتہ کیا بڑے دن بعد کوئی ڈھنگ کا ناشتہ کیا ہے ورنہ تو بس.. چائے بریڈ پہ گزارا تھا.. یا پھر باہر سے.. ولی چائے کا سیپ لیتا ہوا بولا..

اب میں آگئی ہوں سکھاؤں دوں گی نیلی کو ناشتہ بنانا بھی ویسے بھی پہلے اتنی ذمہ داری نہیں تھی..

ہاں اب تم کب تک ایسے رہو گے نیلی کے ساتھ.. وہ اب مدعا پہ آئی..

" .. کیا مطلب ہے آپکا اب تو میں نے اسے کچھ نہیں کہا

ولی تمہیں نیلم کو اب بیوی کا حق دے دینا چاہیے.. "اپنے رشتہ کا آغاز کرو اسکے ساتھ اب.. "تین مہینہ ہو گئے ہیں تمہارے نکاح کو..

" .. نیلم میری بیوی ہے.. پھپھو اور کیا چاہتی ہیں آپ

" .. تم بچے نہیں ہو جو تمہیں میری بات نہیں سمجھ آئی

پھپھو ابھی نیلم بہت چھوٹی ہے.. ناوہ کہیں جا رہی ہے نا میں.. ابھی اسکا بچپنا برقرار رہنے دیں ابھی وہ اس رشتہ کو نہیں .. سمجھتی.. "اور مجھے ابھی اپنا فیوچر بنانا ہے نیلم میری ہی ہے.. فکر نا کریں جب میں سمجھو گا کہ وہ اس رشتہ کا نبھانے کی اہل ہو گئی ہے تو اپنا لوں گا اسے.. "وہ اپنی بات کہہ کر ..چپ ہوا تھا

اچھی سوچ ہے تمہاری کم از کم اسے خود سے دور تو مت رکھو.."

.. پھپھو پھر بھی اپنی بات پہ قائم تھی

" .. کہاں دور ہے پھپھو میرے ساتھ ہی تو ہے

اب اسے تمہارے کمرے میں رہنا چاہیے تمہارے ساتھ.."

.. پھپھو اپنی بات پہ آئی

.. کیا.. "میرا مطلب کیوں.." اسے جھٹکا لگا پھپھو کی بات پہ

کیا.. کیوں.. کچھ نہیں.. بس اب بات ختم.. میں نے جو کہا اسی پہ

.. تم دونوں نے عمل کرنا ہے

..ولی تو اٹھ گیا وہاں سے اب کوئی اور حکم نامہ نا جاری کر دیں گی

..نیلم حبہ کے بلانے پہ بریک ٹائم پہ اسٹاف روم میں آئی تھی

..بیٹھو نیلم.."تو وہ بیٹھ گئی

..جی

" ..تمہارے گھر آس وقت کون ہے

..میں پھپھو اور ولی..نیلم نے معصومیت سے کہا

ولی سے مجھے ضروری بات کرنی تھی.. مگر وہ تو بات کرنے کا موقع ہی نہیں دیتا.. کیا کرتا ہے وہ آجکل.."

وہ آفس جاتے ہیں اور سٹڈی کرتے ہیں.. "نیلم کو وہ عجیب لگی تھی ولی کے بارے میں معلومات لیتی ہوئی..

اچھا ٹھیک ہے جاؤ.. "اور ٹیچرز کو اندر آتا دیکھ وہ بولی اور وہ وہاں سے چلی گئی..

ولی جاؤ نیلم کو لے آؤ سکول سے.. "چھٹی کا ٹائم دیکھ وہ بولی..

وہ لیپ پہ بیٹھا اسٹڈی کر رہا تھا جب بلقیس کے کہنے پہ وہ سر کھجاتا اٹھ گیا.. کیا مصیبت ہے..

نیلم سکول سے گھر آ رہی تھی جب وہ آوارہ لڑکے پھر سے نیلم کو دیکھ اوچھی حرکتوں پر اتر آئے..

وہ دیکھ آ گئی.. "ہاں چل.. آج نہیں ہاتھ سے جانی چاہیے.. وہ سیٹی بجاتے اسکے پاس آنے لگے..

نیلم گھبرا کر تیز چلنے لگی تھی.. اور اسکے پیچھے آنے لگے اور دو تیزی سے اسکے سامنے آئے..

آج تو منہ میٹھا کر کے ہی چھوڑیں گے..ان میں سے ایک نے آواز لگائی..نیلم کی تو جان حلق میں آئی تھی وہ ان لڑکوں میں گھر چکی تھی..

"..چل سائیڈ پر.."وہ ٹس سے مس نا ہوئی

" ..نہیں چلتی تو اٹھا لے

ابھی ایک لڑکے نے اسکی طرف ہاتھ بڑھایا ہی تھا کہ اس پہلے وہ اسے چھوتا کوئی اسکا بازو سختی سے تھام چکا تھا..

تمہاری ہمت کیسے ہوئی اسے چھونے کی"..اتنی زور سے اسکا بازو پکڑا تھا کہ اسے اپنی ہڈی چٹختی ہوئی محسوس ہوئی..

اے کون ہے تو چل نکل.."دوسرا لڑکا بولا..تو ولی نے اسکے منہ پہ مکا جڑ دیا..اسکے دو دانت ٹوٹ کر باہر آئے اور منہ سے خون کا فوارہ ابل پڑا..

باقی کے دو کی بھی ٹانگیں کانپیں مگر ہمت کر کے لڑنے آگے آئے..

نیلم جلدی سے سائیڈ پہ ہو گئی..

اور ولی نے ان چاروں کی منٹ میں ہی درگت بنا دی تھی..وہ بس دکھنے میں ہی بدمعاش تھے..

..ولی کانپتی ہوئی نیلم کا ہاتھ پکڑا اور بائیک پہ بیٹھ کر کک ماری تھی

..بیٹھو اب..وہ دھاڑا تھا

..تو وہ ڈرتی بیٹھ گئی

گھر آتے ہی وہ اسکا ہاتھ پکڑے اندر لایا وہ ابھی بھی تھر تھر کانپ

..رہی تھی

کب سے چل رہا یہ سلسلہ..اور تم نے مجھے بتایا کیوں نہیں.."وہ

..غصہ سے بول رہا تھا

..ولی کیا ہوا.. پھپھو باہر آئی

آج اگر میں گھر نا ہوتا تو پتا نہیں کیا ہو جاتا میری عزت مٹی میں مل

..جاتی.."وہ کرسی کو ٹھوکر مارتا باہر نکل گیا

بلقیس نے نیلم کو بٹھایا اور پانی پلایا اور نیلم نے روتے ہوئے ساری

..داستان سنادی

..رات کو ولی اپنے کمرے میں تھا

اسے ابھی بھی وہی منظر یاد آرہا تھا..جب وہ غنڈے نیلم کو

گھیرے کھڑے تھے..اگر وہ وقت نا پہنچتا تو کیا ہو جاتا..کھانے

..کے وقت بھی نیلم اسے نظر نہیں آئی تھی

..دروازہ ناک ہوا اور پھپھو چائے لئے آئی کمرے میں

..تو وہ سیدھا ہو کر بیٹھا تھا

..نیلم کیسی ہے..کپ لیتے وہ نیلم کا پوچھا

بس ڈر گئی ہے..ابھی سوئی ہے..اور تم زرانرمی سے بات کر لیتے ..اس سے..بچی ہے ڈر گئی ہے

ہاں بچی ہے صبح تو آپ اور ہی حق کی باتیں کر رہی تھی اور اب بچی ..بن گئی میں بھی تو یہی کہہ رہا تھا

..بس مل گیا بہانہ تمہیں.."وہ کہتی چلی گئ

پیچھے ولی گہری سوچ میں ڈوب گیا.. "وہ دور رہنا چاہتا تھا اس سے ایک انا تھی آڑے آرہی تھی.. یہ نکاح اسکی مرضی کے خلاف تھا مگر ایسے میں وہ خود اس سے دور رہنا چاہتا تھا مگر جو پھپھو کرنا چاہ رہی ہیں وہ نیلم سے دور نہیں رہ پائے گا

..

اگلے دن نیلم کو بہت تیز بخار ہو گیا تھا.. رات بھی وہ ڈرتی رہی تھی ..

..ولی ڈاکٹر کو گھر ہی لے آیا تھا.. ڈاکٹر نے اسے انجیکشن دیا تھا

فکر کی بات نہیں.. بخار ہے شام تک اختر جائے گا یہ میڈیسن
" .. لکھ کر دے رہا ہوں ٹائم پہ دینا ہے

.. ولی ڈاکٹر کو چھوڑ کر واپس آیا.. بلقیس کچن میں کھانا بنا رہی تھی

ولی اپنے کمرے میں جانے لگا تو ساتھ ہی نیلم کے کمرے میں چلا گیا جہاں وہ سو رہی تھی.. ولی آہستہ سے چلتے اسکے کے بیڈ قریب .. آیا وہ اسے بغور دیکھ رہا تھا

گھنی پلکوں کے جھالر گرائے سرخ و سفید رنگت تیکھی باریک ناک پتلے گلابی ہونٹ چہرہ پہ بلا کی معصومیت .. تھی.. سنہری بال چہرے پہ بکھرے تھے

بے اختیار وہ ایک ہاتھ تکیہ پہ اسکے قریب رکھے ہاتھ پہ دباؤ ڈالے اس پہ جھکا تھا چہرہ اسکے چہرہ سے قریب تر تھا.. دوسرے ہاتھ سے اسکے چہرہ پہ بکھرے بال سائیڈ پہ کئے تھے.. کئی پل ایسے ہی سر کے تھے وہ اسکا چہرہ کا بغور جائزہ لے رہا تھا پہلی بار تھا کہ وہ اسکے بے حد قریب تھا.. وہ اس پہ جھکا مزید فاصلہ مٹاتا کہ ایک دم ..سے دروازہ کھلا تھا.. اور وہ گڑبڑا گیا اور جلدی سے سیدھا ہوا ولی.. "

وہ میں.. نیلم کو دیکھنے آیا تھا بخار کم ہے اب.." وہ پھپھو کے ..سامنے گڑبڑا اور جلدی سے صفائی دیتا کمرے سے نکلا

پیچھے پھپھو کے چہرہ پہ مسکراہٹ آئی تھی..اور خود کو کوس بھی رہی تھی غلط وقت پہ آگئی..بس نیلم ٹھیک ہو جائے..کچھ دن میں تمہارے کمرے میں ہی ہو گی..وہ ٹھان چکی تھی کہ اب ان میں دوریاں ختم کر کے رہی گی..

..دو دن ہو گئے تھے..نیلم سکول بھی نہیں گئی تھی

نیلم

..شام کو ولی خوش خوش سا گھر آیا تھا

پھپھو میری نئی جاب لگی ہے..بہت ہی اچھی اور بڑی کمپنی میں..ولی مٹھائی بھی لایا تھا کہتے ہی مٹھائی کا لڈو پھپھو کے منہ ڈالا تھا..

وہ بے حد ہی خوش تھا.. نیلم بھی پاس ہی کھڑی تھی مگر وہ اسے اگنور کر گیا..

نیلم یہ مٹھائی کچن میں رکھ آؤ اور ولی کیلئے چائے بناؤ.. جی کہتی وہ کچن میں چلی گئی..

جب چائے لائی تو ولی باہر ہی پھپھو کے پاس بیٹھا خوش گپیوں میں مصروف تھا..

چائے.. ٹرے اسکی طرف بڑھائی جس میں مٹھائی بھی رکھی تھی..

..ولی کو وہ آج باہر نظر آئی تھی

ولی اسے غور سے دیکھا تھا..پنک دوپٹہ میں لپٹا خوبصورت چہرہ مرجھایا لگ رہا تھا اسکا..اور پھر کپ اٹھالیا..نیلم ٹرے وہی رکھے ..کچن میں چلی گئی

ولی اب تو تمہاری نوکری لگ ہے اب گھر بھی دیکھو..اشارہ نیلم ..کی طرف تھا

..ولی بس خاموش ہی رہا

نیلم جی ماما..یہ کیا تم ہر وقت دوپٹہ کو سر پہ باندھے رکھتی ہو..نیلم ..دوپٹہ کو حجاب کے طرح باندھا ہوا تھا جب ولی اسے دیکھ رہا تھا

ماما کہا کرتی تھی جب ولی بھا.. ولی""گھر ہوں تو میں سر ڈھک"
.. کر رکھا کروں اور انہوں بھی بہت ڈانٹا تھا

اب ولی تمہارا شوہر ہے اب مت لیا کرو اسکے سامنے حجاب ایسے"
" اچھی لگو گی تم اسے

وہ غصہ کریں گی جب ماما تھی تب بھی بہت ڈانٹا تھا" کہتی وہ چلی"
.. گئی بلقیس بیگم سر تھام گئی سمجھائے اسے اس رشتہ کی نزاکت کو

اگلے دن بھی وہ اسکول نہیں گئی تھی.. اسے ڈر لگتا تھا سکول کے
.. نام سے اب.. اور پورا ہفتہ آس نے گھر میں ہی گزار دیا

..ولی آفس میں لیپ ٹاپ پہ کام کر رہا تھا جب اسکا فون بجا..یس

" ..آپ ولی بات کر رہے ہیں

" ..جی میں ولی ہی ہوں

میں نیلم کے سکول کی پرنسپل بات کر رہی ہوں..کیا نیلم ٹھیک ہے ایک ہفتہ سے وہ اسکول نہیں آ رہی.."

نیلم کی طبیعت خراب تھی کچھ دنوں سے اب ٹھیک ہے وہ کل سے اسکول آئے گی.. ایک دو باتیں کرتے کال کٹ کردی..

ہیلو..کسے پڑھاتے ہو..کون اسکول آئے گی.. " عروج اسکے کیبن میں فائل لائی تھی اسکی آخری بات سنتے بولی..

کوئی نہیں کزن ہے میری اسکے اسکول کی پرنسپل کا فون تھا..

اچھا جی تمہاری کزن بھی ہے.."عروج اسے چھیڑتے بولی..

کچھ ہی دن ہوئے ولی کو آفس جوائن کئے.. عروج کی نیچر گھل مل جانے والی تھی.. ولی جو لڑکیوں سے لیا دیا ہی بولتا تھا مگر عروج سے دوستانہ انداز ہی میں بات کرتا تھا..

پنک کلر کا سوٹ پہنے گلے میں دوپٹہ ڈالے سیاہ بالوں کو کھلا چھوڑتے گندمی رنگت میں ہلکا سا میک اپ کئے ہوئے وہ اچھی لگ رہی تھی..

ہاں ہے ایک.. اب تمہیں کیا فیملی کا بایئو ڈیٹا نکال دوں.. ولی لیپ ٹاپ سے نظریں ہٹا کر اسے دیکھتا بولا..

ہاں فیملی سے یاد آیا تم نے تو اپنے فیملی بارے بتایا ہی نہیں.. عروج اسکے سامنے کرسی پہ بیٹھتی بولی..

میری فیملی..ایک دم سے نیلم کا چہرہ اسکے سامنے آیا..بس میں ایک ہی ہوں..ایک ماما تھی تین مہینہ ہو گئے انکی دیتھ کو..

اوہ..مطلب اکیلے ہی ہو کوئی آگے پیچھے نہیں تمہارے..

چھڑے چھانٹ ہو..عروج اسکا مذاق اڑاتے بولی..

کیا کام تھا تمہیں میری نئی جاب ہے کیوں نکلوانا چاہتی ہو..ولی اسکا مذاق اڑانا اچھا نہیں لگا..

یہ فائل دیکھ لو پھر باس کے سگنیچر لینے ہیں..اور اٹھ گئی عروج کو دل میں خوشی ہوئی تھی ولی کا سن کر وہ کسی ریلیشن میں نہیں ہے

..شام کو ولی آفس سے گھر آیا

..اسلام علیکم پھپھو..ولی نے جھک کر پھپھو سے پیار لیا

وعلیکم السلام جیتے رہو..پھپھو صوفہ پہ بیٹھے تسبیح کر رہی تھی جب ولی انکے پاس آکر بیٹھا ...

..نیلی پانی لاؤ ولی آیا ہے.. پھپھو نے بیٹھے ہی آواز لگائی

..اسی وقت نیلم پانی کا گلاس ٹرے میں رکھے حاضر ہوئی تھی

آج نیلم نے لال رنگ کا سوٹ پہنا تھا.. خلاف عادت آج اسکا دوپٹہ سر کے بجائے گلے میں تھا.. سنہری بال کو آگے سے کیچر میں قید کیا تھا باقی کمر پہ آبشار کی طرح پھیلے تھے..
ولی نے نظریں اٹھا کر دیکھی تو دیکھتا ہی رہ گیا اسکی دودھیا رنگت پہ لال رنگ سج رہا تھا..

..اسکی نظریں خود پہ محسوس کرتی وہ نظریں جھکا گئی تھی

اپنی نظروں کو کنڑول کرتے اسنے پانی کا گلاس اٹھایا اور ایک دو گھونٹ بھرتے وہ کمرے میں چلا گیا وہ جو ابھی اسکی کلاس لینے کا ارادہ رکھتا تھا اسکول نا جانے کیلئے مگر اسکے دلکش سراپے سے نظر چرا گیا ..

یہ پھپھو کے کارنامے ہے.. جو اسے میرے سامنے اس طرح پیش کر رہی ہیں تا کہ میں اپنے ارادہ بدل لوں.. وہ کمرے میں آتے نیلم کے بارے میں سوچنے لگا.. وہ جو نیلم کو خود پہ زبردستی مسلط کیا گیا بوجھ ہی سمجھ رہا تھا مگر اسکا دل اسے دیکھتے اور ہی انداز میں دھڑکا تھا ..

نیلم کو ولی کے سامنے بہت شرمندگی ہو رہی تھی..اس طرح جانے سے.. مگر پھپھو کے کہنے پہ وہ اس طرح اسکے سامنے گئی کچن میں آتے ہی دوپٹہ کو حجاب کے انداز میں باندھ لیا..لال رنگ تو اس نے آج تک نہیں پہنا تھا..اور آج پھپھو نے کے کہنے پہ مجبوراً پہننا پڑا..

"نیلم.."

"جی پھپھو..."

بیٹا.."ولی تمہارا شوہر ہے.. تمہیں پتہ ہے نا.."آج پھپھو نیلم کو میاں بیوی کے رشتہ کی اہمیت سمجھانے کی کوشش کرتے بولی..

اس نے بس ہاں کے انداز میں سر ہلایا..

اب تمہیں ساری زندگی اسکے ساتھ رہنا ہے سکی بیوی بن کر" دیکھو اس رشتہ کی خوبصورتی کل تک ولی تمہیں کتنا ڈانٹتا تھا.. اور اب تمہیں خود ہی پڑھاتا ہے خود ہی تم سے اپنے کام کہتا ہے.. کیونکہ تم اب اسکی ذمہ داری ہو.. اور وہ اپنی ذمہ داری اچھے سے نبھا رہا ہے.. اور تم بھی اپنی ذمہ داری نبھاؤ اب.. اب جیسا میں .. کہوں تم نے ویسا ہی کرنا ہو گا

تو پھر اسکے سامنے اچھے سے کپڑے پہنا کرو.. اور یہ بال ڈھکنے کی توضرورت ہی نہیں.. پھر الماری سے ڈھونڈ کر اچھا سا لال رنگ کا سوٹ نکالا نیلم کیلئے.. اور پھر نیلم نے وہ پہن کر انکے سامنے کھڑی تھی.. بلقیس نے اسکے گھنے سلکی بالوں کی چوٹی کھول دی

کنگھے سے اسکے بال سیدھے کئے..آگے سے کچھ بالوں کو پیچھے کر کے کیچر لگایااور باقی کھلے ہی رہنے دیے اور دوپٹہ اسکے گلے میں ڈال دیا..اسکی کمسن حسن پہ ہلکاسا سنگھار بھی خوب اٹھ رہا تھا..

ولی اٹھ کر چلا گیا تھااور بلقیس مسکرا رہی تھی..اوراپنے آپ کو داد بھی دے رہی تھی..

وہ تینوں بیٹھے اب کھانا کھا رہے تھے..نیلم نے اب دوپٹہ کو اچھے سے اوڑھ رکھا تھا..ولی نے ایک نگاہ بھی نیلم کو نہیں دیکھا بس کھانے میں مصروف رہا بلقیس کا تو سارا دھیان ولی پہ تھا..

جب وہ کھا چکا تو ولی اٹھ کھڑا ..

نیلم.. "ولی نے اسے پکارا تو اس نے نیلی آنکھیں اٹھا کر اسے دیکھا..

کھانا کھانے کے بعد چائے لیکر روم میں آنا کام ہے تم " سے".. وہ سیریس موڈ میں کہتا کمرے میں چلا گیا..

نیلم پھر سے کھانے میں جت گئی..

بلقیس تو مسکرا اٹھی.. ولی نے خود ہی اسے کمرے میں بلا لیا ہے.. مطلب اب نیلم کامیاب ہو گئی ولی کی توجہ کھینچنے میں..

..نیلم بیٹا جلدی ہی سب سمیٹ کر ولی کے کمرے میں چلی جانا

..ٹھیک ہے.."ہلکی سی آواز میں کہتی وہ برتن اٹھانے لگی

اب پھر سے پھپھو بات یاد آئی تو دوپٹہ سر سے اتار کر گلے میں ڈال لیا..

چائے کا کپ تھامے وہ دستک دیتی ولی کے کمرے میں. داخل ہوئی..

ولی بیڈ پہ ہاتھ میں کتاب پکڑے بیٹھا تھا دستک کی آواز پہ دروازے کی جانب دیکھا..

نیلم ہاتھ میں ٹرے تھامے کمرے میں داخل ہوئی..وہ آہستگی سے چلتی اس تک آرہی تھی..لال رنگ کا سوٹ پہنے جس میں دمکتی دودھیا رنگت..سنہری بالوں کو کھلا چھوڑے جو کمر تک آ رہے تھے..چہرے پہ معصومیت سجائے نیلی آنکھوں کو جھپکتی وہ کوئی گڑیا ہی لگی تھی..

"اسکے بولنے پہ ہی اسکا سکتہ ٹوٹا تھا..چائے..

چائے اٹھا کر سیپ لی..

وہ ویسے اسکے سامنے کھڑی رہی..

اب کیوں کھڑی ہو..

آپ نے کہا تھا کام ہے تو بتائیں کیا کام"..انتہائی معصومانہ انداز تھا..

..ولی نے ایک بھرپور نظر اسکے دلکش سراپا پہ ڈالی تھی

..وہ معصومیت سے اپنی نیلی آنکھوں کو بار بار جھپک رہی تھی

تم اسکول کیوں نہیں جا رہی پورا ہفتہ چھٹیاں کی ہیں..پڑھنا" نہیں ہے"اپنے جذبات پہ بند ھ باند ھتا وہ تھوڑا سخت لہجہ اختیار کر گیا..

..پپ..پڑھنا ہے.."وہ بس اتنا ہی بول پائی

ارادہ تو نہیں لگ رہا پڑھنے کا بس یہ فیشن کرنا آ گیا ہے کس نے
..سکھایا یہ سب.."وہ اسے دیکھتا بولا

..پھ..پھپھونے.."معصومیت سے کہا

کیا سکھایا..."چائے کا سیپ لیتا بولا وہ ویسے ہی اسکے
..سامنے کھڑی تھی

" ..آپ میرے شوہر ہیں

..اور؟ولی نے مزید استفسار کیا

میں نے ہمیشہ..آپ کے ساتھ..رہنا ہے..بیوی بن کر..ٹرے کو ہاتھوں میں مضبوطی سے پکڑے اس نے رک رک کر الفاظ ادا کیے..

ولی کے ہونٹوں پہ مسکراہٹ آئی چائے کا کپ میز پہ رکھ کر اسکا ہاتھ تھام لیا..

تو کیا تم رہو گی میرے ساتھ میری بیوی بن کر"لہجہ میں پیار سموئے ولی نے اسکی نیلی آنکھوں میں جھانکا تھا..تو وہ نظریں جھکا گئی..

..تو ولی نے اسکا ہاتھ چھوڑ دیا

ان فضول باتوں کو چھوڑ کر بس اپنی پڑھائی پہ دھیان دو کل ریڈی رہنا صبح سکول جانے کیلئے کوئی بہانہ نہیں..ایک دم سے تیور بدلہ اور وارن کرنے والے انداز میں بولا.

..میں نہیں جاؤں گی سکول.."نیلم نے بھی چڑ کر کہا

کیوں"؟

..وہ لڑکے تنگ کرتے ہیں.."وہ روہانسی ہوئی

اچھا جب تنگ کرتے تھے تب تو نہیں بتایا.. "نہی کرتے اب تنگ ایسا سبق سکھایا ہے کہ دوبارہ ایسا کرتے وقت مجھے یاد کریں گے.. "

..وہ اسے دیکھ رہی تھی

جاؤ سو جاؤ صبح پھر جانا ہے اسکول اور میں تمہیں خود لینے آؤ گا " ٹینشن نہیں لو.. "

..وہ جانے کیلئے مڑی تھی

..بات سنو" ولی نے اسے پکارہ تو پھر اسے دیکھا

..ادھر آؤ" ہاتھ کے اشارے سے پھر پاس بلایا

..وہ آہستہ سے چلتے اسکے قریب آئی

پھپھو کی باتوں پہ دھیان دینے کے بجائے اپنی اسٹڈی پہ فوکس
..کرو ابھی تمہارے لئے سب سے زیادہ اہم اسٹڈی ہے تمہاری
"

..نیلم محض ہاں کے انداز میں سر ہلایا..اور چلی گئی

..پھپھو کو میری بات پتہ نہیں کیوں سمجھ نہیں آتی

نیلم کا یہ روپ اس نے پہلی بار دیکھا تھا جو اسے بہکانے کا پہ در تھا ..

نیلم کمرے آتے ہی لیٹ گئی .. بلقیس جو سونے لگی تھی اسے اپنے ساتھ لیٹتا دیکھ حیران ہوئی ..

" .. تمہیں ولی نے کمرے میں بلایا تھا گئی نہیں

"..ہاں گئی تھی.."انہوں نے کہا ہے سو جاؤ"

بلایا کیوں تھا..؟

وہ کہہ رہے صبح اسکول جانا ہے..پرنسپل میم نے شکایت کی ہے..
.."کہتے ہی آنکھیں بند کر لیں

وہ خامخواہ غلط فہمی میں مبتلا ہو گئی تھی..غصہ تو آیا ولی پہ..آخر
..چاہتا کیا ہے

..اگلے دن ولی نے نیلم کو اسکول چھوڑا اور آفس کے لئے نکل گیا

بات سنو.."نیلم اپنی کلاس میں جا رہی تھی جب پیچھے سے حبہ
..نے آواز دی

جی "وہ اسکی طرف متوجہ ہوئی

"کہاں تھی اتنے دن اسکول کیوں نہیں آئی"

مجھے بخار تھا کئے نہیں آئی "نیلم بولی

" .. تم سے کام ہے کلاس کے بعد اسٹاف روم میں آنا"

.. نیلم بریک ٹائم حبہ کے پاس گئی

.. مس حبہ "آپ نے بلایا تھا

..حبہ نے پرس سے لیٹر نکال اسے تھمایا

اسے بیگ میں رکھ لو اور گھر جا کر ولی کو دے دینا..دھیان سے

..کسی کو پتا نا چلے

اگر یہ کام کرو گی میرا تو انگلش کے ٹیسٹ میں اچھے نمبر دوں"

"..گی

..ٹھیک ہے.."نیلم نے لیٹر کو اپنے بیگ میں رکھ لیا

چھٹی ٹائم ولی ہی اسے لینے آیا تھا..حبہ نے آنکھ سے نیلم کو اشارہ کیا تھا..کہ وہ اسکا کام کر دے..ولی نے ہمیشہ کی طرح اسے اگنور ..کر دیا..ولی اسے گھر چھوڑتا واپس آفس چلا گیا

..رات کو کھانا کھانے کے بعد ولی کمرہ میں چلا گیا

اب نیلم نے سوچا کہ اسے لیٹر دے دے.. کل انگلش کا ٹیسٹ ہے بنا پڑھے ہی نمبر اچھے آجائے گے.. یہی سوچتے اس نے بک اٹھائی جس میں لیٹر رکھا تھا اور ولی کے کمرے میں جانے کیلئے اٹھی تھی..

..تم کہاں..اسے کمرے سے نکلتا دیکھ پھپھو بولی

ولی..ولی کے کمرے میں..کام تھا..کتاب ہاتھ میں پکڑے بولی..اور اپنے کمرے نکلتی ولی کے کمرے میں آئی..خود کی شامت کو دعوت دینے..

..ولی لیپ ٹاپ پہ کچھ کام کر رہا تھا جب نیلم اسکے کمرے میں آئی
..اسکے ہاتھ میں کتاب تھی
..چہرہ پہ ہلکی سی مسکراہٹ تھی

" ..آپ کو کچھ دینا تھا

..کیا" لیپ ٹاپ سے دھیان ہٹا کر اسکی طرف دیکھا

کتاب کھول کر ایک کاغذ اسکی جانب بڑھایا اپنی مسکراہٹ کو دباتے اسنے..

" ..یہ مس حبہ نے آپ کے لئے دیا تھا

..ولی نے کاغذ پکڑا اسے کھولا تھا..اور لیٹر پڑھنا شروع کیا

" ولی چار سال بعد تم مجھے نظر آئے ہو.. بہت کچھ بدل گیا ان سالوں میں اگر نہیں بدلا تو وہ تم ہو.. اور نہیں بدلی وہ میری محبت ہے.. اکیڈمی میں بھی تم مجھے اس طرح ہی نظر انداز کرتے تھے جیسا کہ اب کرتے ہو..روز تمہیں دیکھنے کے لیے صبح جلدی اسکول آتی ہوں..بہت کوشش کی کے تمہیں روک لوں مگر تم نہیں ہاتھ آتے..

میں تم سے ملنا چاہتی ہوں.. تمہیں اپنا حال دل سنانا چاہتی ہوں.. میرے خط کا جواب ضرور دینا.. فقط تمہاری حبہ..

ولی پڑھتے ہی غصہ سے سارا کاغذ کو ہاتھوں میں نوچ کر اسکا گولا بنا کر ڈسٹ بن میں پھینک دیا..

نیلم تو اسکے غصہ سے خائف ہوتی اپنی جگہ پہ منجمد کھڑی تھی.. اسکے ایک دم سے بدلہ تیور دیکھ خوف سے اسکی نیلی آنکھیں پھیلی تھی.. وہ بیڈ پہ بیٹھے کڑے تیور لئے اسے گھور رہا تھا..

نیلم کیا ہے یہ سب "تم میں عقل نام کی کوئی چیز ہے یا نہیں.." وہ سخت لہجہ اختیار کر چکا تھا..

تم نے اس سے یہ لیٹر لیا ہی کیوں.. "آج کے بعد ایسی کوئی بھی بیوقوفی کی نا تو اچھا نہیں ہوگا.. میں نرمی سے پیش آرہا ہوں اسکا یہ مطلب نہیں ہے جو دل میں آیا وہ کرو گی.. "وہ غصہ سے بول رہا تھا.. اسکی آنکھیں چھلکنے کو بیتاب تھی..

میں کون ہوں.. "ولی نے دانت پیستے پوچھا اس سے..

و.. ولی.. "وہ اتنا ہی بول پائی تھی آنکھوں سے موتی کی طرح آنسوں ٹپ ٹپ گرنے لگے..

رونا بند کرو پہلے اور پھپھو نے کل کیا بتایا تھا میں کون ہوں کیا لگتا ہوں تمہارا.. "وہ سخت لہجہ میں بولا

..وہ اپنے ننھے دماغ پہ زور دیتی بولی

" .. شش.. شوہر ہیں"

شوہر کا مطلب میں تمہیں ابھی سمجھانا نہیں چاہتا تھا مگر مجھے لگ رہا ہے کہ سمجھانے کی ضرورت پیش آرہی ہے.. وہ بیڈ سے اترتے اسکے مقابل کھڑا ہوا تھا دونوں ہی آمنے سامنے تھے.. نیلم سر جھکائے رو دی.. مگر ولی نے تھوڑی سے تھام اسکا چہرہ اونچا کیا.. نیلی آنکھوں سے برسات جاری تھی گوری رنگت رونے سے سرخ پڑ چکی تھی..

..ولی نے چہرہ اسکے چہرے سے مزید قریب تر کر لیا تھا

نیلم کی اسکی قربت خان حلق میں آئی تھی..جب وہ مزید چہرہ کو پاس لے جاتے اسکے ہونٹوں پہ جھکا تھا..اسکی حرکت پہ نیلم کا دل میں تلاطم برپا ہوا تھا..ننھا سا دل پھڑ پھڑانے لگا تھا..اپنے پیروں پہ کھڑے رہنا محال ہو گیا تھا..ولی اسکی کمر میں ہاتھ ڈالے اسے تھام چکا تھا..نرمی سے اسکے لبوں کو آزاد کیا تھا..وہ مکمل اسکے حصار میں تھی..اپنا توازن برقرار رکھتے ہوئے سیدھی ہوئی تھی نظریں مارے شرم کے جھکی ہوئی تھی..

وہ اسکے سراپہ کو سرتاپیر غور سے دیکھتا اسے آزاد کر گیا..گلابی پرنٹڈ سوٹ پہنے دوپٹہ مزاحمت کے دوران گلے سے ہاتھوں آچکا تھا جسے درست کرتی وہ سارا آگے کو پھیلا گئی..

بس سمجھانے کے لیے اتنا ہی کافی ہے ابھی سو جاؤ.. گھمبیر لہجہ میں کہا.. تو وہ باہر جانے کے مڑی..

کہاں "اسے باہر جاتا دیکھ روک گیا..

اپنے کمرے میں.. "جھکی نظروں سے کہا ہمت نہیں تھی اس سے نظریں ملانے کی..

یہاں سو جاؤ.. "اپنے بیڈ کی طرف اشارہ کیا تھا..

نہیں.. "اسے دیکھتی نفی میں سر ہلاتے ہوئے بولی..

تمہیں سمجھ نہیں آئی میری بات شاید.."اسے دیکھتا سخت لہجہ میں بولا..

مگر وہ ٹس سے مس نا ہوئی اور اپنی جگہ پہ جمی سر جھکائے کھڑی رہی..

نیلم..بیڈ پہ جاؤ..ورنہ یہی سین دوبارہ دہراؤں گا..اسکی دھمکی کام کر گئی اور جلدی سے بیڈ پہ چڑھتی کمبل تان کے دوسری طرف منہ کئے لیٹ گئی..

دل کے تار تو ولی کے بھی چھڑ گئے تھے جو وہ نہیں کرنا چاہتا تھا وہ کر گزرا تھا.. خود پہ اختیار ہی کھو بیٹھا تھا.. اب عقل آ رہی کیا کر بیٹھا..

ایک نگاہ بیڈ پہ لیٹے وجود پہ ڈالی.. کہاں سے پلے پڑ گئی میرے" کوفت سے سوچا تھا..

دوسری سائیڈ آ کر لیٹ گیا تھا.. نیلم کو وہ اپنے عقب میں لیٹا محسوس ہوا تھا.. دل تھا زور وسے دھڑک رہا تھا.. زور سے آنکھیں میچ لی تھی.. مگر اسے نیند ہی نہیں رہی تھی.. بہت ہی عجیب سا لگ رہا تھا ولی کے ساتھ اسکے بیڈ پہ یوں لیٹنا.. مگر پھپھو کی سمجھائی باتیں یاد آنے لگی.. "ولی تمہارا شوہر ہے اسکی ہر بات ماننا تم پہ لازم ہے"

..پھر آنکھیں بند کئے سونے کی کوشش کرنے لگی

مقابل کو بھی کہاں نیند آنی تھی اپنی آغوش میں لیٹے وجود کے بارے میں بس سوچے جا رہا تھا.. کتنی کوششوں کے باوجود بھی اسے خود سے دور نہیں رکھ سکا تھا.. آنکھیں بند کئے سونے کی کوشش کرنے لگا..

بلقیس کی آدھی رات کو آنکھ کھلی تھی نیلم کمرے میں نہیں تھی.. ..وہ جب تک جاگتی رہی تھی نیلم آئی نہیں تھی

ولی کے کمرے میں جانے کا بول کر گئی تھی اور واپس ہی نہیں آئی..

پھر اٹھ گئی وضو کر کے نفل پڑھنے لگی تھی..

صبح نو بجے کے قریب ولی کی آنکھ کھلی تھی اپنے عقب میں سوئے ہوئے وجود پہ نگاہ ڈالی تھی..

سوتے ہوئے اسکی طرف کروٹ لی ہوئی تھی اسکے بے حد قریب آئی ہوئی تھی..

ولی نے اسکی طرف کروٹ لی تھی اب دونوں کے چہرے آمنے سامنے تھے..

اسکے چہرہ پہ بکھری سنہری زلفوں کو آہستہ سے سمیٹا تھا..

..چہرہ پہ چھائی بلا کی معصومیت گھنی پلکوں کے جھالر گرائے

..وہ سیدھی اسکے دل میں اتر رہی تھی

..اپنی تمام سوچوں پہ لعنت بھیجی تھی اور بیڈ سے آٹھ گیا تھا

اب احساس ہو رہا تھا وہ رات غلط کر چکا ہے..وہ ایسا ہر گز نہیں

..چاہتا تھا

..کچھ دیر بعد وہ فریش ہو کر کمرے سے باہر آیا تھا

..پھپھو سامنے ہی کچن میں بیٹھی تھی

..انکا پاس چلا گیا

" اسلام علیکم پھپھو

" وعلیکم السلام

" اٹھ گئے ولی بیٹا

جی پھپھو چائے تو بنا دیں " وہ کرسی کھینچ کر بیٹھا

..کچھ ہی دیر میں پھپھو چائے بنا کر اسکے سامنے رکھی

..آس نے چائے کا کپ اٹھایا تھا

نیلم سو رہی ہے کیا.." پھپھو کے سوال پہ منہ کو کپ لگاتے ہاتھ

..رکھ

..جی "یک لفظی جواب دیتا اس نے چائے کا سیپ لیا

..مجھے خوشی ہوئی تم نے میری بات کا مان رکھ کر اسے اپنا لیا

ابھی بچی ہے مگر سمجھدار بھی ہے آہستہ آہستہ وہ سب سنبھال لے گی.."

سمجھدار تو وہ کہیں سے بھی نہیں ہے.. ورنہ اسے اپنے اور میرے رشتہ کی اہمیت کا ضرور پتا ہوتا.." وہ پھپھو کو دیکھتا بولا..

کیا مطلب ہے تمہارا" وہ نا سمجھی سے بولی

میری اکیڈمی میں ایک لڑکی تھی حبہ وہ اب نیلم کے سکول ٹیچر ہے.. اکیڈمی میں بھی میرے پیچھے پڑی تھی.. پھر اکیڈمی چھوڑ

دی..اب اسنے مجھے پھر دیکھ لیا ہے..زہر لگتی ہے وہ مجھے..کل نیلم کے ہاتھوں مجھے اس نے خط بھیجا تھا..اس میڈم کے ہاتھوں..اب آپ خود سوچیں اگر اسے اتنی عقل ہوتی تو کیا وہ لیٹر اس سے لیکر مجھے دیتی..وہ خالی کپ ٹیبل پہ رکھتے پھپھو کی سوالیہ نظروں سے متوجہ ہوا..

تو تم اسے احساس دلاؤ اپنے رشتہ کا.." پھپھو بولی..

رات کو سمجھا دیا اچھے سے عقل ٹھکانے لگ گئی ہو گی یا شاید پہلے سے بھی گئی..

ولی.. کیا کیا تم نے اسکے ساتھ.. کہیں کچھ غلط تو نہیں کر دیا ابھی

..وہ.. پھپھو کو نیلم کیلئے پریشانی لاحق ہوئی

پھپھو.. کچھ نہیں کیا آپ کی چہیتی کیساتھ بلکہ ٹھیک ہے.. ولی انکی

.. بات کاٹتا بولا

اتنا گیا گزرا نہیں ہوں میں.. حد ہے ویسے جلاد ہی سمجھا ہوا مجھے..

..وہ ناراضی سے بولا

..اور کمرے میں چلا گیا

کمرے میں تو وہ پورے استحقاق کیساتھ اسکے بیڈ پہ براجمان

.. تھی

" ..لو جی یہ محترمہ ابھی تک سو رہی ہے.. اتنا کون سوتا ہے

..شاور لینے واشروم میں بند ہوا

کچھ دیر بعد نیلم کی آنکھ کھلی تھی..تو وہ اٹھ بیٹھی سمجھنے کی کوشش کرنے لگی وہ کہاں ہے..کمرے میں نگاہ دوڑائی تو اسے رات کا منظر یاد آیا تھا..اور وہ اس وقت ولی کے کمرے میں ہے..آج اتوار تھا ولی گھر ہوتا ہے..وہ ابھی بھی گھر..ابھی سوچ ہی رہی تھی کہ ولی ٹاول سے بال رگڑتا واش روم سے باہر آیا تھا..وہ اس وقت شرٹ لیس تھا..

ولی نے ایک سرسری سی نگاہ اس پہ ڈالی تھی..تو وہ اسے دیکھتی نظریں جھکا گئی..

نیند سے بھری خمار آلود آنکھیں..ٹکڑے سنہری بال جو چوٹی سے بھی نکل رہے تھے..دوپٹہ سے بے نیاز..انتہائی معصومانہ انداز نازک سا سراپہ لئے..اسکے بیڈ پہ براجمان تھی..

..اب ڈریسنگ کے سامنے کھڑا تھا شیشہ کی اوٹ سے دیکھ رہا تھا گڈ مارننگ میڈم صبح ہو گئی ہے.. "آنکھیں نیند میں بھرائی ہوئی تھی ..

نیلم کو سمجھ نہیں آرہا تھا کہ کیا کرے بیڈ سے اٹھے کہ نہیں.. وہ سر جھکائے اس کے حکم کی منتظر تھی ..

مم.. میں جاؤں اب اپنے کمرے میں "معصومیت بھرے انداز" پوچھا ..

..ولی کو ایک پل کیلئے اسکے اس انداز پہ ٹوٹ کر پیار آیا تھا " ..آہستگی سے چلتا اسکے پاس آیا بیڈ کے قریب "

وہ اسے دیکھتے پھر سے نظریں جھکا گئی.. "اسکا ننھا سا دل پسلیاں توڑ کر باہر آنے کو تھا..

ایم سوری آگے سے دھیان رکھو گی مس حبہ آپکے بارے میں" بہت پوچھتی رہتی ہیں.. انہوں نے کہا تھا وہ مجھے ٹیسٹ میں اچھے نمبر زدیں گی.. اسلئے میں نے انکی بات مان لی.. "اب میں ایسا نہیں کروگی.. "ڈرتے ڈرتے اس نے جلدی سے طوطے کی طرح بولنا شروع کیا.. اسے لگ رہا تھا ولی اس پہ رات کی طرح غصہ کرے گا..

جاؤ یار.. جلدی" ولی کو تو اسکی بکواس پہ بے حد غصہ آیا تھا.. مطلب کے وہ ابھی بھی یہی سمجھ رہی تھی کہ وہ اسکے کمرے میں وہ سزا میں ہے..

..تو وہ ایک سیکنڈ کی دیر کیا بنا..رفو چکر ہوئی وہاں سے
اسکی اتنی سی عقل میں یہ بات ابھی بھی داخل نہیں ہوئی کہ میں
اسکا.." نفی میں سر ہلاتا وہ کپڑے نکالنے لگا

آزادی ملتے ہی وہ اپنے کمرے میں آئی..اسے اب بے حد غصہ
..آرہا تھا..اپنے آپ پہ کہ وہ کیوں گئی تھی ولی کے کمرے میں

پھر سارا دن وہ ولی کے سامنے نہیں آئی..کمرے سے وہ
..بلا ضرورت باہر نہیں نکلی تھی

اب رات ہونے کو آئی تھی کھانے کے ٹائم بھی باہر نہیں نکلی تھی ..

..نیلی کھانا تو کھالو.. بلقیس اسکی صبح سے حرکتیں دیکھ رہی تھی ..اور تم باہر کیوں نہیں آئی "آج

باہر ولی ہوں گے.. "اس لئے

کیوں ولی نے کیا کہا تمہیں جو تم اسکے سامنے نہیں جا رہی.. " ..بلقیس نے پوچھا

.کیونکہ وہ.. "وہ.. نیلم کو سمجھ ہی نہیں رہا تھا کہ کیا بتائے

نیلم.. تمہیں اسکے ساتھ رہنا ہے وہ تمہارا شوہر ہے اسکا تم پہ تمہارے وجود پہ پورا حق ہے.. "بلقیس اسے اپنے تئیں سمجھاتے ہوئے بولی..

مجھے نہیں رہنا انکے ساتھ.. ایسے شوہر ہوتے ہیں.. "وہ ضدی لہجہ میں بولی..

سچ کہہ رہا تھا ولی.. ہوش کے ناخن لو زرا تم بھی
نیلم ولی تمہارا شوہر ہے! تمہارا ہے وہ اس پہ صرف تمہارا حق ہونا چاہیے.. یہ رشتہ بہت نازک ہوتا ہے کہیں وہ تمہاری کم عقلی کی

وجہ سے تمہارے ہاتھ سے نا نکل جائے.." تمہیں کیا ضرورت ہے تم اپنی مس کا خط ولی تک پہنچاؤں..

پھپھو غلطی ہو گئی مجھ سے اب ولی کی طرح آپ بھی مجھے ڈانٹ رہی ہیں.." ..

میں سمجھا رہی ہوں تمہیں.. محبت کا جذبہ پیدا کرو ولی کیلئے اپنے دل میں.." پھپھو نے اسے سمجھانے کی پوری کوشش کی..

محبت ولی سے.. نہیں.." جھرجھری سی لی اس نے دل میں کہتے..

..

اگلی صبح ولی اس سے پہلے باہر کھڑا تھا تیار اور بائیک باہر نکال لی
..اتنے میں وہ باہر آئی اسکول یونی فارم پہنے تیار

ایک عجب کشش تھی اس میں جو ولی کو متوجہ کرتی تھی اپنی
جانب..اسکے پیچھے آن بیٹھی اور اس نے بائیک اسکول کے رشتہ
پہ ڈالی..نیلم نے ولی کے بجائے پیچھے لگے اسٹینڈ مضبوطی سے تھاما
تھا..ولی نے اسکی یہ حرکت نوٹ کی تھی اسکول کا راستہ خاموشی
سے تھما تھا..اسکول آتے ہی وہ چپ چاپ بنا اسے دیکھے اسکول
..کے اندر چلی گئی
..اتنی اکڑ" وہ بس سوچتا رہ گیا اور اب آفس کی طرف چل پڑا

حبہ نے ولی کو اسکول کے اوپر والے فلور سے دیکھا تھا وہ بڑی بے چین تھی ولی کے جوابی خط پڑھنے کیلئے..

بریک ٹائم حبہ نیلم سے ملی..

بات سنو میری جو کام کیا تھا وہ کیا..جواب دیا ولی نے "وہ ایکسائیٹڈ تھی..

انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا"اور پلیز آپ اب ایسا مت " کرنا"نیلم کو غصہ آیا تھا حبہ پہ مگر قدرے تحمل سے بات کی حبہ کو غصہ آیا تھا..اور وہ چلی گئی..

کلاس میں وہ اسکے ساتھ سختی سے پیش آئی تھی اور ٹیسٹ کے بعد نمبر بہت کم دیے تھے جبکہ اسکا ٹیسٹ بہت اچھا تھا.. نیلم کو تو رونا آنے لگا تھا..

چھٹی ٹائم وہ باہر آئی دور دور تک اسے ولی نظر نہیں آیا تھا.. پھر کچھ دیر بعد کھڑے رہنے کے بعد اس نے پیدل چلنا شروع کر دیا.. سارے رستہ ڈرتی ڈرتی وہ چل رہی تھی اور گھر آتے شکر کا سانس لیا تھا..

ولی نے ہاتھ پہ بندھی گھڑی میں ٹائم دیکھا جو تین بجا رہی تھی..

وہ نیلم کو اسکول لینے نہیں جا سکا تھا.. اپنے کیبن میں کرسی پہ بیٹھا اسی کے بارے میں سوچ رہا تھا.. اسکا معصوم چہرہ اسکے آنکھوں کے پردے کے سامنے لہرایا تو ایک دلفریب نے مسکراہٹ چہرہ چھوا تھا ..

اہم.. عروج اسکے کیبن میں آتی ہنکاری تھی.. تو وہ ہوش میں آیا کس کے خیالوں میں گم سم مسکرا رہے ہو ..

نہیں تو میں اپنا کام کر رہا ہوں.. "وہ سٹپٹایا تھا ..

اچھا تو پھر لنچ کریں.. آج میٹنگ بہت لمبی ہو گئی تھی تو بھوک بہت لگ رہی ہے.. پلیز کینٹین چل کر کچھ کھاتے ہیں نا .. "

..نہیں مجھے بھوک نہیں"وہ فائل کھول کر بولا

تو عروج نے اسکے سامنے آتے فائل بند کر دی.."تم چل رہے"
..ہو کہ نہیں..اسنے تھوڑا غصہ دکھتے کہا

..حد تم لڑکیوں کی بھی.."وہ کہتا اٹھ گیا تھا "

کون لڑکیاں"اور کتنی لڑکیوں کو جانتے ہو.."وہ اسے آنکھیں
..دکھاتے بولی

..فلحال تو تم ہی ہو"وہ کہتا آگے بڑھ گیا"

اسکی مذاق میں کہی بات وہ دل پہ لے گئ تھی.. "فلحال تو کیا بس
..میں ہی" وہ اسکے پیچھے چلتی منہ میں بڑبڑائی جو وہ سن نا سکا

..ولی گھر آیا تو نو بج چکے تھے رات کے

بلقیس نے ہی اسکے لئے کھانا لگایا تھا.. نیلم سو گئ ہے کیا.. "کھانا
کھاتے اس نے پوچھا

نہیں کمرے میں ہے" پھپھو بولی

..میں آج لینے نہیں آسکا"کام بہت تھا آج آفس میں

..کوئی بات نہیں"آگئی تھی..پھپھو نے. مسکرا کر جواب دیا

اچھا نیلم کو تو کمرے میں بھیج دینا کام ہے اس سے اور ہاں اسے
..کہیں کے ساتھ چائے بھی بنا کر لائے

اچھا ٹھیک ہے کہہ دیتی ہوں..پھپھو مسکرا کر بولیں تھی..تو وہ
..چلا گیا

"نیلم

جی پھپھو" نیلم اپنی کتابیں پھیلائی بیٹھی تھی بیڈ پہ جب پھپھو نے اسے آواز دی

بیٹا تمہں ولی بلا رہا ہے.. "کام ہے تم سے اور ہاں چائے جاتے ہوئے اسکے لئے چائے بھی لے جانا آج لی آیا .. ہے..

پھپھو میں نہیں جا رہی ہوں.. مجھے پڑھنا ہے. آپ بنا کر دے دیتی چائے

..

نیلی میں نے تم سے جو کہا ہے نہ وہی کرو چلو شاباش

نیلم کا آج آخری پیپر تھا بہت ہی ریلیکس فیل کر رہی تھی آج وہ.. بہت تھکا دیا تھا ان پیپروں نے آج اسکا دل کرن سے ملنے کو کر رہا تھا کتنی بار کرن ہی اس سے ملنے آئی تھی .. آج سوچا خود ہی چلی جائے ملنے

..کرن دیکھو کون آیا ہے دروازے پہ

کرن کی ماں نے اسے آواز لگائی..جب کرن نے دروازہ کھولا تو ..سامنے نیلم کھڑی تھی

واہ آج سورج کہاں سے نکلا ہے..وہ اسے دیکھتی حیرانی سے ..بولی

اب ساری باتیں یہیں کرنی ہے یا اندر بھی بلاؤ گی.."نیلم" ..مسکراتی بولی

"..آؤ بھی آؤ

..وہ اندر آئی کرن کی والدہ سے پیار لیا سلام کرتے

..جیتی رہو "خوش رہو آباد رہو.." انہوں ڈھیروں دعائیں دی

آؤ تمہیں بھابھی سے ملاؤں..سامنے سے آتی اسکی بھابی کو نیلم

..نے سلام کیا

""..اسلام علیکم بھابی

وعلیکم السلام "امبر نے اسکا سر تا پیر جائزہ لیا.. گوری رنگت تیکھے نین نقش نیلی آنکھیں نیوی بلو رنگ کا سوٹ پہنے بہت خوبصورت لگ رہی تھی..

بھابھی یہ نیلم ہے.. میری فرینڈ.. "کرن نے اسکا تعرف کروایا..

امبر میری بات سننا.. "رافع کمرے سے نکلا تھا نیلم کو دیکھتے چونکا

نیلم آئی ہے.. "رافع مسکراتا بولا..

اسلام علیکم رافع بھائی "نیلم نے مسکراتے سلام کیا"..

..وعلیکم السلام" کیسی ہو

..ٹھیک ہوں..اسنے مسکراتے کہا

امبر کو اچھا نا لگا رافع کا اس سے یوں مخاطب ہونا وہ بھی مسکرا کر..

..اور اوپر سے اسکا اتنا خوبصورت ہونا

..رافع واپس کمرے میں چلا گیا

..نیلم وہیں صحن میں بیٹھ گئی جہاں اسکی ماں بیٹھی ہوئی تھی

نیلم تمہیں پتا ہے ہمارے ہاں خوشخبری ہے.. کرن نے پرجوش ہوتے کہا..

کیا" نیلم نے تجسس سے پوچھا..

بھابھی ماما بننے والی ہے اور میں پھپھو.. اس نے خوشی سے کہا

مبارک ہو تمہیں.." نیلم نے مسکراتے کہا..

خیر مبارک" ویسے تم مجھے خالہ کب بناؤ گی.. کرن نے اسے چھیڑتے کہا..

" ..تو وہ خاموش رہی اسکی بات تو سمجھ گئی تھی مگر جواب نا بن پایا

کرن جاؤ نیلم کیلئے کچھ کھانے پینے کیلئے لاؤ..حاجرہ بیگم نے اسے ٹوکا تھا..

..جی ابھی لائی"..نیلم بھی اسکے ساتھ چلی گئی

..امبر تو ابھی بھی حیرت سے اسے تک رہی تھی

..یہ شادی شدہ ہے..وہ اپنی ساس کے پاس بیٹھتی بولی
..جبکہ نظر ابھی بھی کچن میں بیٹھی نیلم پہ تھی

" ..ہاں.. تمہاری شادی سے کچھ عرصہ پہلے اسکا نکاح ہوا تھا

مگر یہ تو بہت چھوٹی لگ رہی ہے.." وہ ابھی بھی حیرت میں مبتلا تھی ..

چھوٹی سی تھی جب اسکی خالہ اسے لائی تھی..ماں تو پیدا ہوتے چل بسی تھی..حاجرہ بیگم نے شروع سے آخر تک کی ساری کہانی سنائی تھی اسے..

اچھا کرن دیر ہو رہی ہے میں چلتی ہوں.." کافی دیر اسکے ساتھ گپے ہانکنے کے بعد اس نے اجازت طلب کی ..

..یار رک جاؤ اور "کرن نے اسے مزید روکنا چاہا

نہیں رک سکتی ولی آنے والے ہوں گے.. "انہیں بغیر بتائے آئی ..ہوں.. تو انہیں اچھا نہیں لگے گا.. "اس نے اپنی مجبوری بیان

کرن جانے دو اسے ماشاللہ بہت ہی سمجھداری کی بات کی ہے".. ..کرن کی ماں نے اسے ٹوکا

..اچھا میں چلتی ہوں.. کہتی وہ چلی گئی

..آج پھر عروج نے جان بوجھ کر بس مس کر دی

اور وہ بس اسٹاپ پہ کھڑی تھی شام کے سائے رات میں ڈھل رہے تھے جانتی تھی ولی ضرور اسے دیکھتے اسکے پاس آئے گا اور یہی ہوا..

ولی وہاں سے گزر رہا تھا جب اسے بس اسٹاپ پہ اکیلے کھڑے دیکھا..

"تم نے پھر بس مس کر دی"

" .. نہیں خود چھوڑی ہے"

"کیوں؟؟ وہ حیران ہوا..

کیوں کہ رش ہی اتنا تھا بس میں پاؤں دھرنے کی جگہ نہیں تھی..

.."اسے آرام سے کہا

" ..اچھا آؤ میں تمہیں چھوڑ دوں

.. نہیں میں چلی جاؤ گی تم رہنے دو" جان بوجھ کر انکار کر دیا "

آجاؤ اگلی بس دیر سے آئے گی.."ولی نے اسرار کیا تو وہ

.. پیچھے بیٹھ گئی.. فاتحانہ مسکراہٹ بکھری تھی اسکے چہرے پہ

.. تھوڑی دیر میں وہ اسکے گھر کے سامنے تھے

ولی آج تو تمہیں آنا پڑے گا میرے گھر.. "زبردستی اسے اپنے ساتھ لیے گھر میں داخل ہوئی ..

" ..بابا" یہ دیکھیں کون آیا

..کون ہے "ولی.. سر اٹھا کر دیکھا تو سامنے ولی کھڑا تھا

اسلام علیکم!! ولی نے جھک کر ان سے پیار لیا تھا

" ..بیٹھو.. "جاؤ عروج بیٹے.. ولی کیلئے کھانے کا بندوبست کرو

نہیں انکل مجھے گھر جانا ہے پھر کبھی دیر ہو جائے گی..ولی"

..معذرت کرتا بولا

ٹھیک ہے پھر چائے تو پینی پڑے گی..اب کہ وہ ہنستے بولے تو ولی

..منع نا کر سکا

..عروج کچن میں چلی گئی

تو کون کون ہے تمہارے گھر میں..احمد صاحب استفسار کیا

کوئی نہیں میں خود ہوں.."وہ مسکراتا بولا

تمہارا باپ ولید بہت اچھا انسان تھا.. بہت کم زندگی لکھوا کر لایا تھا.. وہ ماضی کو سوچتے افسردگی سے بولے ..

"..آپ جانتے ہیں میرے بابا کو"..ولی متجسس ہوا

ہاں تمہاری ماں انیلا کو بھی.. وہ دونوں میرے یونیورسٹی فیلو تھے.. اور بہت ہی اچھے دوست بھی .." ..

..وہ مسکرا کر بولے

"..کیا.."وہ حیران بھی ہوا اور خوش بھی ..

..اتنے میں عروج چائے بھی لے آئی اور ساتھ کچھ لوازمات بھی

..ولی نے بس چائے ہی لی

..چائے ختم کرتے ہی اس نے گھر کی راہ لی تھی

بہت ہی اچھا بچہ ہی بلکل اپنے باپ کی طرح ہے"..اسکے جاتے

..ہی احمد صاحب بولے

..بابا آپ کو ولی پسند ہے نا..عروج مسکراتی بولی

مجھے تو پسند ہے مگر تم کچھ زیادہ ہی پسند کرتی ہو"..احمد صاحب

..اسے جانچتے بولے تو وہ شرما گئی

اگر تم دونوں راضی ہو لڑکا اچھا ہے مجھے پھر کوئی اعتراض نہیں ہے..وہ رشتہ مانگے مجھ سے تمہارا پھر.."

رشتہ..؟؟وہ سوچ میں پڑی

"وہاں

مگر میں نے اس قسم کی کوئی بات نہیں کی اس سے آپ اگر خود اس سے بات کر لیتے تو.."

اچھا ٹھیک ہے اگر اسکی زندگی کوئی اور لڑکی ہوئی تو.." وہ خدشہ سے بولے..

نہیں ایسا نہیں ہے وہ.." وہ یقین سے بولی..

تو پھر ٹھیک ہے.. وہ مسکراتے بولے..

تھینک یو بابا.. آپ بہت اچھے ہیں.." وہ خوشی سے کھل اٹھی تھی..

کرن نے گھر سے آنے کے بعد وہ سوچوں میں گم تھی..

..کرن کی باتیں اسکے دماغ میں گردش کر رہی تھی

وہ اب نادان نہیں رہی تھی..اس گزرے عرصہ نے اسے کافی
..سمجھدار بنا دیا تھا اور وقت سے پہلے ہی بڑا کر دیا تھا
..دل نہیں لگ رہا تھا بوریت سی ہو رہی تھی

ٹی وی چلا کر بیٹھ گئی..سرچنگ کرتے ایک مووی سامنے آگئی..تو
"..وہ دیکھنے لگ گئی
..اسے ولی کی آمد کا اندازہ نا ہوا تھا

ولی جب گھر کے اندر آیا تو اسکی نظر نیلم پہ گئی جو ٹیوی دیکھنے میں مگن تھی.. جبِ ٹیوی پہ چلتے مناظر پہ نگاہ گئی جہاں رومینٹک مناظر چل رہے تھے..

ولی ٹیوی کے سامنے جا کھڑا ہوا تھا.. نیلم کے ہاتھوں سے ریموٹ چھوٹ کر زمین پہ گرا تھا اچانک اسکی آمد سے..

اپنی جگہ پہ ساکت ہو گئی..

کیا ہوا.. بہت رومینٹک فلمیں دیکھی جا رہی ہیں.. وہ اسکے برابر بیٹھتا بولا..

نیلم کی تو جان نکل رہی تھی..بولا بھی کچھ نہیں جا رہا تھا..اپنی نیلی آنکھوں کو بار بار جھپکائے جا رہی تھی..

میں اینوی صبر کئے بیٹھا ہوا ہوں..بیوی تو میری بڑی رومینٹک ہے,,,..وہ اسکی کمر میں ہاتھ ڈالے اسے ساتھ لگا چکا تھا,, ..جبکہ نیلم کی آنکھوں سے تو آنسو جاری ہو گئے تھے..

وہ سین تو بڑا انجوائے کر رہی تھی بس میرے پاس آتے یہ آنسو بہانا شروع کر دیئے ہو..

اسکی ٹھوڑی کو پکڑتے اونچا کیا تھا..

لرزتے ہونٹ اسے دعوت دے رہے تھے مگر وہ اپنے جذباتوں پہ بند باندھ کر اٹھ گیا تھا..

نیلم کی تو جان میں جاں آئی تھی.. وہ منظر تو اچانک سے شروع ہو گیا تھا اور وہ چینل چینج کرنے والی تھی کہ ولی آ گیا اوپر سے..

اور ریموٹ اسکے ہاتھ سے چھوٹ گیا..

وہ تو ولی کا سامنا کرنے سے گھبرا رہی تھی کتنا غلط سوچ چکا تھا اسکے بارے میں..

ولی چینج کر کے فریش سا باہر آیا تو نیلم کھانا لگا چکی تھی..

اسے دیکھتا وہ اپنی کرسی پہ بیٹھا تھا..

.. پیپر ہو گئے تمہارے" کھانا اپنی پلیٹ میں ڈالتے ہوئے بولا"

جی.. "آج لاسٹ تھا.. وہ آہستگی سے بولی جو وہ مشکل سے سن پایا..

آگے کا کیا ارادہ ہے کچھ سوچا بھی ہے یا فلمیں ہی دیکھنی ہے,,..
..روٹی کا نوالہ بنا کر منہ میں ڈالتا ہوا بولا

نیلم نے نظریں اٹھا کر اس دشمن جاں کو دیکھا جسے اب بات مل گئی تھی بنانے کیلئے..

..اب کیا کرنا ہے میں نے.. "وہ اسے دیکھتی بولی

اب ترقی کرنی ہے فیملی میں دو سے تین ہونا ہے.. وہ اسے دیکھتا ..شرارتی انداز میں بولا

جی.. "اسکے منہ سے اچانک نکلا

پڑھائی تو ہو گئی نا تمہاری بس اب اتنی ہی چھوٹ تھی.. اب اور نہیں.. اپنا کھانا ختم کرتا بڑے آرام سے بولا تھا جبکہ نیلم سے تو ..نوالہ نگلا ہی نہیں جا رہا تھا اسکی بے باک باتوں پہ

جا رہا ہوں آرم سے کھا لینا.. جلدی آجانا کمرے میں "آنکھوں ..میں شرارت تھی.. کہتا وہ کمرے کی طرف مڑ گیا

نیلم کی تو روح فنا ہو رہی تھی.. اسکا جلدی آنے کا کہنے کا مقصد وہ سمجھ رہی تھی ..

کچن کا کام نمٹا کر وہ کمرے میں آئی تھی اندر سے خوفزدہ بھی ہو رہی تھی..

پھر بتایا نہیں تم نے کیا سوچا ہے نیکسٹ.." وہ بیڈ پہ لیپ ٹاپ لئے بیٹھا تھا جب وہ ساتھ آکر بیٹھی تھی ..

کیا کرنا ہے پھر... وہ اسکی آنکھوں میں دیکھتا بول رہا جبکہ اسے سمجھ ہی نہیں کرتا تھا ..

..فیملی بڑھانی ہے""..وہ معصومیت سے گویا ہوئی

ولی نے سر موڑ کر اس چھوئی موئی کو دیکھا جو چہرے پہ بے انتہا معصومیت سجائے ہوئے تھی..

بے وقوف لڑکی میں تمہاری آگے اسٹڈی کے بارے میں پوچھ رہا ہوں اپنے بارے میں نہیں..تھوڑا عقل کا بھی استعمال کر لیا کرو.."

"..اب تو تمہیں سمجھدار ہو جانا چاہیئے..کب تک بچی ہی رہو گی

آج تو کرن کی ماما تو کہہ رہی تھی میں بہت سمجھدار ہوں.."اس نے اپنی طرف سے بڑی مثال سے کہا..

تم کرن گئی تھی.."تھوڑا لہجہ سخت ہوا..

ج.جی..وہ گھبرا گئی تھی اسے بغیر بتائے جو گئی تھی..

کیوں..؟؟؟

وہ مجھے..اسکی بھابھی سے..ملنا تھا..بہت اچھی ہیں..اس رک رک کر بات مکمل کی..

..اسے گھبرتا دیکھ نرم پڑا تھا

..اچھا تو پھر کیا خبر ہے انکے گھر کی..آرام سے بولا

وہ کرن بہت خوش تھی..رافع بھائی کے ہاں گڈ نیوز ہے..وہ ..پھپھو بننے والی ہے..وہ خوش ہوتی بولی

"..بڑی جلدی ترقی کر لی ہے
اور یہاں... کوئی آس امید ہی نہیں..وہ منہ میں بڑبڑاتے واپس ..اپنے لیپ ٹاپ پہ کام پہ لگ گیا

..وہ تکیہ سیٹ کر کے سونے کیلئے لیٹ گئ

بس سوتی رہنا.. میرے ارمانوں پر پانی پھیر کر.. وہ برا سا منہ بناتا بڑبڑاتا رہ گیا.. اور وہ سوتی بنی

ولی آفس میں اپنے کام میں مصروف تھا جب اسے کوئی ملنے کیلئے آیا..

جب اسنے سامنے دیکھا تو حیران رہ گیا..

ارمان تم.." وہ ابھی بھی صدمہ میں تھا اسکا پرانا دوست..

..ہاں میں یاد ہے تجھے مجھے لگا تو مجھے بھول گیا ہو گا

..وہ اسکے قریب آتا اسکے گلے لگا تھا

کیسے بھول سکتا ہوں تجھے ایم سوری یار..اپنی غلطی پہ آج تک

..پچھتا رہا ہوں..وہ اسے الگ ہوتا بولا تھا

چل کہیں اور بیٹھ کر بات کرتے ہیں..ارمان نے کہا

..ہاں آفس سے اوف لے لیتا ہوں..وہ دونوں باہر نکل گئے

..اب وہ ایک کیفے ٹیریا میں بیٹھے تھے

..تو گھر آ جاتا آفس چلا آیا..وہ دونوں آمنے سامنے بیٹھے تھے

تو نے گھر سے جو نکال دیا تھا پھر کیسے آتا دوبارہ نکال دیتا پھر..وہ طنزیا بولا تھا..

..یار کیا ہو گیا ہے اب ہو گئی غلطی مجھ سے..وہ شرمندہ سا بولا

تو سوچ بھی کیسے سکتا تھا میں نیلم کیسا تھ..کرن کو چاہتا ہوں اور آج بھی اسکی وجہ سے ہی تجھے ملنے آیا ہوں..نہیں بھول پایا ان پانچ سالوں میں اسے..اور تجھ سے تو میں کبھی زندگی میں بھی نہیں ملنا چاہتا تھا..وہ پھر بھی اسے سناتے ہوئے بولا..

ہاں تو سیدھا چلا جاتا کرن نے گھر مجھے کیوں ملنے آیا پھر.. وہ خفگی سے بولا..

" .. کیونکہ تو دوست ہے لاکھ برا سہی جگر ہے اپنا

تو غائب کہاں ہو گیا تھا.. کہاں کہاں نہیں ڈھونڈا تجھے.." ولی بولا

.. میں ملک ہی چھوڑ گیا تیرے دکھ سے".. وہ مذاق اڑاتا بولا

" .. اچھا چھوڑ نگہت آنٹی کا سنا.. کیسی ہے

.. شی از نو مور"..ولی افسردہ سا بولا

..واٹ """کب..کیسے..ارمان کو شاک سا لگا

..ایک سال پہلے"..وہ اداس سا بولا

..اووہ..ایک دم سے نیلم کا خیال آیا

""" ..اور نیلم وہ کہاں ہے پھر

کہاں ہونا اس نے "میرے ساتھ ہے" اسکا تھا ہی کون ماما اور "میرے علاوہ

کیا مطلب تیرے جیسے جن کے ساتھ کیسے رہ رہی ہے وہ" وہ"
حیرت سے بولا

کیوں میرے کیا دانت باہر نکلے ہوئے ہیں کوئی خوفناک شکل"
..ہے میری.. "اسکی بات سے ماتھے پہ تیوڑی چڑھی تھی

نہیں شکل تو اچھی ہے تیری بس عادتیں خون چوسنے والی ہیں""
..وہ پچیس سالہ خوبرو ولی کو دیکھتا بولا
"بس اسکا تیرے ساتھ کوئی رشتہ بھی تو نہیں ہے"

..رشتہ ہے تو ساتھ رکھا ہوا ہے نا" ولی نے مسکراتے کہا "

..کیسا رشتہ "ارمان سنجیدگی سے بولا"

دل کا رشتہ "وہ پھر مسکراتا اور دل پہ ہاتھ رکھتا بولا..اسے اور تجسس میں مبتلا کر گیا..

" ..سہی سہی بتا پہیلیاں کیوں بجھا رہا ہے

..نیلم میری بیوی ہے.."ولی ہنستا ہوا بولا

..ارمان تو اچھل پڑا تھا اپنی جگہ سے

تجھے میں جانتا ہوں اچھے سے ایسا تو ہو ہی نہیں سکتا.. تو نے تو"
اس بچی کا خون سکایا ہوا تھا" اور اب کہہ رہا ہے بیوی ہے.." وہ
..ماننے کو تیار ہی نہیں تھا اور ولی ہنس رہا تھا

یہ ماما کی خواہش تھی.. مگر مجھے افسوس ہے کہ میں انکی لائف میں
انکی خواہش پوری نا کر سکا.. مگر اسکا میرے ساتھ کوئی خونی رشتہ
نہیں تھا اور اسکا میرے علاوہ کوئی نہیں تھا اس وقت مجبوری میں
..مجھے اس سے نکاح کرنا پڑا تھا.. مگر آج وہ میری محبت بن گئی ہے
سوچا تو کچھ اور تھا اسکے لئے مگر اب زندگی بھر کیلئے اسے ہی ہمسفر
بنانا چاہتا ہوں نادان ہے ابھی مگر وہ اچھی لگتی ہے.. اسکی نیلی
..آنکھوں میں کھو سا جاتا ہوں

ارمان تو منہ کھولے اسکی باتیں سن رہا تھا.. مگر اسکی باتوں سے "
..یقین کر چکا تھا

چل یہ تو بہت اچھی بات ہے "اب میرا کیس بھی سولو کر دے
..میری بھی شادی کرا دے.. کک. کرن کیساتھ

..ہاہا تو دونوں ہنس دیے

..اسکے گھر والے مانے تو نا.. ولی نے کہا

مان جائیں گے.. کینیڈین نیشنیلٹی ہوں.. اپنی وائف کو ساتھ
..رکھوں گا اور تمہارا دوست بھی بس کیسے بھی کر کے جگاڑ لگا لے

..تیار رہنا کل ایڈمیشن کروانا ہے کالج کا یا گھر ہی بیٹھنا ہے

..وہ صوفہ پہ بیٹھا ٹیوی دیکھ رہا تھا جب نیلم اسکے لئے چائے لائی

..میرا دل نہیں کر رہا..وہ بچوں کی طرح منہ بناتی بولی

..کیوں نہیں کر رہا.."آنکھیں سکیڑ کر اسے دیکھتا بولا"

مجھ سے نہیں پڑھا جاتا.."وہ بچوں کی طرح ضدی لہجہ میں"

..بولی

نکمی رہو گی سدا کی میٹرک میں بھی سیونٹی پرسنٹ مارکس لئے ہیں بس.. "میری ناک کٹوادی میرا اے پلس آیا تھا.." وہ اسے ڈپٹتے بولا..

نکمی کہے جانے پر اسے غصہ آیا تھا..

اچھے نمبر ہیں اب اتنے بھی کم نہیں ہے.." غصہ سے ناک پھلاتی بولی..

اتنی ناسیں نا پھیلایا کرو چوڑی ہو جائیں گی".. وہ اسکی ناک کھینچتا بولا..

..افف..اپنی ناک پکڑتی بولی جو سرخ ہو چکی تھی

"..کل تیار رہنا پہلے کالج چلیں گے پھر میں آفس جاؤں گا

..کہتے وہ کمرے میں چلا گیا

افف کیا مصیبت ہے کب جان چھوٹے گی میری پڑھائی سے.."

..وہ اکتا کر بولی تھی

کچن کے کام ختم کر کے وہ کمرے میں آئی..ولی لائٹ اوف کئے

..لیٹا تھا

..اسکی دوسری سائیڈ تکیہ سیٹ کئے لیٹی تھی

..بات سنو میری "ابھی آنکھیں. بند کی تھی کہ ولی بول پڑا"

..ہاں جی بولیں "وہ اسکی طرف منہ کرتی بولی

" ..یہ کرن کی کہیں بات وات پکی ہو گئی

..کون سی بات "وہ نا سمجھی سے بولی

شادی کی بات "ولی نے اسکے سر پہ چت لگائی جس سے اسکے بال ماتھے پہ بکھرے..

تو آرام سے بھی تو بتا سکتے تھے"..اپنے بالوں کو سائیڈ پہ کرتی غصہ سے بولی

" ..آرام سے تمہارے نکمے دماغ میں کہاں پڑتی ہے بات

..کیا ہر وقت نکمے کی رٹ لگائی رکھی ہے.."اسے اور غصہ آیا

ادھر آؤ پہلے تمہارا دماغ تو سیٹ کروں.."اسکی کمر میں ہاتھ" ڈال اسے ساتھ لگا چکا تھا..نیلم کی سٹی گم ہوئی تھی..

کیاہوایوں آنکھیں کیوں پھاڑ کر دیکھ رہی ہو..مانا ہینڈسم ہوں"
.. نظر لگاؤ گی.."ہلکی سی سمائل پاس کرتا بولا

..دور ہٹیں.."ایک دم سے سکتہ سے باہر آتی بولی

کیوں ہٹوں"تم میری ہو..تمہارا کوئی حق نہیں مجھے دور کرنے"
..کا"وہ اسکی سرخ ہوتی ناک کو کھینچتا بولا

..اسکا پارا مزید چڑھا تھا

اپنے کو چھڑانے کی ناکام کوشش کرنے لگی..ننھی سی چڑیاں کی
..مانند اسکی بانہوں پھڑ پھڑانے لگی تھی

..وہ بس اسکی حرکتیں ملاحظہ کر رہا تھا

..ایک دم سے اسکے ہونٹوں پہ جھکتا اسے ساکت کر دیا تھا

..آج پھر اسے اپنے ہونے کا احساس دلا گیا تھا

آج محبت ہی محبت تھی اسکے لمس میں اسکے لئے..اگلے ہی پل

..اسے آزاد کر دیا تھا

آرام سے لیٹی رہو کچھ نہیں کر رہا بس میری باتوں کا جواب دو.."

..اسکا سر اپنے کندھے پہ رکھتا آرام سے سے بولا

تو خاموش رہی تھی اپنے دھڑکتے دل کی زور سے سختی ہوئی
..دھڑکنوں کو سنبھالنے لگی تھی

..کرن کا کہیں رشتہ وغیرہ پکا ہوا ہے یا نہیں.."وہ اپنی بات پہ آیا

..نہیں.."سوالیہ نظروں سے اسے گھورنے لگی

..مگر آپ کیوں پوچھ رہے ہیں.."دل میں آئی بات پوچھنے لگی"

" رشتہ کرانا ہے اسکا

..رشتہ مگر کسکا" متجسس ہوئی

اپنا رشتہ کروانا.. """ایک دم سے شرارت اتر آئی اسکے دماغ میں..

..اپنا" سر اٹھا کر اسکی طرف دیکھا تھا"

ہاں" کھینچ کر کہا ہاں.. اور کیا تم سے زیادہ ہوشیار ہے.. چالاک ہے میچور ہے پڑھائی میں بھی بیوی بھی اچھی ہی ثابت ہو گی.. " اچھا ہے نا تمہاری دوست تمہارے ساتھ رہے گی" اپنی ہنسی کو" دباتے وہ ایکسپریشن انجوائے کرنے لگا اور مرچ مسالحہ لگا بات کو بڑھا چڑھا کر بولا..

..وہ بھونچکا کر رہ گئی وہ کرن نے بارے میں ایسا سوچتا ہے

ایک دم سے اٹھ کر بیٹھ گئی.. "آپکو شرم آنی چاہیے کیسی گھٹیا باتیں کر رہے ہیں.. "مس حبہ کے بعد اب کرن بھی.. وہ غصہ میں جو منہ میں آیا بولتی چلی گئی..

نیلم.. "اسنے ٹوکنا چاہا تھا نیلم کو مگر بولتی چلی گئی بنا اسکی سنے.. کہاں برداشت تھا اسے ولی اسکے سامنے کسی اور کا نام بھی لے کتنا پوزیسو ہو گئی تھی اسکے لئے خود بھی نہیں جانتی تھی.

ولی نے اسے بیڈ سے اترنے سے پہلے ہی بازو سے پکڑ کر اپنی طرف کانچ لیا..

نیلم پاگل ہو گئی ہو کیا" میں صرف تمہارا ہوں.. اپنے لہجہ محبت سموئے ہوئے وہ گویا ہوا تھا.. اپنے ساتھ لگائے اسکے بالوں میں انگلیاں پھیرنے لگا..

" ..ارمان ملا تھا اسکے لئے کرن کا رشتہ کرانا ہے

تم تو میری جان ہو تمہارے علاوہ مجھے کوئی نظر نہیں آتا" آنکھوں میں محبت لئے وہ اسے پیار سے گویا ہوا تھا..

وہ تو شرم سے نظریں جھکا گئی تھی.. دل سرشار ہو گیا تھا..

" ..ارمان بھائی ملے تھے کب.. اور وہ گھر کیوں نہیں آئے

نہیں آئے گا گھر..اب اور سوال مت کرنا" وہ اسکے ارمان کے متعلق سوالوں کا جواب نہیں دینا چاہتا تھا..

مگر کیوں نہیں آئے گھر.." وہ پھر بھی پوچھ بیٹھی..

کہا نا اور سوال نہیں سو جاؤ کل جلدی بھی اٹھنا ہے "کالج جانا ہے.." "

کالج کے نام پہ اسنے منہ کے زاویے بگاڑے تھے..

.. گرلز کالج میں اسکا ایڈمیشن فارم جمع کروایا

وہ برا سا منہ بنانے لگی کالج کے نام پہ اور سبجیکٹ مشکل رکھے تھے جس سے وہ چڑ کھاتی تھی ..

یہ کیا پکوڑے جیسا منہ بنایا ہوا ہے تم نے" وہ موڈ اوف لئے" بیٹھی تھی اسکے سامنے ..

میں نے میڈیکل نہیں کرنی آپ نے کیوں وہ میڈیکل سبجیکٹس رکھے میرے مجھے آرٹس رکھنی تھی".. وہ منہ پھلاتی بولی

..اچھا بیٹھو اب.." وہ بائیک پہ بیٹھتا بولا

..تو وہ بیٹھ گئی

..کچھ ہی دیر میں وہ اب قبرستان میں پہنچے تھے

..ماما سے مل لے آج ان کو ہم سے بچھڑے ایک سال ہو گیا ہے
"

نیلم کی تو آنکھیں بھر آئی تھیں..ساتھ ولی کی بھی آنکھیں نم
..ہوئیں تھیں

یہاں تو اسکا سارا خاندان آباد تھا.. ماں باپ پیدا کرنے والے اور پالنے والے بھی یہیں دفن تھے..

نیلم نگہت کی قبر کے پاس بیٹھ گئی.. آنسو روانی سے جاری ہوئے تھے..

کتنی باتیں تھی وہ جوان سے کرنا چاہتی تھی.. ماما کیسی ہیں آپ.. آپ کی نیلی بہت اکیلی ہے.. مگر ولی بہت اچھے ہیں.. اب وہ بھی نہیں ڈانٹتے مگر آپکی یاد بہت آتی ہے.. "وہ سسک پڑی تھی..

ولی کا سارا دھیان نیلم کی باتوں پہ تھا وہ بہت آہستہ بول رہی تھی مگر اسے سن رہا تھا..

..کچھ دیر گزارنے کے بعد وہ اسے وہاں سے اٹھاتا باہر لے آیا

.. تھینکس ماما سے ملانے کیلئے" وہ بھرائی آواز میں بولی

..چلو تمہیں گھر چھوڑ دوں آفس سے کافی لیٹ ہو رہا ہوں

..وہ بھی افسردہ ہو گیا تھا

..نیلم کو گھر چھوڑنے کے بعد وہ آفس آیا تھا

ابھی وہ اپنے کیبن بیٹھے کچھ دیر گزری تھی کہ عروج آدھمکی

..تھی

آج لیٹ آئے ہو خیریت تھی سب.." وہ اسکے سامنے بیٹھتی بولی

ہاں سب خیریت ہے.. تم اپنا کام کرو جا کر.. ہر وقت میرے" .. سر پر سوار رہتی ہو" وہ لیپ ٹاپ کھول کر بیٹھ گیا

..اپنی بے عزتی پہ وہ منہ بسور کر رہ گئی

کام ہی کر رہی ہوں تمہیں پریشان دیکھ کر آئی ہوں.. نہیں بتانا نا .. بتاؤ" وہ بھی حساب برابر کر کے چلتی بنی

..وہ منہ بنا کر اپنی کرسی پہ بیٹھ گئی

تمہیں بھی شوق ہوتا اس سے اپنی انسلٹ کروانے کا" اقرا نے
.اسکے بگڑے موڈ کا اندازہ لگاتے کہا

..تم اپنا کام کرو" عروج کو اسکی بات پسند نہیں آئی

تمہاری بات بنی کے نہیں" پورا اسٹاف باتیں کرتا ہے تم لوگ
کافی کلوز ہوتے جا رہی ہو.." کبھی لنچ اکٹھے ہو رہا ہے کبھی شام
ساتھ گھر جایا جا رہا ہے.." عباس انکا کولیگ انکے پاس ہی بیٹھا تھا
...انکی باتوں میں حصہ لیا تھا..اور اقرا کا فینسی بھی تھا

اسکی دال مجھے گلتی نظر نہیں آرہی "اقرا نے اسکا مزاق اڑاتے

..کہا

ویسے ولی کیا کہتا ہے اس نے تمہیں کبھی اپنی پسندیدگی کا اظہار کیا

..تم سے..عباس عروج سے بولا

..یہی تو مسئلہ کچھ کہتا نہیں..وہ بے بسی سے بولی

چل تم ٹرائیاں جاتی رکھو..ہولے ہولے ہو جائے گا پیار "عباس

..ہلکا سا گنگنایا تھا وہ وہ ہنس دی

ولی آفس می کچھ ضروری فائل پہ کام کر رہا تھا..جب اسکا موبائل رنگ ہوا بے دھیانی کان سے لگایا..

"ہیلو

" ..ہیلو"ولی کیسا ہے

" ارمان تم"میں ٹھیک ہوں تم سناؤ

ہاں میں ٹھیک ہوں"پہلے یہ بتا میرے کام کا کیا بنا"وہ سیدھا اپنی بات پہ آیا..

..کونسا کام "ہاں اچھا..سوری بھول گیا تھا

..بس بھول گیا..ارمان کو غصہ آیا

اتنی جلدی کس بات کی ہے.."یار نیلم سے بات کی تھی میں نے اس بارے میں کل..بات کرتا وہ کھڑا ہو گیا تھا باہر شیشہ کے پار دیکھنے لگا..

"کیا کہا اس نے پھر "نیلی سے کہنا ضرور بات کرے وہ کرن سے

..میں نیلم سے آج گھر جا کر پھر بات کروں گا

بڑا خیال ہے نیلم نیلم لگائی ہے.. ارمان اسے چھیڑتے ہوئے بولا

صبح اسی کو لیکر گیا تھا کچھ ضروری کام تھا آفس بھی لیٹ پہنچا تھا".. اور".. بات کرتا کرتا وہ مڑا کے پیچھے عروج کھڑی تھی.. ہاتھ میں فائل لئے..

تم "موبائل کان سے لگائے اس نے پوچھا..

یہ فائل تمہیں دینے آئی تھی یہ میں نے کمپلیٹ کر لی ہے.. آپ اسے چیک کر لیں.. پھر میں باس کو دکھاؤں گی.. بمشکل اس نے اپنی بات مکمل کی تھی..

ولی نے فون کاٹ کر جیب میں رکھ لیااور اسکے ہاتھ سے فائل تھام لی

..اور وہ بنار کے وہاں سے چلی گئی

..ولی کی کہی گئی آخری باتیں اس نے سن لی تھیں

" .. نیلم سے گھر جا کر پھر بات کروں گا"
" صبح اسی کو لیکر گیا"

وہ کسی کے ساتھ تھا آج..اور آفس بھی اسی کی وجہ سے لیٹ آیا..
میں نے بات کی تو کود کر پڑا مجھے..کیا ولی کی لائف میں کوئی اور

لڑکی ہے.." وہ اپنی ہی سوچوں کے گھوڑے دوڑا رہی تھی..
چھٹی کا ٹائم تھا سب نکل رہے تھے آفس سے باہر اور وہ گم سم سی
بیٹھی تھی .." "

ولی اسکے پاس سے گزر رہا تھا جب اسے گم سم سا پایا.. ولی نے
اسکے پاس آتے بائیک کی چابی اسکے سامنے ٹیبل پہ ٹک ٹک کرتے
..دو تین بار ماری تو وہ ہوش میں آئی

کہاں گم ہو چلو ورنہ پھر تمہاری بس مس ہو جائے گی.. اور اقرا"
نہیں جاتی تمہارے ساتھ.." وہ نارمل انداز میں اسکے سامنے
.. بات کر رہا تھا

نہیں وہ عباس کے ساتھ جاتی ہے..اسکا فیانسی ہے..وہ جلدی سے اپنا پرس اٹھاتی تیزی سے چلتی اسکے آگے نکل گئی..

وہ کسی کے ساتھ تھا آج..اور آفس بھی اسی کی وجہ سے لیٹ آیا..میں بات کی تو کود کر پڑا مجھے..کیا ولی کی لائف میں کوئی اور لڑکی ہے.."وہ اپنی ہی سوچوں کے گھوڑے دوڑا رہی تھی..چھٹی کا ٹائم تھا سب نکل رہے تھے آفس سے باہر اور وہ گم سم سی بیٹھی تھی.."

ولی اسکے پاس سے گزر رہا تھا جب اسے گم سم سا پایا.. ولی نے اسکے پاس آتے بائیک کی چابی اسکے سامنے ٹیبل پہ ٹک ٹک کرتے ..دو تین بار ماری تو وہ ہوش میں آئی

کہاں گم ہو چلو ورنہ پھر تمہاری بس مس ہو جائے گی..اور اقرا" نہیں جاتی تمہارے ساتھ.." وہ نارمل انداز میں اسکے سامنے ..بات کر رہا تھا

نہیں وہ عباس کے ساتھ جاتی ہے..اسکا فیانسی ہے..وہ جلدی ..سے اپنا پرس اٹھاتی تیزی سے چلتی اسکے آگے نکل گئی

..وہ اسکے عجیب سے رویہ پہ حیران ہوا تھا

پھر سوچا شاید صبح والے رویہ سے ناراض ہے..وہ بھی بلاوجہ اسے سنا گیا تھا..

..عروج خلاف عادت گھر میں اداس سی داخل ہوئی تھی ورنہ ہمیشہ چہکتی ہوئی آتی تھی..

..اسلام علیکم بابا

..وعلیکم السلام..وہ انکے سامنے بیٹھ گئی..تھکی تھکی سی لگی تھی

..کیا بات ہے بیٹا.."احمد صاحب بولے

بابا آپ ولی سے بات کریں گے ہمارے رشتہ کے حوالے سے..

.."وہ بلا جھجک بولی

"ہاں بیٹا میں کروں گا بات

تو آپ جلدی بات کر لیں اس سے "میں اس لئے نہیں کہہ رہی کہ مجھے جلدی ہے..بلکہ مجھے اسے کھو دینے کا ڈر ہے "وہ خدشہ ..کے تحت وضاحت دیتے بولی

کوئی بات ہے.."جو ولی کے حوالے سے تمہیں معلوم ہوئی ہے.."

بابا مجھے ڈر کہیں دیر نا ہو جائے اور ولی میرے ہاتھ سے نکل جائے.. وہ اپنا ڈر بیان کرتے بولی..

ٹھیک میں اس سے جلد ہی بات کروں گا اگر وہ تمہاری قسمت میں ہے تو کوئی تم سے وہ چھین نہیں سکتا..
اور اگر قسمت میں نہیں تو میں کچھ نہیں کر سکتا" وہ دانائی سے اسے سمجھاتے ہوئے بولے..

میں اسے قسمت سے بھی چھین لوں گی" وہ ایک دم سے بولی..

یوں جنونی نہیں ہوتے.. "صبر بھی کرنا پڑتا ہے" وہ اسے ٹوکتے ہوئے بولے..

وہ اٹھ کر کمرے میں آگئی..

آنسوؤں پہ مزید قابو نا رکھ سکی تھی دروازہ بند کرتے ہی سسک پڑی تھی..

ماں کو کھو دینے کے بعد یہ پہلی بار تھا کہ وہ کسی اور کے لئے رو رہی تھی..

وہ ولی کو کسی اور کے ساتھ نہیں دیکھ سکتی.. وہ کچھ کر گزرے گی اگر ولی اس سے دور ہو گیا تو.. "روتے ہوئے

ولی تم صرف میرے ہو.. صرف میرے.. میں تمہیں چھوڑ "
دوں یہ کیسے ممکن ہے.. تم تو میری سانسوں کی طرح مجھ میں
بستے ہو.. تمہیں بہت چاہا ہے میں نے.. "سسک کر خود سے ہی
..ولی کو تصور کرتی بول رہی تھی

اور احمد صاحب کو عروج کی ٹینشن ہو رہی تھی.. وہ تو بہت ہی
تحمل مزاج لڑکی تھی کیسے جنونی ہو گئی.. میں نے ولی کی نظروں
" .. میں عروج کے لئے ایسی کوئی کشش نہیں دیکھی

..اب تمہارا موڈ کیوں خراب ہے

وہ منہ پھلائے بیٹھی ہوئی تھی.. ولی واش روم سے باہر آیا تھا.
بلیک شرٹ ساتھ بلیک ہی ٹراؤزر پہنے.. ماتھے پہ بکھرے سیاہ
.. بال وہ کافی وجیہ نظر آرہا تھا

وہ بیڈ پہ گود میں تکیہ رکھے ہوئے بیٹھی تھی.. ناک پہ غصہ دھرا
.. ہوا تھا

.. اسکے ساتھ بیٹھتے.. اسکی گود سے تکیہ نکالتے اپنا سر رکھ لیا تھا
.. میں کالج نہیں جاؤں گی.." صبح کی ایک ہی رٹ لگائی ہوئی تھی

" .. نیلم مار کھاؤ گی مجھ سے اب اگر تم نے دوبارہ کہا تو
.. وہ تھوڑا غصہ دکھاتے بولا تھا

..ہاں تو مار لیں کر لیں شوق اپنا پورا.. "وہ غصہ ہوتی بولی

..تو وہ اٹھ کر اسکے مقابل بیٹھ گیا

شوق ہی تو پورا نہیں کرنے دیتی.. "آنچ دیتی نظروں سے دیکھتے
..اسے گھمبیر لہجہ میں بولا تھا

..اسکی نظروں سے گھبراتی سر جھکا گئی

..اسکی ٹھوڑی سے ہمارے اسکا چہرہ اونچا کیا تھا

لب کپکپانے لگے تھے.. صاف شفاف چہرہ گلابی پنکھڑیوں سے لرزتے ہونٹ.. نیلی آنکھوں پہ پلکوں کے جھالر گرائے.. اسے گستاخی پہ اکسا رہے تھے..

مگر اپنے دل پہ قابو پاتے.. وہ پیچھے ہوا تھا..
نیلم کی رکی سانسیں بحال ہوئی جب وہ پیچھے ہٹا تھا..

تم کل کرن نے گھر جانا اور اسکی ماما سے ارمان کے بارے میں بات کرنا.. اسنے ساری بات اسے سمجھاتے ہوئے کہا..

جیسے میں نے تمہیں سمجھایا ہے ویسے ہی بات کرنا اور اپنی عقل کا استعمال زرا احتیاط سے کرنا سارے کئے کرائے پہ پانی نا پھیر دینا.. "

"اب اتنی بھی ناقص عقل نہیں ہوں کر لوں گی سب ہینڈل

ہاں سب کو کر سکتی ہو ہینڈل سوائے مجھے" تکیہ پہ سر رکھتا میٹھا سا شکوہ کر گیا ..

عروج صبح آفس جانے کیلئے تیار ہو رہی تھی جب باہر جانے لگی تو احمد صاحب نے اسے آواز دے کر روکا..

" عروج بیٹا

جی بابا" وہ جو باہر کی جانب بڑھ رہی تھی انکی آواز پہ انکے پاس آکر رکی..

" ..ولی اللہ کا نمبر مجھے دینا زرا

جی بابا ابھی دیتی ہوں اپنا موبائل پرس سے نکال ولی کا نمبر نکال کر اس نے احمد صاحب کے موبائل میں سیو کر کے انہیں موبائل تھمایا..

بابا یہ رہا ولی کا نمبر "ولی سے بات کرنی ہے آپ کو.." چہرے پہ" مسکراہٹ در آئی تھی..

ہاں.. "اسلحے تو نمبر مانگا ہے.." وہ بھی مسکرائے..

تو وہ مسکراتی باہر نکل گئی..

ولی بھی تیار ہو کر آفس کے لئے نکل رہا تھا جب اسکا موبائل بجا..

..انجان نمبر دیکھ کنفیوز ہوا مگر اگلے ہی پل کان ریسیو کر لی

" ہیلو

" ..اسلام علیکم " بیٹے کیسے ہو"

مقابل جانی پہچانی آواز گونجی تھی جسے پہچاننے میں کچھ ہی سیکنڈ ..لگے تھے

" وعلیکم السلام انکل کیسے ہیں آپ

ماشاللہ ٹھیک ہوں.. جلدی ہی پہچان لیا تم نے" وہ مسکراتے ..ہوئے بولے

" انکل آپ نے اس وقت کال کی کام تھا کچھ "

ہاں سہی کہا" کام تو ہے ضروری اگر تم مل سکو تو" وہ پر سوچ" ..انداز میں بولے

" ..تو کب" ملنا ہے آپ بتائیں میں خود ہی آجاؤ گا

" ..آج ہی اگر وقت نکال لو تھوڑا سا

..آج.."وہ سوچتا ہوا بالوں میں ہاتھ پھیرتا ہوا بولا"

" ..ٹھیک ہے میں ابھی آجاتا ہوں اگر مناسب لگے تو

یہ تو اور بھی اچھی بات ہے "ضرور آؤ..ایک دو اور باتیں کر کے

..فون کاٹ دیا

"وہ باہر نکل رہا تھا تن اسکے پیچھے نیلم آئی "آپکا والٹ

..تھینکس "اپنا والٹ تھامتا اسکے ماتھے پہ لب رکھے تھے

..تو وہ مسکرائی تھی

..وہ بھی مسکراتا باہر نکل گیا

..کچھ دیر میں عروج کے گھر کے سامنے کھڑا تھا..ڈور بیل بجائی

..کچھ ہی دیر میں دروازہ کھلا تھا

آؤ بچے آؤ" بہت ہی فرمانبردار اولاد ہو ولید کی آج وہ ہوتا تو دیکھتا اپنے سپوت کو کتنا خوش ہوتا" وہ اندر بڑھتے ہوئے بولے انکے

..پیچھے ولی بھی اندر آیا تھا

..وہ دونوں آمنے سامنے کرسی پہ بیٹھے تھے

چائے لاتا ہوں تمہارے لئے.." وہ اٹھنے لگے تو ولی نے اسے روک لیا..

نہیں انکل میں گھر سے پی کر آیا ہوں "ابو دل نہیں چاہ رہا آپ پلیز بیٹھے.." تو وہ بیٹھ گئے..

"آپ کیا بات کرنے والے تھے

عروج میری اکلوتی اولاد ہے.. کچھ عرصہ پہلے اسکی ماں چل بسی تھی.. بہت غم کیا تھا اس نے اپنی ماں کا.. میں عروج کو ماں اور باپ دونوں بن کر پالا ہے.. اسکی خاطر دوسری شادی نہیں کی" حالات ہمارے اچھے ہیں ایک گھر اور ہے جو کرایہ پہ دیا ہے میں

ریٹائرڈ ہوں.. پینشن ملتی ہے.. عروج تو بس اپنے شوق کیلئے جاب کرتی ہے.. اب اسکی فکر رہتی ہے اسکے فرض سے سبکدوش ہونا چاہتا ہوں.. سوچ رہا ہوں اسکی شادی کے بارے میں.." وہ تفصیل سے بتاتے ہوئے کہا ..

یہ تو اچھی بات ہے "میں آپکی کیا مدد کر سکتا ہوں.. ولی مسکراتا ہوا بولا ..

تم عروج سے شادی کرو گے.. "تم مجھے پہلی نظر میں ہی ہو پسند آئے عروج کیلئے اس لئے تم سے بات کر رہا ہوں.." وہ نہایت عزت اور آس سے اسکی طرف دیکھتے بولے تھے ..

ولی تو شاک ہی ہو گیا تھا انکی بات سن کر.. اسے سمجھ ہی نہیں آ رہا تھا کہ کیا جواب دے..

انکل ایم سوری میں عروج سے شادی نہیں کر سکتا.. عروج بہت اچھی اور صاف دل کی لڑکی ہے.. اس کو مجھ سے بہتر رشتہ ملے گا وہ اپنی بات سمجھاتے ہوئے بولا....

احمد صاحب کے مسکراتے ہونٹ سکڑے تھے ولی جب بولا تھا..

"مگر کیوں وجہ جان سکتا ہوں.. کیا تمہاری زندگی میں کوئی اور لڑکی ہے" وہ اپنے تئیں اندازہ لگاتے بولے..

ہاں" ولی انہیں دیکھتا آہستہ سے ہاں بولا تھا.. چہرے کے "

..تاثرات سنجیدہ تھے

..احمد صاحب تو ساکت رہ گئے

پہلی بار جب آپ نے مجھ سے میری فیملی کے بارے میں پوچھا تو

..میں نے آپ سے جھوٹ کہا تھا

میرے ساتھ کوئی اور بھی رہتا ہے"..ولی کو لگا انہیں سچ بتا دینا

..چاہیئے

..وہ ساکت بیٹھے اسکی باتیں سن رہے تھے

..کون" اسکے چپ ہونے پہ بولے

میری بیوی نیلم "ایک سال پہلے میرا نکاح ہوا تھا نیلم کے ساتھ..

"وہ میری ماما جنہوں نے مجھے پالا ہے انکی بھانجی تھی.. نیلم کی ماں اسے پیدا کرتے ہی اس دنیا سے رخصت ہو گئی تھی.. انہوں نے ہم دونوں کو پالا ہے..

"..اور جاتے جاتے ہمیں نکاح کے بندھن میں منسلک کر گئی ولی نے تفصیل سے انہیں آگاہ کیا تھا..

تو تم نے اپنی شادی کیوں چھپائی.." وہ سخت لہجہ میں بولے..

کیونکہ میں ابھی اپنا کیریئر بنانا چاہتا ہوں اور نیلم بھی ابھی چھوٹی ہے وہ بس سولہ سال کی ہے اس لئے میں چاہتا ہوں وہ زرا میچور ہو جائے.. سٹڈی کر رہی ہے.. ابھی فرسٹ ائیر میں اسکا ایڈمیشن کروایا ہے.. اس لیے ابھی میں اپنی شادی ایکسپوز نہیں کرنا چاہتا تھا ..

مگر آپکو بتا رہا ہوں.. "آپکے علاوہ آفس میں یہ بات کسی کو ظاہر نہیں کی میں نے عروج کو بھی نہیں .. "

..احمد صاحب تو پریشان ہو گئے اپنی جگہ پہ وہ بھی ٹھیک تھا

اچھا ٹھیک ہے خوش رہو..اس بات کا ذکر عروج سے مت کرنا جو میں نے عروج کے حوالے سے تمہیں کی ہے.."وہ زبردستی مسکراتے بولے..

اچھا ٹھیک ہے میں لیٹ ہو رہا ہوں آفس سے"وہ اٹھتا بولا اور چلا گیا..

پیچھے احمد صاحب سوچ میں پڑ گئے تھے..عروج کو کیسے سمجھائیں گے..

..وہ آفس آیا اور اپنی سیٹ سنبھالی تھی

..کچھ دیر بعد عروج آئی تھی اس کے پاس

کل میں نے فائل دی تھی چیک کرنے کیلئے پلیز مجھے دے دیں
" . باس نے منگوائی ہے فائل

ولی نے سر اٹھا کر اسے پہلے غور سے دیکھا تھا.. چہرے پہ اداسی چھائی تھی.. پہلے کی فریش بھی نہیں لگ رہی تھی اور بیہیو بھی ..روکھا سا

آج نہیں پوچھو گی لیٹ کیوں آیا ہوں سب خیریت تو ہے "ولی"
..بجائے فائل دینے کے اسے دیکھ کر مسکراتے ہوئے بولا تھا

مجھے اپنی بار بار بے عزتی کروانے کا شوق نہیں ہے.. "پلیز فائل دے دیں.." وہ نروکھے پن سے بولی

یہ لو "میں نے چیک نہیں کی "اس نے فائل اٹھا کر اسکی طرف بڑھادی .. "

تو اس نے جھپٹنے کے انداز میں فائل لی اور غائب ہو گئ..

ولی تو حیران ہوا اسکے رویہ سے.. وہ اتنی روکھی سی لگی ..

نیلم بھی جلدی سے سارے گھر کے کام نمٹاتے کرن نے گھر گئی تھی ..

نیلم تم "آؤاندر آو" حاجرہ بیگم کرن کی ماں اسے دن بارا بجے اپنے دروازے پہ دیکھ حیران ہوئی تھی ..

" .. کرن تو گھر نہیں ہے یونیورسٹی گئی ہوئی ہے

نہیں مجھے کرن سے نہیں آپ سے ملنا ہے" وہ مسکراتے ہوئے بولی ..

مجھ سے 'بیٹھو

جی آپ سے بہت ضروری بات کرنی تھی کرن نے حوالے سے
..اگر برا نا مانے تو..وہ ہچکچاتے بولی

..ہاں بولو"وہ بھی متجسس ہوئی

آنٹی دراصل بات یہ ہے..کہ
ولی کے ایک دوست ہیں انکے کلاس فیلو بھی تھے..وہ اب کینیڈا
شفٹ ہو گئے ہیں..اور اب وہ باہر سے یہاں آئے ہیں شادی کے
..لیے
انہوں نے ولی سے کہا ہے کہ یہاں کوئی اچھی لڑکی دیکھ کر رشتہ
..کروائیں

..تو ولی نے آپ سے کہا ہے مجھے بات کرنے کو

ارمان بھائی بہت اچھے ہیں جب میں چھوٹی تھی تو وہ کافی بار آئیں ہیں گھر..ماما کو بھی وہ بہت اچھے لگتے تھے..پھر وہ ملک چھوڑ کر ..باہر چلے گئے

نیلم ولی کی سمجھائی ہوئی بات بہت اچھے طریقے سے کرن کی ماں ..سے بات کی

اچھا..ویسے کرن کے ایک دو اور رشتہ بھی آئیں ہیں..اسکی" شادی کا ارادہ تو ہے..ٹھیک ہے پھر ولی کے دوست سے بھی بات کر لیتے ہیں رافع کام سے آتا ہے تو اس بات کر کے بتاؤں گی تمہیں میں پھر بلکہ رافع سیدھا ولی سے ہی بات کر لے گا..ا

" .. نیلم مسکرائی.. تھینک یو آنٹی

" ..اچھا چائے پیو گی

"جی آنٹی ضرور..اور بھابھی کہاں ہے

..وہ اپنے میکے گئی ہے کچھ دنوں کیلئے" وہ کہتی کچن میں گئی

..ہیلو" آجاؤ لنچ کریں

ولی اسکے پاس آکر بولا تھا لنچ ٹائم ہو گیا تھا آج وہ اسکے پاس نہیں آئی لنچ کا بولنے اس لئے ولی خود چلا آیا..

"نہیں مجھے بھوک نہیں ہے.." اس نے آج انکار کر دیا جبکہ اندر سے خوش بھی ہوئی..

"آجاؤ" وہ کہتا آگے چل پڑا.. کیوں نہیں ہے

اگر تمہیں آج گھاس ڈال ہی رہا ہے تو یہ اٹیٹیوڈ کیوں دکھا رہی ہو.." اقرا اسکے ساتھ بیٹھی تھی تو بول پڑی..

"اب اتنا تو بنتا ہے نا" کہتے وہ بھی ولی کے پیچھے گئی.. تم چپ رہو

..اقرا نے نفی میں سر ہلایا تھا

ولی کے سامنے آکر بیٹھی تھی چہرے کے تاثرات بلکل سنجیدہ تھے..

اچھا اب اپنا موڈ تو ٹھیک کرو.. "مجھے کل تم سے ایسے بات نہیں کرنی چاہیے تھی .. "

..اس نے کھانا منگوایا اور دونوں نے اچھے موڈ کیساتھ کھایا

..عروج تو بہت خوش ہوئی تھی

..لنچ کے بعد عروج اپنی جگہ پہ آگئی تھی

..بڑے دانت نکل رہے ہیں تمہارے..اقرا بولی

..تم نا بس مجھ سے جلتی رہنا جل ککڑی"وہ ناک چڑھا کر بولی"

تم سے جلتی میری جوتی"ہہنہہ"اقرا نے بھی کہتے منہ چڑھاتے

..کہا

..آج میں گئی تھی کرن کے گھر اسکی ماما سے بات کی تھی

..ولی گھر آیا.. کھانا کھاتے ہوئے نیلم نے کہا

" ..اچھا" کیا کہا پھر انہوں نے

وہ کہہ رہی ہیں کے رافع بھائی سے بات کر کے بتائیں گی..اور پھر رافع بھائی خود ہی آپ سے بات کر لیں گے" ویسے مجھے لگ رہا ہے بات بن جائے گی ارمان بھائی کی" نیلم نے مسکراتے ہوئے کہا تھا..

ہمم" ارمان کی تو بات بن جائے گی مگر میری کب بنے گی" ولی نے نیلم کو اپنی نظروں کے حصار میں لیتے شوخ سے لہجہ میں کہا..

..تو وہ شرم سے نظریں جھکا گئی

میں میں کیا بات کر رہی ہوں اور آپ بات کو کہاں لے گئے ہیں

.."وہ آہستگی سے بولی

میری تو بات آجا کر تم پہ ہی ختم ہوتی ہے"وہ کھانا ختم کرتے"

..اٹھ گیا

اور ہاں اپنے خوبصورت ہاتھوں سے پیاری سی چائے لیکر آؤ..

کہتے ہی وہ سامنے صوفہ پہ جا کر بیٹھ گیا اور ٹیوی اون کر کے نیوز لگا

..لی

..کچھ ہی دیر بعد نیلم چائے لیکر حاضر ہوئی

..واہ بڑی فاسٹ ہو" چائے لیتے وہ بولا

.کہاں جا رہی ہو" وہ واپس مڑی تو ولی نے اسکا ہاتھ تھام لیا

..بیٹھو" تو وہ اسکے برابر میں بیٹھ گئ

کل سے کالج اسٹارٹ ہے تمہارا.." اسنے چائے کا سیپ لیتے یاد دہانی کرائی..

..مجھ معلوم کر لی ہے تیاری میں نے وہ منہ بناتی بولی

پڑھنا ہے یہ پکوڑے جیسی شکل کل نا دیکھوں میں.." وہ اسکی ناک کھینچتا بولا..

سس" اسنے ناک پکڑی تھی اپنی..جو سرخ ہو چکی تھی..

آپ میں بلکل تمیز نہیں ہے.." وہ غصہ سے کہتی اٹھ گئی

نہیں ابھی اس ناک میں چھید کروا کر نوز پن بھی ڈالنی ہے.. چائے کا سیپ لیتا وہ بولا..

نو" میں اپنی ناک کیساتھ یہ ظلم نہیں ہونے دوں گی.." وہ اپنی ناک پہ ہاتھ رکھتے بولی..

ظلم کیا ہی کہاں ہے ابھی تک تو خیر ہی منا رہی ہو زیادہ دن تک نہیں بچ سکو گی اب تم" وہ شریر سے لہجہ میں گویا ہوا تھا.. نیلم اب بنا کچھ بولے ہی وہاں سے چلی گئی..

ایک ہفتہ ہو گیا تھا نیلم کو کالج جاتے ہوئے..

ولی آفس میں بیٹھا نیلم کے بارے میں ہی سوچ رہا تھا.. اسے خیال آیا کہ کیوں نا وہ نیلم کو موبائل ہی لے کر دے دے وہ اس سے بات ہی کر لیا کرے گا کہ وہ خیریت سے گھر پہنچ گئی ہے.. ایسے

میں اسے نیلم کی ٹینشن ہی ہوتی تھی وہ گھر پہنچ گئی ہے کہ نہیں..
کالج بھی دور تھا..اس نے وین تو لگوادی تھی مگر پھر بھی فکر لاحق
..رہتی تھی

.. سوچتے ہی وہ اٹھ گیا
..اور کمپنی سے باہر نکل گیا

"یہ کہاں چلا گیا
..اسے باہر جاتے ہوئے دیکھ عروج بولی تھی

..پوچھ لیتی اسی سے مجھے کیا پتا..اقرا بولی

عروج کو نا جانے کیوں فکر لاحق ہوئی تھی اسے خیال آنے لگا

.. کہیں وہ پھر اسی لڑکی کے ساتھ نا ہو

.. کن فکروں میں پڑ گئی ہو.. اسے سوچوں غرق دیکھ عروج بولی

.. کچھ نہیں" وہ فائل کھولے بیٹھ گئی

گرلز آج لنچ کیوں نا باہر کر دیا جائے.. عباس انکے قریب آتا

.. بولا

.. مشورہ برا نہیں ہے.. اقرا بولی

..کام کس نے کرنا ہے اگر باہر چلے گئے.."عروج بولی

کام کی ٹینشن نالو ایک گھنٹہ تو ہوتا ہے نا..ہم بس آنا جانا کریں ..گے..باہر چلتے ہیں عباس..اقرا بولی تھی

اچھا ٹھیک ہے ابھی آدھا گھنٹہ ہے اپنے کام نمٹالو جلدی..جگہ ڈیسائیڈ کرو بس..عباس بولتا اپنی سیٹ سنبھالی تھی..

..ولی چھٹی ٹائم کالج کے باہر بائیک پہ بیٹھا نیلم کا انتظار کر رہا تھا

..چھٹی ہو چکی تھی..سب لڑکیاں باہر نکل رہی تھی

..جب اسے نیلم نظر آئی.. نیلم بھی ولی کو دیکھتے اسکے قریب آئی

آپ" وہ اسے دیکھتے بولی.. وہ اس وقت کالج یونیفارم کے اوپر کالا عبایا پہنے ہوئے تھی اور ساتھ حجاب پہنے ہوئے تھی جس کا اس نے نقاب بھی کیا ہوا تھا..اور کاندھے پہ بیگ لٹکایا ہوا تھا..

بیٹھو مسز ولی"..ولی نے کہتے بائیک اسٹارٹ کی..وہ بھی اسکے پیچھے بیٹھ گئی..

وہ اسے لئے کیفے میں آیا تھا..

آپ یہاں کیوں لے آئے.. "کاندھے پہ بیگ لٹکائے وہ ادھر ادھر دیکھتے بولی..

لنچ کرنے یار.. ولی نے اسکا ہاتھ تھام لیا تھا.. اور سیدھا چلتا ہوا سامنے ٹیبل پہ گیا.. بیٹھو.. اسنے بیگ ٹیبل پہ رکھا اور بیٹھ گئی اسے بٹھا کر خود اسکے سامنے بیٹھ گیا..

اقرا.. عروج اور عباس تینوں نے ایک ساتھ ولی کو دیکھا جو نیلم کا ہاتھ پکڑے ہوئے انکے کچھ فاصلہ پہ بیٹھا تھا..

یہ بچی گھوما رہا ہے.. یہاں "عباس ہنستا ہوا بولا تو اقرا نے اسے کہنی مار کر چپ کروایا.. جبکہ عروج کے ایکسپریشن کافی سنجیدہ تھے..

ولی کا دھیان صرف نیلم پہ تھا آس پاس کی اسے کچھ خبر نہیں تھی ..

کیا لو گی.." وہ نیلم کو دیکھتے بولا.. جو ارد گرد لوگوں سے گھبرا رہی تھی ..

مجھے برگر کھانا.." وہ جلدی سے بولی..

اتنے میں انکے پاس ویٹر آ گیا.. اور ولی نے اسے آرڈر لکھوا دیا

نیلم گھبراؤ مت میں ہوں نا.. اور یہ دیکھو میں تمہارے لئے کیا لایا ہوں".. مسکرا کر کہتا ایک شاپنگ اسکی طرف بڑھایا.. جسے اس نے تھام لیا تھا..

یہ کیا ہے "شاپنگ بیگ کھول کر اس میں سے ایک موبائل فون برآمد ہوا جو ڈبہ میں بند تھا ..

موبائل فون میرے لیے" .. نیلم نے حیران ہوتے ڈبہ کھول کر اس میں موبائل نکالا

.. اسنے مسکراتے ہاں میں سر ہلایا

فون گفٹ کر رہا ہے .. ٹھر کی آفس میں تو بڑا شریف زادہ بنا پھرتا ہے .. عباس کی زبان پہ کھجلی ہوئی ..

.. عروج پتھرائی سی آنکھوں سے دیکھ رہی تھی

کوئی کالج گرل لگ رہی ہے .. نیلم کو دیکھتے اقرا نے اندازہ لگایا .. آتی کالج ہیں اور اس بہانے یہ کام سرانجام دیا جا رہا ہوتا ہے کوئی

حال نہیں ان لڑکیوں کا..اقرا نے مزید اضافہ کی انکی معلومات میں..

ولی نے ہاتھ بڑھا کر نیلم کا نقاب اتار دیا..یہ مکھڑا مجھ سے کیوں چھپایا ہوا ہے"..گوری رنگت تیکھے نین نقش نیلی آنکھیں حسن کا پیکر..گلابی مسکراتے ہوئے ہونٹ..نیلم موبائل فون ہاتھ میں لئے بچوں کی طرح خوش ہو رہی تھی

ولی نے ہاتھ بڑھاتے اسکے مومی نرم ہاتھ اپنے ہاتھ میں لیا تھا..وہ سٹپٹا گئی یوں سب کے سامنے ہاتھ پکڑنا..

یہ موبائل اس لئے لیا ہے تاکہ میں آفس میں بھی تم سے رابطہ میں رہوں.." ..

"نیلم میں تمہیں اب اپنی زندگی میں شامل کرنا چاہتا ہوں.. میں تم سے بہت پیار کرتا ہوں.. تم مجھے دنیا کی سب سے خوبصورت معصوم سی لڑکی لگتی ہو.. میں خوش نصیب ہوں تم میری ہمسفر ہو"

اسکے برملا اظہار پہ شرمسار سی نظریں جھکا گئی ولی کے چہرے پہ دلفریب مسکراہٹ بکھری تھی..

ادھر عباس اور اقرا تو حیران ہوئے تھے نیلم کو دیکھ کر پھر ولی کا ہاتھ پکڑنا.. اسے محبت پاش نظروں سے دیکھنا.. ولی کا یہ روپ تو وہ پہلی بار دیکھ رہے تھے ورنہ ہمیشہ اسے سیریس موڈ میں ہی دیکھا تھا اب تک

واہ کیا خوبصورتی ہے اور اوپر سے اظہار محبت فرمایا جا رہا ہے.."

..عباس اقرا کو دیکھتا بولا عروج نے آنسو پیتے منہ پھیرا تھا

..اور اپنی جگہ سے اٹھ گئی اس سے اور برداشت نہیں ہو ہو رہا تھا

کہاں جا رہی ہو..اسکا رخ ولی کی طرف دیکھتے اقرا نے اسکا ہاتھ

..پکڑا اور دبی سی آواز میں اسے روکنا چاہا

..اس دھوکہ باز سے پوچھنے کہ کیوں کیا ایسا میرے ساتھ

..وہ اپنا ہاتھ چھڑاتے بولی

تم شاید بھول رہی ہو ولی نے تم سے ایسا کوئی اظہار نہیں کیا.. اقرا بولی مگر وہ ہاتھ کا چھڑا گئی..

عباس بھی کھڑا ہوا حالات بگڑتے دیکھ اقرا نے اسے بیچارگی سے دیکھا..

واہ مسٹر ولی اللہ.. وہ انکے پاس آتی تالی مارتی بولی.. ولی اور نیلم جو ایک دوسرے میں کھوئے سے تھے عروج کی آواز پہ دونوں نے ایک ساتھ اسے دیکھا..

بہت شریف بنتے ہو ویسے.. اور یہاں ایک کالج کی لڑکی کے ساتھ رومانس کیا جا رہا ہے..

..ولی اسکی کی گئی باتوں پہ حیران ہوتا کھڑا ہوا تھا

عروج بیہیو یور سیلف "وہ دبی سی آواز میں غصہ سے دانت پیستا"

..بولا

تم پہلے اپنے آپ کو دیکھو..پھر مجھے کہنا..شرم آنی چاہیے تمہیں

" ..مسٹر ولی "ایسی حرکتیں سرعام کرتے ہوئے

..ولی کا ضبط جواب دے گیا تھا اب

بسس "ایک لفظ اور نہیں سنو گا میں..میرا تمہارے ساتھ ایسا

" ..کوئی تعلق نہیں ہے جو تمہیں جواب دوں

اپنی بیوی کے ساتھ کہیں پہ بیٹھنے کے لئے مجھے کسی کی اجازت" درکار نہیں ہے" وہ غصہ سے دانت پیستے ہوئے بولا تھا.. نیلم بھی سکتہ میں تھی..

عروج کے پیچھے اقرا اور عباس بھی کھڑے تھے تینوں شاک میں آئے تھے ولی کی بات سن کر.. گویا کہ ان کے سر بم دھماکہ ہوا ہو..

ولی نے جلدی سے ٹیبل سے ساری چیزیں سمیٹی اور نیلم کا بیگ اٹھائے اسکا ہاتھ پکڑے تیزی سے وہاں سے نکلا تھا.. نیلم تو صدمہ میں تھی گویا..

عروج کو ابھی بھی اپنے کانوں پہ یقین نہیں ہو رہا تھا.. وہ کیا کہہ کر گیا ہے..

بیوی کہاں سے آگئی اسکی.. "وہ بھی اتنی چھوٹی سی.. عباس ابھی بھی حیران تھا..

تو اس نے اپنی شادی چھپائی کیوں "اقرا کے ذہن میں بھی سوالات اٹھ رہے تھے..

عروج تو ابھی سکتے میں کھڑی تھی..

عروج چلو یہاں سے.. اقرا نے اسے کاندھے سے ہلایا..

..عروج کے آنسو بہہ نکلے تھے

..اپنا پرس اٹھاتی وہ تیزی سے نکلی تھی

عروج..اقرا پیچھے سے اسے آوازیں دیتی رہ گئی اور جلدی سے آٹو میں بیٹھتی وہاں سے نکل گئی..

چلو آفس ہمیں یہاں آنا ہی نہیں چاہیے تھا..عباس کہتا آگے بڑھا تھا..یقین تو اقرا کو ابھی بھی نہیں آرہا تھا..

ولی نیلم کو گھر چھوڑ کر چلا گیا اس دوران ان دونوں میں کوئی بات چیت نہیں ہوئی..نیلم کے ذہن میں کئی سوالات امڈ رہے تھے وہ

لڑکی کون تھی اور وہ کیسے ولی پہ حق جتا رہی تھی.. وہ اسے کیوں ایسے باتیں سنا رہی تھی جیسے اسکا ولی سے کوئی گہرا تعلق ہو..

اپنی سوچوں کے گھوڑے دوڑا کے تھک گئی مگر اسے جواب نا مل سکا..

ولی سے ہی پوچھنے کا ارادہ رکھتی تھی مگر وہ تو غائب ہو گیا اسے چھوڑ کر..

ویسے عروج کا یہ ری ایکشن بنتا نہیں ہے.. عباس اور آفس آ چکے تھے.. عروج اور ولی دونوں ہی اس وقت آفس سے غائب تھے..

میں اسے بہت سمجھاتی تھی نا بھاگے ولی کے پیچھے.. مگر وہ ہی پاگل ہوئے جا رہی تھی اب بھگتے" وہ عروج کے لئے کافی پریشان تھی..

یار بندے کے پاس اتنی سوہنی کمسن حسیں بیوی ہو وہ کیوں باہر ٹائم پاس کرے گا... عباس نیلم کی خوبصورتی کا قائل ہو گیا تھا..

چھ مہینے پہلے ہم نے ولی کو اس لڑکی کے ساتھ کسی مال میں دیکھا تھا..اس وقت بھی عروج نے پوچھا تھا تو وہ ٹال گیا اور کہا کہ وہ کزن ہے..اس وقت وہ سچ بول دیتا..

ابھی وہ باتیں کر رہے تھے کہ..
ولی آفس میں آیا تھا انکے قریب سے وہ تیزی سے گزرتا اپنے کیبن میں گیا تھا..چہرے پہ غصہ والے تاثرات تھے سنجیدہ تاثرات تھے..

اپنے کیبن میں آکر وہ چیئر پہ بیٹھا تھا ابھی تک اسکے کانوں میں عروج کے جملے گونج رہے تھے..

نیلم کیا سوچ رہی ہو گی میرے بارے میں.. کتنی انسلٹ ہوئی اسکی آج.. دونوں ہاتھ ٹیبل رکھے وہ بس سوچے جاری تھا.. وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا عروج اسکے بارے میں یہ خیالات رکھتی ہے..

..مے آئی کم ان.. اقرا کی آواز پہ سامنے دیکھا

..آجاؤ

عروج نے جو آج کیا وہ غلط تھا مگر آپ نے بھی تو جھوٹ بولا تھا نا.. عروج آپ کو لیکر سیریس تھی مسٹر ولی.. اقرا اسکے سامنے آتی بولی..

میں اسے پہلے ہی صاف لفظوں میں کہہ چکا تھا کہ ہمارا تعلق صرف دوستی کی حد تک ہی رہے گا.. میں نے تو اسے کوئی ایسی آس یا امید نہیں دلائی تھی.. وہ دانت پیستے بولا تھا چہرے کے تاثرات سنجیدہ تھے..

آپ شادی شدہ ہیں اس بات کو چھپانے کا کیا مقصد ہو سکتا ہے ہمیں بھی یہی لگتا تھا کہ آپ بھی عروج میں انٹرسٹڈ ہیں. ایون کے آفس پورے سٹاف میمبرز کو بھی یہی لگتا تھا.. اقراد ونوں ہاتھ باندھے سپاٹ لہجہ میں بولی تھی اور رکی نہیں تھی وہاں بات کرتے ہی چلی گئی..

ولی تو حیرت سے دیکھ رہا تھا اسے.. اور اسکے جاتے ہی سختی سے مٹھیاں بھینچی تھی اپنے غصہ کو کنٹرول کرنے لگا تھا.. عجیب کشمکش میں پڑ چکا تھا وہ..

عروج وہاں سے سیدھا گھر آئی تھی.. اور آتے ساتھ ہی خود کو کمرے میں بند کر دیا تھا..
آنکھوں کے پردے پہ ابھی بھی وہی مناظر گھوم رہے تھے.. کیسے ولی اسکا ہاتھ تھامے ہوئے تھا کتنی محبت تھی اسکی نظروں میں جن نظروں سے وہ اسے دیکھ رہا تھا.. ایسا پیار تو وہ ولی کا اپنے لیے چاہتی تھی..

آنسو آنکھوں مسلسل بہی رہے تھے وہ ٹوٹ چکی تھی اندر سے..

.. برداشت سے باہر تھا یہ درد اسکے لئے

اپنی نظروں کے سامنے اپنی محبت کو کسی اور سے محبت کرتے

..دیکھنا

لفظ بیوی اسکی ساعتوں میں گونج رہا تھا.. اسے پانے کی رہی سہی

..امید بھی خاک ہو گئی تھی

احمد صاحب یہ کوئی چوتھی بار دروازہ بجانے آئے تھے.. وہ الگ

..پریشان ہو گئے عروج کو لیکر

عروج منہ ہاتھ دھو کر چینج کر باہر نکلی تھی.. مگر چہرے پہ چھائی

..اداسی کو نا کم کر سکی تھی

عروج بیٹے کیا ہو گیا ہے شام سے بند ہو کمرے میں رات ہونے کو آئی ہے اور اب نکلی ہو کمرے سے باہر"..وہ صوفہ پہ بیٹھے ہوئے تھے جب عروج انکے ساتھ آکر بیٹھی تھی..وہ فکر مند ہوئے اسکے لئے..

بابا ولی جھوٹا ہے"وہ کہتے سسک پڑی تھی..

بابا مجھے ڈر تھا کہیں میں ولی کو کھو نا دوں اور وہی ہوا.."وہ روتے ہوئے بولی تھی.

بیٹا میں نے تمہیں پہلے بھی سمجھایا تھا ولی تمہاری قسمت میں ہو گا تو تمہیں مل جائے اگر قسمت میں نہیں تو ہم کچھ نہیں کر سکتے"..وہ بڑے تحمل سے اسے سمجھاتے ہوئے بولے..

بابا وہ پہلے سے شادی شدہ ہے"وہ کہتے تو پڑی..

اس نے جھوٹ بولا تھا.."دھوکہ باز ہے وہ..کیوں کیا ایسا اس نے میرے ساتھ..

تم سارے الزامات ولی پہ ہی لگائے جا رہی ہو.."کیا تم نے اس سے کوئی بات کی تھی.."احمد صاحب بولے..

میں نے اس سے کوئی بات نہیں کی "آج وہ کیفے میں اپنی بیوی کے ساتھ نظر آیا تھا.. میں نے بھی اسے خوب سنائی ہے "اس آج کی ساری کہانی سنائی

"بیٹا تم نے غلط کیا

..آپ مجھے غلط کہہ رہے ہیں "اسے کچھ نہی. کہا

" ..بیٹا وہ مجبور ہے "کسی وجہ کے تحت اس نے سب چھپایا ہے

کیا آپ کا ولی کے بارے سب معلوم تھا.. "وہ انکی باتوں سے ..اندازہ لگاتے بولی جس پہ خاموش ہو گئے

بابا آپ بھی اسکے ساتھ ملے ہوئے ہیں.. "وہ افسوس کیساتھ بولی..

ہاں میں نے کچھ دن پہلے ولی کو بلایا تھا ملنے کیلئے.. تاکہ میں تمہاری اس سے بات کر سکوں رشتہ کیلئے.. اور تب اس نے یہ انکشاف کیا تھا.. اور میں خاموش رہا.. اب تمہارے لئے یہی بہتر ہے کہ تم اسے بھول جاؤ.. وہ زرا سخت ہوئے تھے..

بابا.. وہ صدمہ سے بولی تھی..

وہ بنا کچھ بولے اٹھ گئے انہیں غصہ آنے لگا تھا عروج پہ اب کیوں وہ بے جا ضد لے کر بیٹھ گئی ہے..

عروج تو سر پکڑ کر بیٹھ گئی..

نیلم ولی کا انتظار کرتی رہی کافی دیر تک مگر وہ آنے سے رہا..اب وہ دوسرے کمرے میں جا کر سوتی بنی تھی..

رات گیارہ بج چکے تھے جب وہ گھر آیا یونہی بے ضرر باہر پھرتا رہا آج..

گھر آیا تو خالی گھر اسکا منہ چڑھا رہا تھا.. جب کمرے میں داخل ہوا ..تو کمرا بھی ویران اور سنسان پڑا تھا نیلم وہاں موجود نہیں تھی

ولی کو غصہ آیا تھا نیلم پہ.. دوسرے کمرے کا دروازہ کھول کر دیکھا ..تو وہ آرام سے سو رہی تھی

اور اسکا سکون تو جیسے برباد ہو گیا تھا آج اور وہ آرام سے سو رہی تھی ..

..وہ بھی غصہ میں اپنے کمرے میں. آیا تھا

اب اس وقت اسے نیلم پہ شدید غصہ آرہا تھا.. دماغ پھٹ رہا تھا اسکا.. کیا کچھ نہیں کیا اس نے نیلم کے لئے اور اس نے کیا دیا اسے آج تک..

کتنا خوبصورت اظہار کیا تھا اس نے آج اپنی محبت کا.. وہ اسکی آغوش میں سکون پالینا چاہتا تھا.. مگر اس نے آج اسی کے کمرے سے نکل سکون بھی چھین لیا ..

سر شدید درد تھا.. منہ ہاتھ دھو کر چینج کر کے باہر آیا تھا.. بیڈ پہ لیٹا سر دبانے لگا تھا اپنا.. آج نیلم کی غیر موجودگی اچھی نہیں لگ رہی تھی.. اور اسکی بیوقوفی پہ غصہ بھی تھا..

صبح نیلم کی آنکھ کھلی تو وہ اپنے کمرے میں نہیں تھی.. پھر یاد آیا وہ تو اسی کمرے میں خود آئی تھی ولی کا خیال آیا.. اٹھ کر اسکے کمرے کا دروازہ کھولا تو وہ سویا ہوا تھا..

ولی اس سے ملا نہیں.. اور اگر سو گئی تھی تو اٹھا دینا چاہیئے تھا.. غلطی بھی خود کی ہے اور اکڑ بھی خود رہا ہے.. غصہ آیا تھا ولی پہ.. کمرے میں داخل ہوئے بغیر ہی دوسرے کمرے میں آ گئی.. بد گمانی بھرنے لگی تھی ذہن میں ولی کے لئے..

ولی کی آنکھ کھلی تو وہ اکیلا ہی بیڈ پہ تھا نیلم نہیں آئی..

اٹھ کر آفس جانے کے کیلئے تیار ہونے لگا..

تیار ہو کر باہر آیا تو نیلم پھر دکھائی نا دی.. خود ہی کچن میں گھسا.. خود ہی اپنے لیے چائے بنائی.. ساتھ میں دو سلائس لئے بریڈ کے چائے بمشکل اپنے حلق سے نیچے اتاری تھی جس میں چینی بہت تیز تھی ناشتہ کر کے وہ چلتا بنا ..

..کچھ دیر بعد نیلم بھی کالج یونیفارم میں تیار باہر آئی.. ولی جا چکا تھا ..اور غصہ آیا تھا ولی پہ.. اتنی اکڑ

کچن میں گئی تو کچن کا حلیہ بگڑا ہوا تھا.. صرف چائے بنانے کیلئے ولی نے کچن کا حلیہ تہس نہس کر دیا ..

چولہے پہ چائے گری ہوئی تھی پتیلی سے چائے ابل کر باہر آئی تھی کپ میں ڈالتے ہوئے چائے آدھی کپ میں اور آدھی

شیلف پہ گری ہوئی تھی پتی اور چینی کے ڈھکن کھلے ہوئے تھے..

.. بریڈ کا پیکٹ بھی باہر کھلا پڑا تھا

ناشتہ کرنے بجائے نیلم نے کچن صاف کیا تھا.. اور اتنے میں اسکی

.. وین آگئی

ولی آفس میں آیا تھا.. عروج کی کرسی خالی پڑی تھی اسے گھور کے

.. دیکھتا اپنے کیبن میں چلا گیا

..وہ اپنے کیبن میں آکر بیٹھا تھا

عروج پہ بے انتہا غصہ آرہا تھا..آج غیر حاضر رہ کر ثابت کیا کرنا چاہتی ہے.."

..پھر ساری سوچوں کو جھٹکتے کام میں مصروف ہو گیا

..عروج بیٹے آفس نہیں گئی تم آج

وہ اداس سی صوفہ پہ بیٹھی تھی جب احمد صاحب اسکے پاس آکر بیٹھے..

میرا دل نہیں چاہ رہا اور ویسے بھی میں یہ جاب چھوڑ رہی ہوں..

..وہ سرد سے لہجہ میں بولی

کیوں چھوڑ رہی ہو تم جاب..ولی کے لئے اسے تمہاری جاب سے کوئی لینا دینا نہیں چاہے تم کرو چاہے نا کرو جاب..اسکی لائف تو سیٹ ہے.."اور تم اسکی وجہ سے اپنا کیریئر خراب کرنا..یہ کہاں کی عقل مندی ہے.."

ضروری نہیں ہے کہ انسان کا ہر خواب ہی حقیقت بن جائے " کچھ خواب محض خواب ہی رہتے ہیں اور ان خوابوں کو بھلا دینا ہی بہتر ہے"

..وہ اسے پیار سے سمجھاتے ہوئے بولے

اس نے بس ہاں میں ہی سر ہلایا تھا..وہ اسکے سر پہ ہاتھ رکھتے چلے گئے وہاں سے..

کیسے بھلا دوں میں اسے "بہت مشکل ہے کام میرے لئے "ایک موتی آنکھ سے بے مول ہو کر گرا تھا..

نیلم کالج سے گھر آئی تھی..ابھی بھی ولی کی سوچوں میں غرق تھی..آخر کیا چاہتے ہیں وہ..اچھے بھلے تو تھے..اور اس لڑکی نے

اچانک سب خراب کر دیا کون تھی وہ.. کہیں ولی کا اس لڑکی کے ساتھ کوئی چکر تو نہیں چل رہا.. وہ سر پکڑ کر بیٹھ گئی.. اب کیا بنے گا میرا..

خود سے سوالوں کے جواب بنا رہی تھی.. بدگمانیاں کے بادل چھانے لگے تھے..

ولی آفس میں ضروری فائل پہ کام کر رہا تھا کہ جب اسکا موبائل رنگ ہوا..

" ..ہیلو

..ہیلو کے بچے کہاں کھپ گیا ہے "ارمان کی آواز گونجی تھی

کہاں ہوں یہیں ہوں کام کر رہا ہوں آفس میں..اور تم سناؤ کیسے ہو اور کہاں ہو دوبارہ ملے نہیں.." ولی بولا تھا الفاظ میں تھکن سی تھی ..

میں تو ٹھیک ہوں پر تم ٹھیک نہیں لگ رہے کیا بات ہے "ارمان اسکی بے چینی نوٹ کرتا بولا..

" ..کچھ نہیں آفس میں بزی تھا تو تجھے ایسا لگا ہو

..ولی بات ٹال گیا

"اچھا میرے کام کا کیا بنا

کچھ نہیں ابھی تک تو نیلم گئی تھی انکے گھر بات کرنے مگر ابھی
" ..کوئی مثبت جواب نہیں آیا
"تو فکر نا کر "ہو جائے گا کچھ نا کچھ سوچنے کا ٹائم دے

اچھا دیکھ بات سنبھال لینا اچھا.. "کچھ ادھر ادھر کی باتیں کرتے
" ..کال کی کر دی

" ..اور وہ پھر سے اپنے کام پہ جت گیا

رافع پھر کیا سوچا ہے تم نے..ولی کے دوست کے بارے میں..
کرن کی امی نے رافع سے بول رہی تھی

ہاں میں سوچ رہا ہوں ولی سے بات کر لوں..لڑکے کا پتا لگاتے
ہیں اگر لڑکا اچھا ہوا تو پھر بات چلا لیں گے..رافع نے جواب
..دیا

یہ ماما اور بھائی کس رشتہ کے بارے میں کر رہے ہیں.. کرن کچن میں ساری باتیں سن رہی تھی ساتھ کھڑی اپنی بھابھی سے دریافت کیا..

پتہ نہیں مجھے.. آپس میں بات کر رہے ہیں تمہارا کوئی رشتہ آیا ہے..امبر بولی..

کیا میرا رشتہ.. کون لے کر آیا.. کرن نے حیرت سے کہا..

پتا ہوتا تمہیں بتا دیتی"امبر بولی..

کرن تو پریشان. سی ہو گئی..

..ولی رات گئے گھر لوٹا تھا..تھکا سا..کمرے میں آیا تو کمرہ خالی تھا نیلم کو کمرے میں نا پا کر غصہ آیا تھا اسے..جی تو چاہا ابھی اسکی جا کر اسکی عقل ٹھکانے لگائے کیا تماشہ لگایا ہوا ہے..

مگر خود پہ کنٹرول کرتا بیٹھ گیا..پھر اٹھ واش روم چلا گیا..چینج کر کے باہر آیا تھا..اب رخ کچن کی طرف تھا بھوک لگی ہوئی تھی..

نیلم کو پتہ چل گیا تھا ولی گھر آگیا ہے..مگر وہ جان بوجھ کر کمرے سے باہر نہیں آئی..

ولی نے کھانا گرم کر کے کھایا.. اور پھر اپنے لیے چائے بنائی اور کمرے کی طرف چل دیا..

اپنے کمرے کے دروازے تک پہنچا تھا کے ساتھ والے کمرے کے دروازے پہ نگاہ گئی.. ہلکا سا دروازہ کھولا تھا.. بیڈ پہ نیلم دوسری سائیڈ نیلم کروٹ لیے لیٹی تھی.. کچھ سوچتا کمرے کے اندر چلا گیا..

نیلم نے جلدی سے آنکھیں بند کر لیں تھی..

وہ بیڈ کی دوسری سایئڈ اسکے برابر بیٹھ گیا..

چائے کا سیپ لیا اسے دیکھتے.. معصوم سا چہرہ.. سرخ سفید رنگت.. سنہری بالوں کی آوارہ لٹیں چہرے کو چھو رہی تھی

..انہیں سمیٹنے کے لئے ہاتھ بڑھایا تھا مگر اسی وقت ہات کھینچ لیا..

..اور اٹھ کر اپنے کمرے میں آ گیا

نیلم کو اچھا نہیں لگا تھا یوں اسکا چلے جانا.. ٹیس سی اٹھی تھی اسکے دل میں وہ آہی گیا تھا.. ایک بار تو آواز دیتا اسے.. دو موتی ..آنکھوں سے بے مول ہو کر گرے تھے

ولی کمرے میں آیا تو اور بے سکون ہو گیا تھا.. اسے پتا چل چکا تھا وہ جاگ رہی ہے.. میں اپنے ساتھ کئے گئے عہد سے نا پھرتا اور تم ..سے محبت ہی نا ہوتی مجھے تو اچھا تھا

جلن سی ہوئی تھی آنکھوں میں اسکے..چائے کا خالی کپ ٹیبل پہ پ ٹیبل پٹخا تھا..اپنی تمام تر سوچوں کو جھٹکتے لیٹ گیا تھا آنکھیں ..بند کرے سونے کی کوشش کرنے لگا

دونوں طرف ہی بے چینی تھی ادھر نیلم اور یہاں ولی دونوں ہی ..ایک دوسرے کے بغیر ادھورے تھے
.. ایک انا تھی جو آڑے آرہی تھی

..تین دن.زید یونہی گزر گئے عروج آفس نہیں آرہی تھی ولی نے بھی خود کو کام میں مصروف رکھنے کی ہوتی کوشش کی ..تھی

..وہ ابھی آفس میں بیٹھا ہوا تھا جب اقرا اسے فائل دینے آئی

..ولی یہ فائل..ولی نے فائل تھامی اسکے ہاتھ سے

..جب وہ پلٹی تو ولی نے اسے آواز دے کر روک لیا

" ..اقرا.."مجھے تم سے بات کرنی ہے بیٹھو

..تو وہ چپ چاپ بیٹھ گئی

" ..عروج کیسی ہے اور آفس کیوں نہیں آرہی

آپ کو کیوں عروج کی فکر ہونے لگ گئی..آپ اپنی وائف کی"
.. فکر کریں بس" وہ طنزیا بولی

عروج کو اس طرح سے بات نہیں کرنی چاہیے تھی.."اسکی بھی
..تو غلطی ہے

..اور آپ نے جھوٹ بولا وہ"آپکی غلطی بھی تو ہے

میں نے جھوٹ نہیں بولا میں نے بس چھپایا تھا..اور چھپانے کا
" .. مقصد کسی کو ٹریپ کرنا نہیں تھا

..تو پھر کیا تھا"اقرا بولی

میرا ایک سال پہلے نکاح ہوا تھا نیلم سے بڑوں کی مرضی سے ہوا تھا.. میری ماما کی بھانجی ہے.. انہوں نے اسے پالا تھا.. انفیکٹ وہ میری بھی ماما نہیں تھی.. وہ ہماری ماں نہیں تھی بلکہ ماں سے بڑھ کر تھیں.. انکی خواہش تھی کہ میں نیلم سے نکاح کرلوں وہ چھوٹی تھی میں نہیں مانا اور ماما کی دیتھ ہو گئی.. کیا کرتا میں بڑوں کی مرضی کے آگے سر جھکانا پڑا اس بھیڑ جیسی دنیا میں میں اسے اکیلا نہیں چھوڑ سکتا تھا ..

نیلم ابھی سٹڈی کر رہی تھی.. اور میں اپنا اچھا کیریئر بنانا چاہتا ہوں.. اس لیے میں ابھی اپنی شادی کو ایکسپوز کرنا نہیں چاہتا تھا

وہ ابھی چھوٹی ہے اپنی پڑھائی مکمل کر لے.. پھر میں اسے سب کے سامنے لاؤں گا..

اسکے ساتھ رہتے ہوئے مجھے اس سے محبت ہونے لگی.. وہ میرے دل کے بہت کلوز ہے میں اس سے دور نہیں رہ سکتا اس دن کی وجہ سے اب تک ناراض ہے مجھ سے..

اور عروج کو لیکر میرے ایسے جذبات تھے ہی نہیں اگر ہوتے تو اس سے اسطرح کی کوئی بات کرتا اس سے پیار محبت کے کوئی دعوے کیے ہوتے..

تم دوست ہو اسکی بتاؤ مجھے اگر یہ جذبات عروج کو مجھے لیکر " تھے تو وہ بس اسکے ہی تھے میرے نہیں"..

وہ اقرا کو دیکھتے پوچھنے لگا..

..اقرا نے بس نا میں سر ہلایا اور اٹھ کر چلی گئی وہاں سے

..وہ اپنی کرسی پہ آکر بیٹھی تھی

..کیا کہہ رہا تھا وہ "عباس اسکے برابر میں بیٹھا بولا "

ہی از رائٹ.. وہ ٹھیک ہے اپنی جگہ عروج ہی اسکے پیچھے پاگل تھی.. کتنا سمجھایا تھا اسے میں نے مگر وہ نا مانی.. "انکل کو بھی پریشان کیا ہوا ہے بس کمرے میں بند رہتی ہے.. ناٹھیک سے کھاتی پیتی ہے بیمار ہو جائے گی.. وہ فکر مند ہوئی عروج کے لئے..

..نیلم پریشان سی بیٹھی تھی.. شام کا وقت تھا دروازہ بجا

..گیٹ کھولا تو کرن تھی

..اداس چہرے پہ مسکراہٹ آئی تھی

بہت مصروف ہو گئی ہو بھئی ملتی بھی نہیں "اندر آتے ہی شکوے
..شروع کرن کے

تو تم کونسا ملنے آجاتی ہو.. میرا اتنا ٹائم نہیں ہوتا جو تمہارے گھر "
..کے چکر لگاؤں

" ہاں بھئی پتا ہے بہت بزی ہو اپنی میرڈ لائف میں
"بس میرا بھی نام آنے لگا تمہاری لسٹ میں

کیا مطلب تمہارا.. "نیلم بولی

افف.. مطلب یہ کہ میرا رشتہ آیا ہے بہت سوچ وچار ہو رہی ہے.. اس رشتہ کے بارے میں "کرن مسکراتے بولی

کونسا رشتہ "نیلم جھٹ بولی

یہ تو مجھے بھی نہیں پتا کوئی باہر کا ہے "کرن نے کہا تو نیلم سمجھ گئی..

مگر یار ابھی اتنی جلدی یہ شادی کے جھمیلے میں نہیں پڑنا مجھے..

.."وہ بے چارگی سے بولی

..کرنی تو پڑے گی.."نیلم مسکراتی بولی

یار مجھے کیا پتا کون ہے..جاننا بھی تو ضروری ہے محبت بھی ضروری ہے.."جیسے تم..تم سے محبت کرتے ہیں ولی بھائی.."

..بات کا رخ وہ اسکی طرف موڑ گئی

..ولی کا اس دن کا کیا اظہار محبت یاد آیا تو مسکرا دی

..مگر اچانک سے ہی اس لڑکی کا خیال آیا تھا..تو ماتھے پہ بل آئے

..اور کوئی بات کرو تم"نیلم نے اسے ٹالنا چاہا

شرم آرہی ہے بتاتے ہوئے.. "کرن اسے چھیڑتے ہوئے بولی..

تمہیں بھی آجائے گی سمجھ بس ہو جانے دو تمہاری شادی پھر پتہ چلے گا تمہیں "نیلم منہ بناتی بولی..

تو تم بتادو نا ابھی "ولی بھائی تمہیں کیسے پیار کرتے ہیں "کرن نے اسے مزید تنگ کیا..

کرتی ہوں آنٹی سے بات جلدی شادی کرائیں اسکی "وہ مصنوعی غصہ دکھاتے بولی.. تو دونوں ہنس دی..

..کافی دیر باتیں کرنے کے بعد کرن چلی گئی

..رات ولی آفس سے گھر آیا تو دس بج رہے تھے

..اپنے کمرے کی جانب بڑھ رہا تھا

جب کمرے کے سامنے نیلم کو کھڑا پایا تھا..کتنے دنوں بعد اسے

..دیکھ رہا تھا

..آگئی عقل ٹھکانے "دل میں سوچتا ہوا نیلم کی طرف بڑھا

نیلم کی ساری توجہ اسی پہ تھی چہرے کے تاثرات سنجیدہ تھے..وہ

..بنا اس سے بات کئے اپنے کمرے میں جانے لگا

..نیلم نے اسکا بازو پکڑ لیا

" میرے سوالوں کا جواب دیں پہلے "

..پھر جہاں جانا ہے جائیں "سرد سے لہجہ میں بولی تھی

" وہ پھر سے اسکے سامنے آیا "بولو

کیوں کر رہے ایسا میرے ساتھ کیا غلطی ہوئی ہے مجھ سے

بتایئں "کتنے دن ہو گئے اگنور کئے جا رہے ہیں "وہ تو پھٹ پڑی

..تھی جیسے

اچھا اگنور "اور تم خود کیا کر رہی ہو" وہ کہتا اسکے مزید قریب ہوا تھا..

میں نے کچھ نہیں کیا "آپ کر رہے ہیں" وہ اسکی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر نڈر ہو کر بولی..

میں کیا کر رہا ہوں "وہ اسکے مزید قریب ہوتا سارے فاصلہ طے کر گیا مگر نیلم نے اسکے سینے پہ ہاتھ رکھتے مزید آگے بڑھنے سے روکا..

آپ چکر چلا رہے ہیں باہر.. آپ کی گرل فرینڈ نے انسلٹ کی ہے میری" وہ سیریس انداز میں بولی تھی.. مگر ولی کا میٹر گھوم گیا.. ..اس چھٹانک بھر کی لڑکی سے یہ الفاظ سن کر

وہ اسے بازو سے مضبوطی سے پکڑے کھینچ کر اپنے کمرے میں ..لے آیا تھا

یہ کیا بکواس کر رہی ہو تمہارا دماغ تو خراب نہیں ہو گیا.." بازو" ابھی اسکی مضبوط گرفت میں تھا اسکی انگلیاں اپنے بازو میں دھنستی ہوئی محسوس ہوئی تھی.. درد سے نیلم کی آنکھوں میں ..آنسو آئے تھے

تو وہ اسکی طرف دیکھتی پھر سے بولی تھی.. "آپ چیٹ کر رہے ہیں کون تھی وہ لڑکی" اسکی سوئی ابھی وہیں اٹکی ہوئی تھی..

شٹ اپ نیلم "تم بھول گئی ہو شاید میں نے تمہیں اپنایا تھا تمہیں سہارا دیا.. تمہیں اس مقام تک لایا ہوں.. تم پہ کبھی ذمہ داریوں کا بوجھ نہیں ڈالا تم پہ کبھی اپنا حق نہیں جتایا.. "اور تم اس مہربانیوں کا یہ سلہ دے رہی ہو مجھے.. "کوئی بھی کچھ بھی بول دے گا تم اس پہ یقین کرو گی.. "وہ دکھ سے بول رہا تھا..

وہ سر جھکائے بس روئے جا رہی تھی.. اسکا نازک سا وجود روتے ہوئے ہچکولے کھا رہا تھا..

یا پھر تمہیں احساس دلاؤں اپنے اور تمہارے رشتہ کا.. چہرہ اسکی ٹھوڑی سے پکڑ کر اونچا کیا تھا ..

بھیگی پلکیں اٹھا کر نیلی آنکھوں سے اسے دیکھا تھا.. جس کے چہرے پہ اب غصہ نہیں تھا اور ہی جذبات تھے ..

آپ کا احسان ہے مجھ پہ جس کی قیمت میں نہیں چکا سکتی.." برفیلے تاثرات تھے ..

یہ میرا احسان نہیں محبت ہے میری.. احسان ہوتا کب کا تمہارے وجود سے کھیل چکا ہوتا.. وہ پھر سے اسے غصہ دلا گئ ..

شاید تمہارا دماغ کچھ زیادہ ہی خراب ہو گیا ہے"..دل تو چاہتا ہے ابھی ہی ٹھکانے لگانے دوں.."کپڑے نکالو میرے"کہتا وہ واشروم کی جانب بڑھا..پھر رک کر اسکی طرف مڑا اور ہاں کھانا گرم کرو بہت بھوک لگی ہے"ایک اور حکم صادر " ..کرتا واش روم میں گھسا

وہ اپنے آنسوؤں صاف کرتی الماری کی طرف بڑھی تھی..اسکے بلیک ٹی شرٹ اور ٹراوزر نکال کر بیڈ پہ رکھا اور اب کچن کی طرف ..کیا

..وہ فریش سا باہر آیا تھا..تو وہ کھانا لگا چکی تھی

اسے دیکھتا اپنی کرسی پہ بیٹھا تھا.. روئی ہوئی لال سوجھی آنکھیں
.. ناک بھی رونے کے باعث لال تھی وہ ابھی تک تو رہی تھی
.. کھانا کھانے لگا تھا تب وہ وہاں سے جانے لگی

.. تم کہاں جا رہی ہو میں نے تم سے کہا جانے کو "بیٹھ جاؤ "

تو وہ چپ چاپ بیٹھ گئی.. ولی نے نظروں کے حصار میں لیا ہوا تھا
.. کھانا کھاتے ہوئے
.. وہ اسکی نظروں کی تپش سے گھبرا کر ادھر ادھر دیکھ رہی تھی

.. وہ کھانا ختم کرتا اٹھ گیا

اپنے خوبصورت ہاتھوں اپنے جیسی پیاری سی چائے بنا کر لاؤ" "
.. پھر تمہارا دماغ درست کرتا ہوں" وہ نارمل انداز میں کہتا چلا گیا
وہ چپ رہی تھی.. بس اس کے لئے چائے بنائی.. اور اسکے کمرے
.. کی طرف چل دی

ولی بیڈ پہ لیٹا ہوا تھا موبائل چلا رہا تھا.. جب نیلم کمرے میں آئی
چہرے کے تاثرات سنجیدہ ہر جذبات سے آری.. سائیڈ ٹیبل پہ
.. چائے رکھ کر وہ باہر جانے کے لیے مڑی تو کی آواز پہ رکی

رکو" اب کہاں جا رہی ہو ادھر آؤ.. چائے کا کپ اٹھا کر منہ "
.. سے لگایا

..وہ اسکی طرف مڑی تھی..موڈ ابھی بھی بنا ہوا تھا

ادھر آؤ یہاں سوؤ گی تم "نیند نہیں آتی تمہارے بغیر چائے کے "
..سیپ لیتا شوخ سے لہجہ میں بولا تھا

..تو وہ چپ چاپ اپنی جگہ پہ آکر لیٹ گئ

ولی اپنی چائے ختم کرتا..لائٹ اوف کر کے اسکے برابر میں لیٹ
..گیا
نیلم دوسری سائیڈ منہ کئے لیٹی تھی..آنکھوں سے آنسو ابھی بھی
..جاری تھے

ولی نے اسکی کمر پہ ہاتھ ڈال کر اسے اپنی جانب کھینچ کر اپنے ساتھ لگایا تھا..

اب ایسے بھی کون سے ظلم کے پہاڑ ٹوٹے ہیں تم پہ" اسکی نم آنکھوں کو دیکھتے زچ ہوا تھا..

پلیز مجھے سونے دیں" رونے آواز بھاری ہو رہی تھی..

سو جاؤ میں نے کچھ نہیں کہا تمہیں.." وہ اسکی گال پہ بوسہ دیتا بولا..

دور ہٹیں" تھوڑا غصہ سے کہا..

یہ تو ناممکن "اب کے نظریں اسکی گلابی ہونٹوں پہ جا ٹھہری تھی ..

آپ کے بہت احسان ہیں مجھ پہ مزید.. "ابھی وہ بول رہی تھی کہ اسکے لبوں پہ قفل لگا گیا..

اسکے رونے میں روانی آئی تو اسے الگ ہوا تھا..

مسز ولی ایک بات میری کان کھول کر سن لو.. تمہیں تمہاری" جگہ کا احساس میں ابھی دلوا سکتا ہوں.. مگر میں تمہاری مرضی کے بغیر اپنی حد پار نہیں کروں گا.. حق رکھنے اور حق پہ ہونے

کے باوجود میں تم سے قریب نہیں ہوا تو کسی اور کے قریب کیسے جاؤں گا میں اتنا کمزور مرد نہیں ہوں ..

....اور نا ہی اتنا گیا گزرا ہوں اتنا تو یقین تمہیں ہونا چاہئے مجھ پہ

اسکے آنسوؤں کو اپنی انگلیوں کے پوروں سے صاف کرتے اسکے ماتھے اپنی محبت کی مہر ثبت کی تھی.. سو جاؤ کاندھے پہ اسکا سر ٹکاتا آنکھیں موندلی

اگلے دن ولی آفس چلا گیا.. مگر نیلم کالج نہیں گئی آج اسکا دل ہی نہیں کیا جانے جو.. ولی نے اسکے سوالوں کے جواب نہیں دیے..

الٹااس پہ غصہ کیااپنے بازو کو سہلایا جہاں ابھی درد تھاولی نے زور سے بازو پکڑا تھا کہ اسکی انگلیاں پوست ہو گئی تھی جیسے..

وہ لڑکی کون تھی یہ سوال اٹھ اسکے ذہن میں منڈلا رہا تھا..

دروازہ پہ بیل ہوئی تھی..اٹھ کر دروازہ کھولا تو خوشی کی لہر دوڑ گئی تھی..

پھپھو.."وہیں کھڑے انہیں زور سے گلے لگایا تھا..

ارے بھئی اندر تو آنے دو"وہ اسے پیچھے ہٹاتے بولی..

..آئیں اندر آئیں.."وہ انکا سامان پکڑ کر اندر لاتی بولی

.. پھپھو بمشکل اپنا گھٹنا پکڑ کر چل رہی تھی "

پھپھو یہ کیا ہوا.."انہیں ایسے چلتا دیکھ نیلم فکر مندی انکا ہاتھ"
..تھام کر صوفہ پہ بٹھایا

گھٹنوں میں درد رہنے لگا ہے اب اور سفر کی تھکان ہے.."وہ
..تکلیف سے بولی تھی

..نیلم نے جلدی سے پانی لا کر دیا انہیں

اچھا آپ منہ ہاتھ دھولیں میں چائے بناتی ہوں آپکے لئے..

.."نیلم انہیں پانی کا گلاس دیتی بولی

جیتی رہو شاباش..اللہ خوش رکھے..تم رکھو چائے میں زرا ہاتھ" منہ دھولوں..وہ انہیں ڈھیروں دعائیں دیتی بمشکل کھڑی ..ہوئی..نیلم انکا ہاتھ پکڑتی واش روم تک لے گئی

..پھپھو بوڑھی ہو گئی ہیں آپ"نیلم ہنستی بولی

یہ تو گھٹنوں کو درد نے ادھ موا کر دیا ورنہ میری عمر ہی کیا ہوئی ہے ..ابھی.."پھپھو بولی تو نیلم کی ہنسی نکلی تھی

..ہاں ہاں اڑالو مذاق میرا.." پھپھو اسکے کان کھینچتے بولی

..آپ تو ابھی اتنی خوبصورت اور جوان ہیں.." مسکا لگاتی بولی

"تو پھپھو ہنس دی..بہت شرارتی نہیں ہو گئی تم

ولی جب آفس آیا تو عروج اپنی کرسی پہ بیٹھی ہوئی تھی سارا
..دھیان کمپیوٹر کی سکرین پہ تھا

..ولی نے اسے ایک نظر دیکھا اور اپنے کیبن میں چلا گیا

اسکے جاتے ہی عروج نے سر پکڑا تھا..اسکو بہت مشکل سے اگنور کیا تھا..

گڈ عروج ایسے ہی رہنا اب"اقرا اسے تھمب دکھاتے بولی..

اقرا نے بہت مشکل سے اسے سمجھایا تھا..تبھی آج وہ آفس آگئی..

مگر اب ولی کے آنے کے بعد اسکا ایک منٹ بھی رکنے کا دل نہیں چاہ رہا تھا..مگر خود کو کمپوز کرتی اپنے کام پہ جت گئی..

..ناشتہ کرنے بعد اب وہ دونوں بیٹھی باتیں کرنے گی

نیلی ولی کیسا ہے.. "اور تمہارے اسکارویہ تو ٹھیک ہے نا" بلقیس
.. پھپھو پیار سے پوچھنے لگی

..وہ کچھ افسردہ ہوئی "

" ..کیا ہوا نیلی

پھپھو پہلے ٹھیک تھا مگر اب" وہ پھپھو کی طرف دیکھتے بیچارگی "
..سے بولی

"اب کیا"

پھپھو ولی کا باہر چکر چل رہا ہے کسی لڑکی کیساتھ" وہ خوب
..مظلومیت کا مظاہرہ دکھاتے بولی

..کیا" پھپھو نے تو دل پہ ہاتھ رکھ کر کہا "

..ہاں" نیلم کی تو آنکھیں بھر آئی تھیں "

مگر کب سے چل رہا ہے یہ سب "ولی کو شرم آنی چاہیئے اتنی "
خوبصورت بیوی کے ہوتے باہر خاک چھان رہا ہے.. "وہ توتپ
گئی..

پہلے اتنے اچھے تھے "جب سے وہ لڑکی آئی ہے تب سے خراب"
ہو گئے "یہ دیکھیں کل کیا میرے ساتھ "اپنی آستین اوپر کر کے
بازو پہ انگلیوں کے نشان دکھائے..

ہائے میری بچی "پھپھو نے نیلم کو گلے لگا لیا..

اس ولی کو آجانے دو گھر دیکھنا کیسے سیدھا کرتی ہوں اسے کیا حال
بنا دیا بچی کا..

..اب پتا چلے گا ولی کو "اپنے آنسو صاف کرتی بولی"

..خوب مرچ مصالحہ لگا کر پھپھو کو بھڑکا دیا نیلم نے

وہ اس وقت میٹنگ روم میں بیٹھے تھے..ولی پریزینٹیشن دے رہا تھا..میٹنگ میں عروج بھی شامل تھی

ولی سامنے کھڑا تھا اور وہ کرسی پہ بیٹھی تھی ضبط کئے بیٹھی تھی..

..ولی پہ ایک نگاہ تک نا ڈالی تھی

..ولی کی نظر اس پہ کئی بار گئی تھی جو سنجیدہ اور اداس سی بیٹھی تھی

میٹنگ ختم ہوتے ہی سب چلے گئے وہاں سے..ولی بھی نکل رہا تھا جب اسکا ٹکراؤ عروج سے ہوا..وہ اسے دیکھتی ہی جلدی سے آگے نکل گئی..

..وہ آتے اپنی کرسی پہ سر پکڑ کر بیٹھ گئی

..کیا ہوا تمہیں "اقرا اسکے پاس آتی بولی

یار مجھ سے نہیں ہوتی جاب "میرا سر پھٹ رہا ہے..وہ نظر آتا ہے تو برداشت نہیں ہوتا "مجھ سے..وہ قرب سے بول رہی تھی..

یار سنبھالو خود کو" کیوں بے وجہ اپنے آپ کو اذیت دے رہی
..ہو" وہ اسکے کاندھے پہ ہاتھ رکھتی بولی

ولی اپنی کیبن میں بیٹھا تھا عروج پہ غصہ بہت آرہ تھا خا مخواہ میں
"تماشہ کر رہی ہے
"ایسے شو کر رہی ہے جیسے میں نے دھوکہ دیا ہو
..اتنے میں اقرا اسکے پاس کچھ فائل لے آئی

یہ فائل نہیں تھی" ابھی جو میٹنگ ہوئی ہے اسکی فائل چاہیئے..
..مس عروج کے پاس ہو گی" وہ اکتا کر بولا

مسٹر ولی آپ نے پھر مجھے کیوں کہا فائل لانے کو.." وہ تنک کر بولی..

" ..جائیں فائل لا کر دیں ابھی باس کے حوالے کرنی ہے

.. اچھا" کہتی وہ چلی گئی

" ..عروج آج کی فائل دو ولی کہہ رہا ہے تمہارے پاس ہے ہاں یہ رہی" عروج نے فائل اٹھائی..

.. مس اقرا آپکو باس بلا رہے ہیں ابھی آئیں.. اقرا پریشان سی بولی

..یار تم فائل دے آؤ" کہتی وہ چلی گئی

..اب عروج سوچ میں پڑ گئی کیا کرے

..پھر کچھ سوچتے ولی کے کیبن میں چلی

فائل.."عروج اسکے سامنے کھڑی تھی اسنے نظریں اٹھا کر اسکی طرف دیکھا تھا..

..جسکے چہرے تاثرات کافی سنجیدہ تھے بجھا بجھا سا چہرہ

..عروج" وہ مڑنے لگی تو ولی نے اسے پکارا

.. تو وہ اسکی مڑی

"جی

.. بیٹھو" کرسی کی طرف اشارہ کرتا بولا

.. تو وہ چپ چاپ بیٹھ گئی

.. جی بولیں" سرد سا لہجہ تھا

کیوں کر رہی ہو ایسا" میری کیا غلطی ہے" میں نے تو تمہیں ایسا کچھ نہیں کہا کوئی اس طرح کا اظہار خیال کیا.. "اس طرح سے شو کر وار ہی ہو جیسے میں کوئی وعدہ خلافی کی ہو .. "

آپ نے جھوٹ بولا مسٹر ولی آپ میرڈ ہیں اگر آپ مجھے تب ہی سچ بتا دیتے تو شاید میں اپنے قدم پیچھے ہٹا لیتی مگر اور میں اپنے جذبات میں بہت آگے نکل آئی ہوں جہاں واپسی ممکن نہیں.. " آنکھیں نم ہوئی تھی کہتے..

ولی اس سے نظریں چرا گیا..

آئی نو میں نے اپنی شادی چھپائی مگر میرا مقصد تمہارے جذبات سے کھیلنا نہیں تھا.. مگر میں پھر بھی ایکسکیوز کرتا ہوں تم سے.." تم شادی کر لو" ولی اسے اپنے تئیں مشورہ دیتا بولا.. شاید وہ اس سانحہ کو بھول جائے..

ہمم.. تو پھر تم شادی کرو گے مجھ سے" عروج نے بڑی بے باکی کا مظاہرہ کرتے اسے آفر دی..

شٹ اپ عروج.. میری زندگی میں صرف ایک ہی لڑکی ہے.. میری بیوی نیلم.. میں بہت محبت کرتا ہوں نیلم سے.. اور اسکے علاوہ میں کسی اور کے بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا" جاؤ یہاں سے.. ولی کو طیش آیا تھا..

تم اپنی محبت نہیں چھوڑ سکتے تو میں کیسے اپنی محبت سے دستبردار ہو جاؤں.. مسٹر ولی اللہ..

تو وہ غصہ میں کہتی کھڑی ہوئی تھی اور وہاں سے نکل گئی..

ولی نے غصہ سے پین ٹیبل پہ پٹخا تھا اور سر پکڑ رہ گیا..

وہ معاملات سلجھانا چاہتا تھا اور وہ بگاڑ رہی تھی..

ولی شام کو گھر آیا تھا..

گھر میں پھپھو کو دیکھ خوشگوار سی حیرت ہوئی تھی...

..انکے گلے جالگا تھا.. پھپھو بھی خوش ہوتی اس سے ملی تھی

..نیلم..نے اسے پانی لا کر دیا

.."کیسی ہیں پھپھو آپ بہت دیر بعد چکر لگایا آپ نے

بس بیٹا اب طبیعت پہلے جیسے نہیں رہی بہت ہمت کر کے آئی

..ہوں.."وہ نرم مزاج سے بولی

" .. اچھا پھپھو میں فریش ہو کر آیا.. پھر جوائن کرتا ہوں آپکو

بیگم صاحبہ کپڑے نکالے میرے.." کھڑا ہوتا نیلم سے مخاطب ہوا جو سامنے کھڑی تھی..اس نے نا میں سر ہلایا..

سر کیوں گھما رہی ہو نکالو ہر کام کہہ کر کروانا پڑتا ہے.." بڑبڑاتے کمرے میں چلا گیا..

دیکھا پھپھو کیسے بول رہے ہیں" شکایتی بولی..

تو تم نے اسکا کام کر کے رکھنا تھا.." انہوں اسے ہی سنا دیا..

واہ پھپھو نے پارٹی بدل لی" کہتی وہ اسکے پیچھے گئی..

ولی اپنی شرٹ کے بٹن کھول رہا تھا.. جب وہ کمرے میں گئی اسے نظر انداز کرتی الماری کی طرف بڑھی.. کپڑے نکال کر بیڈ پہ رکھے.. ولی کی نظریں اسی پہ جمی ہوئی تھی اب وہ شرٹ اتر چکا تھا.. اسکے پاس سے گزر رہی تھی کہ ولی نے اسکا ہاتھ پکڑ کر اسے اپنی طرف کھینچ لیا..

وہ اسکے چوڑے سینے کے ساتھ جا لگی..

اسکی کمر پہ دونوں ہاتھ باندھے ہوئے اسکے معصوم چہرے کو دیکھ رہا ..

وہ دونوں ہاتھ اسکے سینے پہ رکھے فاصلہ بنائے ہوئے تھی..

لگتا ہے دماغ ابھی تک ٹھکانے نہیں آیا تمہارا.. شوخ سے لہجہ میں کہتا اسے مزید خود میں بھینچا تھا..

چھوڑے مجھے "دماغ تو آپکی پھپھو ٹھکانے لگائے گی "آخری بات
..اس نے دل میں کہی تھی

غصہ سے سرخ پڑتی سفید رنگت چھوٹی سی ناک..گلابی ہونٹ
اسے گستاخی پہ اکسا رہے تھے..وہ اسکی گرفت میں ننھی سی
چڑیاں کی مانند پھڑ پھڑانے لگی تھی..اسکے چہرے پہ مسکراہٹ
..نمودار ہوئی تھی..اور اپنی گرفت سے آزاد کر دیا تھا

ایک سیکنڈ بھی دیر کیا بنا وہاں سے بھاگ نکلی تھی..اور وہ ہنستا
واش روم میں گھسا تھا

..نیلم اپنی پھولی ہوئی سانس ہموار کرنے لگی تھی

پھپھو کچن میں تھی..اپنے آپ کو کمپوز کرتی کچن کی طرف بڑھی تھی..

" ..کھانا لگاؤ..ولی آتا ہے تو پھر اکٹھے ہی کھائیں گے
کہتے پھپھو نے نیلم کی جانب دیکھا تھا جس کی رنگت حیا سے سرخی مائل ہو رہی تھی..

..آپ بہت طرف داری کر رہی ولی کی" وہ خفگی سے بولی

..پہلے اسے کھانا تو کھا لینے دو پھر پوچھوں گی" وہ مسکرا دی

..تو وہ موڈ سے کھانا لگانے لگی

..ولی بھی وائٹ ٹی شرٹ کیساتھ ٹراؤزر پہنے باہر آیا تھا

..وہ دونوں ٹیبل پہ بیٹھی اسکا انتظار کر رہی تھی

..آؤ بیٹا بیٹھو" پھپھو نے پیار سے کہا تو وہ مسکراتا بیٹھ گیا

..اوہ آج تو بہت ہی اچھی خوشبو آ رہی ہے کھانے کی
اپنی پلیٹ میں بریانی ڈالی تھی..یقیناً یہ سارا کھانا آج پھپھو نے
..بنایا ہے.." کہتا منہ چاول کھانے لگا

بھئی واہ پھپھو مزا آ گیا آج آپ کے ہاتھ کا کھانا کھا کر.." ورنہ
.. کبھی سبزی میں نمک تیز تو کبھی مرچی تیز.. وہ نیلم کو تپا گیا تھا

بیٹا سیکھ جائے گی وقت کے ساتھ ساتھ مگر اسکا مطلب یہ نہیں
.. کے تم نیلم کو باتیں سناؤ" پھپھو نے زرا لہجہ تیز کیا

" .. باتیں تو نہیں سنا رہا بس ویسے ہی

.. کیوں بچی کو تنگ کیا ہوا ہے تم نے" وہ تھوڑا رعب سے بولی"

.. میں نے کیا کہا" وہ حیرت سے بولا

کون ہے وہ لڑکی جسکے ساتھ چکر چل رہا ہے تمہارا.." وہ غصہ سے بولی..

کیا" اسنے نیلم کو کڑے تیور سے دیکھا تھا..جو پھپھو کے پیچھے چھپ کر بیٹھی تھی انکے کاندھے سے سر نکال کر ولی کو دیکھ رہی تھی..

یہ بچی کو کیا ڈرا رہے ہو" دیکھو تو سہی کیسے بچی کی رنگت پیلی پڑ گئی ہے.."

پیلی رنگت" ٹھیک ٹھاک تو ہے" وہ حیرت زدہ بولا..

میں تو سمجھی تھی کوئی خوش خبری ہو گی "افسوس سے سر ہلاتی بولی..

خوش خبری "وہ زیر لب بڑبڑایا"

محترمہ ہاتھ تو لگانے دیتی نہیں "وہ بس سوچ سکا..

پھپھو کو تم نے پٹیاں پڑھائی ہے نا. "اب کے وہ نیلم کی طرف بڑھا تھا..

تم کہہ کر دکھاؤ اسے کچھ بچی ہے تو تم کیا اس بات کا غلط فائدہ اٹھاؤ گے.. "پھپھو درمیان میں آئی..

"پھپھو جھوٹ ہے یہ سب "وہ لڑکی میری دوست ہے بس

پھپھو سن لیا آپ نے کیا کہہ رہے یہ دوست ہے "مگر پھر بھی مجھے جھوٹ کہہ رہا ہے.. "نیلم جھٹ سے بولی

.. نیلم بات کو غلط رنگ مت دو "اب کے ولی کا اس پہ غصہ آیا تھا

پھپھو مجھے ماما کی قسم میرا اس لڑکی سے ایسا کوئی تعلق نہیں ہے " نیلم ہی میری بیوی ہے.. اور وہ لڑکی میری آفس کی کولیگ ہے.. " ..بس.. "اسکی طرح اسکا دماغ بھی چھوٹا ہے

سمجھادیں اسے بے وجہ باتوں کو بڑھاوا نہیں دیتے ورنہ رشتہ ہاتھ سے نکل جاتے ہیں.." وہ سیریس ہوتا بولا..

پھپھو خاموش رہی..

اور تم آؤ کمرے کام ہے چائے لیکر آنا ساتھ میں سر درد کر رہا ہے..

کڑے تیور سے اسے دیکھتا کمرے میں چلا گیا..

نیلم کتنی غلط بات ہے.." تم بلاوجہ شک کر رہی ہو ولی پہ..

" مگر پھپھو میں نے خود اس لڑکی کو دیکھا جو..

..بسس..نیلم جاؤ کمرے میں..ولی کے لئے چائے لیکر
..پھپھو نے حکم نامہ جاری کیا

..میں نہیں جاؤ گی" وہ ضدی لہجہ میں بولی

نیلم..ابھی ولی تمہارے ہاتھوں میں ہے اسے ابھی سے کنڑول میں رکھو گی تو یہ تمہارا رہے گا ورنہ مرد دیر نہیں لگاتے بدلنے میں ..اور ولی ایسا لڑکا نہیں ہے

کیا تم ولی سے محبت کرتی ہو" پھپھو نے اسکی تھوڑی پہ ہاتھ " رکھتے کہا..

" تو نیلم نے شرماتے ہاں میں سر ہلایا"

"تو پھر جاؤ شاباش

..چار و ناچار اسے پھپھو کی بات ماننی پڑی

چائے کے ساتھ ہی وہ کمرے میں ڈرتے ڈرتے داخل ہوئی..ولی ..سامنے ہی کھڑا تھا

آجاؤ محترمہ.."میں جتنا تمہیں نرمی سے پیش آتا ہوں تم اتنا ہی ..میرے سر چڑھتی جا رہی ہو

نیلم کے تو ہاتھ پاؤں پھولے تھے اپنی ہی شامت کو دعوت دے بیٹھی ہے..

..ادھر آؤ..اپنے پاس بلایا تھا

وہ چھوٹے چھوٹے قدم بڑھاتی اس تک جا رہی تھی..پنک کلر کا سادہ سا سوٹ پہنے دوپٹہ کو گلے میں ڈالے سنہری بالوں کی چوٹی بنائی..سرخ سفید رنگت خوف سے پھیلی نیلی آنکھیں..ولی نے چائے پکڑتے سائیڈ ٹیبل پہ رکھ تھی..وہ مڑتی کے اسکا بازو پکڑ چکا تھا..

کہاں چل دی تم.. "ہاں کیا کہا تھا پھپھو سے تم نے "اسکا پیچھے
..لے مروڑ ہوا بولا

..سسس """درد سے سسکی برآمد ہوئی تھی اسکے منہ سے

کک..کچھ نہی. کہا..بڑی مشکل سے بولی تھی موٹے موٹے آنسو
..نکل آئے تھے..اسکی پشت کو اپنے سینے سے لگا گیا تھا
..بس اب بہت چھوٹ دے دی تمہیں
..اسکی گردن پہ تشنہ لب رکھے تھے..وہ اپنے آپ میں سمٹی تھی

چھوڑیں مجھے.. "ایک دم سے ہوش میں آئی اسکا حصار توڑنے کی
..کوشش کی

شش "ڈسٹرب مت کرو مجھے.." ویسے بھی اب پھپھو کو دادی بنانا ہے.. سو ریڈی رہو..

اسکا رخ اپنی طرف موڑتا شریر سے لہجہ میں گویا ہوا..

اسکی بے باک سرگوشی پہ اسکی دل کی دھڑکنوں میں تلاطم برپا ہوا..

مم.. مجھے نن.. نیند آرہی ہے.. پلیز سونا.. ہے.. معصومیت بھرے لہجہ میں بڑی مشکل سے کہا تھا..

ولی کو بے پناہ پیار آیا تھا.. اسکی معصومیت پہ..

..اسے کاندھے سے پکڑ کر بیڈ پہ بٹھایا تھا

نیلم.."اسکے دونوں مومی ہاتھوں کو اپنے ہاتھ میں لیتے پیار سے ..اسے پکارا تھا

نیلم شرم سے سر جھکا گئی..وہ محبت پاش نظروں سے اسے دیکھ رہا ..تھا

نیلم تم مجھ سے محبت کرتی ہو..وہ سوالیہ نظروں سے اسے دیکھتا ..بولا

نیلم نے نظریں اٹھا کر اپنے مہربان کو دیکھا تھا.. کیوں نا ہوتی اس سے محبت اسی نے تو اسے محبت کرنا سکھایا ہے.. وہ زندہ تو صرف اسی کی وجہ سے تھی اور آج خوش بھی.. کیوں نا ہوتی اس مہربان سے محبت جو اسکا ہمسفر بھی ہے..

آپ میرے ہمسفر ہیں.. اور محبت بھی.. کوئی نہیں تھا میرا اس دنیا میں. آپ نے مجھے اپنا کر معتبر کر دیا.. تمہیں
کہتی وہ اسکے گلے سے لگ گئی تھی..

ولی بھی اسکے گرد بازو حائل کرتا مسکرایا تھا..
نیلم تم نے میری بے رونق زندگی میں رنگ بھرے ہیں..

..میں خود میں محسوس کرنا چاہتا ہوں

..کیا مجھے اجازت ہے..اسکے کان کے قریب سرگوشی کی

نیلم نے جھکے سر کو خم کیا تھا..دل کی دھڑکنیں بے ساختہ تیز ہوئی تھی..وہ اپنے آپ میں سمٹی تھی..

ولی نے اسے اپنی بانہوں میں بھر لیا تھا..اسے خود میں بھینچے اسے اپنے اندر محسوس کر رہا تھا..

تمام فاصلے مٹاتے وہ اسکے وجود کو اپنے نام کر گیا..وہ پیار بھرے لمس سے اسے باور کرا گیا وہ صرف ولی کی ہے.آج اس پہ اپنے پیار کی مہر لگا کر اسکے وجود کو فتح کر دیا..آج کی حسین شب دو پیار

کرنے والے ہمسفر کے نام ہوئی..آج تو چاند بھی پوری آب وتاب کے ساتھ چمک رہا تھا..

صبح نیلم کی آنکھ نو بجے کھلی تھی وہ بیڈ پہ اکیلے لیٹی تھی ولی آفس جا چکا تھا..

وہ اس وقت ولی کی شرٹ پہنے ہوئے تھی..

رات کا حسیں منظر آنکھوں کے سامنے فلم کی طرح چلا تھا..تو شرما گئی..

کیسے ولی نے اسے خود میں سمو لیا تھا اپنی بے تابیوں اور شدتوں سے اسے باور کروا گیا اسکے آغوش میں گزارے ہوئے اپنی

خوبصورت شب کے پل اسکی نئ زندگی کا آغاز اپنے ہمسفر کے سنگ..

اسکی شدتوں کو سہتے نڈھال سی ہو گئ تھی صبح پتا بھی نا چلا کب وہ اٹھا اور چلا گیا.. وہ بمشکل بیڈ سے اتری تھی اور واشروم میں بند ہوئی..

شاور لیکر فریش سی باہر آئینہ کے سامنے آئی اپنے آپ کو دیکھا تو خود کو دیکھنے لگی ولی اس پہ اپنا رنگ چڑھا چکا تھا آج وہ خود کو الگ ہی نظر آئی سنہری گیلے بالوں میں برش پھیرے سیدھا کئے..

کمرے سے باہر وہ پھپھو کے پاس آئی..اسکا نکھرا نکھرا سا وجود دیکھ پھپھو مسکرائی..وہ شرم سے نظریں جھکا گئی تھی..

ناشتہ بناؤں اپنی بیٹی کے لئے..اس نے ہاں میں سر ہلایا تھا..

یہ موبائل ولی دے کر گیا ہے کہا تمہارا ہے" پھپھو نے اسکی طرف موبائل بڑھایا وہ وہی موبائل تھا جو اس دن ولی نے اسے دیا تھا دو بار اس نے موبائل کو ہاتھ لگانے کی زحمت ہی نہیں کی..

پھپھو اسے موبائل دیے کچن میں چلی گئی..

ابھی وہ موبائل چلا رہی تھی جب موبائل رنگ ہونے لگا ولی نام جگ مگا رہا تھا اسکرین پہ..

..ہچکچاتے موبائل کان کیساتھ لگا گئی

ولی اپنے کیبن میں بیٹھا تھا.. نیلم کا خیال آیا سوچا اسکا حال چال

.. کر لے صبح جلدی میں وہ آفس آیا تھا

عروج بھی تھی آج آفس میں.. مس عروج ولی سے بلو کلر والی

.. فائل لے آئیں اٹس ارجنٹ.. "سی او نے کہا تو اسے جانا پڑا

ابھی وہ اسکے پاس پہنچی تھی جو وہ چیئر کا رخ دوسری طرف

موڑے فون پہ باتوں میں مصروف تھا.. وہ اسے بلانے والی تھی

..کے اسکی باتوں کو سنتے چپ ہو گئی

تمہاری طبیعت ٹھیک ہے نا.. صبح جلدی میں تھا اس لئے تمہیں نہیں جگایا ..

..جی.. ٹھیک ہوں.. نیلم نے ہلکی سی آواز میں کہا

اچھا.. رات کو تمہیں کچھ زیادہ ہی تنگ کر دیا تھا.. طبیعت ٹھیک ہے نا تمہاری" وہ مسکراتا بولا ..

ہمم.. نیلم کے منہ سے مارے شرم کے کوئی الفاظ نکل نہیں رہے تھے ..

تھینکس نیلم میری زندگی کو خوبصورت بنانے کیلئے.. آئی لو یو سو مچ" ..

مسٹر ولی باس فائل منگوا رہے تھے کائنڈلی آپ فائل دیں

..دے.. عروج سے مزید ناسنا گیا تو بول پڑی

ولی ویسے ہی مڑا تھا.. موبائل کان کیساتھ لگا ہوا تھا.. فائل اٹھا کر

..اسکی طرف بڑھادی

عروج نے جلدی سے فائل لی اور تیزی سے نکلی تھی وہاں..

..مارے ضبط کے چہرہ سرخ ہوا تھا

..ولی نے اپنی بات جاری رکھی نیلم کے ساتھ

نیلم نے ولی سے بات کر کے فون کاٹ دیا تھا کہ پھپھو ناشتہ لیکر حا
ضر ہوئی تھی..

بیٹا ایک بات سمجھ لو ولی تمہارا شوہر ہے اسکے اور اپنے درمیان کسی بھی غلط فہمی کو دور کرنا ہے نا کہ اسے بات کا پتنگڑ بنانا.. وہ تو ولی سمجھدار ہے جو تمہارے ساتھ نہایت سمجھداری سے چلا ہے.. تم ابھی چھوٹی ہو اسکی تمہیں سیکھنے میں وقت لگے گا کہ رشتہ کا کیسے سنبھالا جاتا ہے تمہارے سر پہ ذمہ داری کا بوجھ بہت جلدی پڑ گیا ہے.. مگر اب تم ایک بیوی کے مقام پہ فائز ہو تمہیں شوہر کے معاملے بہت حساس طریقہ سے چلنا ہے.. بے جا شک شوہر کو تم سے بد ظن کر سکتا ہے کوئی بھی بات ہو پہلے اسے خود بات چیت سے سلجھانا ہے.. شک رشتوں میں دراڑ ڈال دیتا ہے..

..پھپھو نے بڑے طریقہ سے اسے سمجھایا تھا

..جی پھپھو اس نے سمجھتے ہوئے سر ہلایا

عروج اپنی کرسی پہ آکر بیٹھی تھی..ولی کا اس طرح سے اظہار محبت کرنا کسی اور کے ساتھ اسکی برداشت سے باہر تھا..اپنا سر پکڑ کر بیٹھ گئی..

.. سر درد سے پھٹ رہا تھا

..آریوا کے عروج"اقرا اسکی حالت بولی تھی

یار مجھے ولی چاہیئے.. "میں اسے کسی اور کے ساتھ برداشت نہیں کر سکتی .. "

..شٹ اپ "اقرا کو غصہ آیا تھا اس پہ

تمہیں ایک بات سمجھ میں کیوں نہیں آتی ہے وہ تمہارا نہیں ہے.. "میرڈ ہے اور اپنی بیوی سے محبت کرتا ہے.. "انکل سے کہتی ہوں شادی کروائے تمہاری جلد از جلد کسی سے بھی." وہ ..اس پہ غصہ کرتی بولی

تم نہیں سمجھ سکتی میرے جذبات کو تمہیں تو تمہاری

..محبت مل گئی ہے..وہ اداسی سے بولی تھی

..اقرا نے نفی میں سر ہلایا مزید اسکی بات کوئی جواب نہیں دیا

ولی عروج کے بارے سوچ رہا تھا جب وہ کال پہ بات کر رہا تھا تو اسنے اسکی باتیں سنی تھی..اور اسکے چہرے سخت تاثرات بتا رہے تھے کہ اسنے اسکی باتیں سن لی ہیں..

وہ سوچ رہا تھا اپنے اور نیلم کے آنے والے مستقبل کے بارے میں وہ کسی تیسرے بندے کو اپنے درمیان نہیں برداشت

کرے گا..اس لیے اس نے اپنے لیے نئی جاب تلاش کرنے کا فیصلہ کیا...

..شام کو ولی جلدی گھر آیا تھا

..اسلام علیکم پھپھو

..وعلیکم السلام "جیتے رہو

ولی نے ادھر ادھر نگاہ دوڑائیں.. پھپھو سمجھ گئی وہ نیلم کو ڈھونڈ رہا..

.. نیلم کمرے میں ہے.." پھپھو نے مسکراتے کہا

..اچھا میں چینج کر کے آیا..ولی اٹھ کر کمرے میں آ گیا

نیلم شیشہ کے سامنے اپنے بال بنا رہی تھی پھپھو کے مطابق اسے شوہر کے آنے سے پہلے تیار رہنا چاہیئے اسی بات پہ عمل کرتی اس نے مہرون رنگ کی فراک پہنی تھی ہلکا سا میک اپ کیئے..اب اپنے سنہری بالوں کو سلجھا رہی تھی جب ولی نے پیچھے سے اسے ..بانہوں میں بھرا تھا

ایک دم سے وہ گھبرائی مگر ولی کا لمس پاتے پر سکون ہوئی شرمیلی ..سی مسکان چہرے پہ آئی تھی

ولی نے اسکے بالوں میں منہ چھپایا تھا..اسکے وجود سے اٹھتی بھینی
.. بھینی سی مہک اسے محسور کر رہی تھی

..اسکا رخ اپنی طرف موڑ لیا تھا ماتھے سے اسکا ماتھا ٹیکاتے

..مائے سویٹ ہارٹ ایک ہی دل میرا..ہر بار تم پہ ہی آجاتا ہے
..شریر سے لہجہ میں کہتا اسکے ماتھے محبت کی ثبت کی تھی

آپ چینج کر لیں..چائے لاؤں آپکے لئے..فرمانبردار بیویوں
..والا رویہ اختیار کرتے ہوئے کہا تھا

.. نہیں میں چینج کرتا ہوں اور ہم باہر چلتے ہیں

..ولی اسکی گال پہ بوسہ دیتے واشروم چلا گیا

..دونوں ایک ساتھ تیار کمرے سے باہر نکلے تھے

پھپھو نے انہیں ایک ساتھ دیکھ دعائیں دی کتنے خوبصورت لگ رہے تھے دونوں ایک ساتھ..

.. پھپھو ہم باہر جا رہے ہیں آپ بھی چلیں نا ہمارے ساتھ

..ولی انکے سامنے آتا خوش اخلاقی سے بولا

ارے نہیں بیٹا مجھ سے کہاں چلا جائے گا تم دونوں جاؤ.. یہ تمہارے دن ہیں گھومنے پھرنے کے.. انہوں خوش ہوتے کہا.. ..اور ولی نیلم کا ہاتھ تھامے باہر کی طرف چل دیا

آج نگہت بہت خوش ہو گی اسکے دونوں بچے آپس میں خوش اور ..راضی ہیں.. بلقیس نگہت کو یاد کرتے آبدیدہ ہو گئیں

..عروج مجھے لگتا ہے تم سائیکو ہو گئی ہو
جب وہ تم سے کوئی تعلق ہی نہیں رکھنا چاہتا کیوں اسکے پیچھے پڑی ہو..

..اقرا اسکے پاس بیٹھتی بولی.. وہ اس وقت اسکے گھر تھی

..اقرا وہ میری محبت ہے کیسے دستبردار ہو جاؤں میں اس سے

..تم پاگل ہو"اقرا بولی

ہاں میں پاگل ہوں جو ابھی بھی اس سے پیار کرتی ہوں..وہ دیوانہ وار بولی..

..اقرا چڑ گئی تھی اسکی باتوں سے تو اب

یہ تمہاری محبت نہیں ضد ہے سچ تو یہ کہ تم ولی سے ضد لگا بیٹھی ہو بس.."وہ کہتی رکی نہیں تھی..

..عروج کی آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے تھے اب

وہ اسے لئے ساحل سمندر میں آیا تھا شام کا وقت تھا ٹھنڈی ہوا ..بہت بھلی لگ رہی تھی ولی اسکا ہاتھ تھامے ساحل پہ چل رہا تھا

نیلم تم نے میری زندگی کو نئی رونق بخش دی ہے..بہت ٹوٹ چکا تھا میں..پہلے ماما پاپا ایک ساتھ چھوڑ کر چلے گئے..پھر دادا پھر ..ہمیں پالنے والے ماما بابا

..ماما کے جانے سے بہت ٹوٹ گیا تھا

تم سے نکاح کرنے کے بعد تمہارے لئے کچھ اور ہی سوچا تھا میں نے مگر تمہارے ساتھ رہتے ہوئے دل تمہارا گرویدہ بنا..

تمہاری قربت میں سکوں ملا مجھے.. تمہیں اپنی زندگی میں شامل کرنے کے بعد خود کو خوش قسمت سمجھتا ہوں کہ تم جیسا لائف پارٹنر ملا مجھے.. بس تھوڑی سی نکمی ہے.. باقی سب ٹھیک ہے..

..آخری بات اس نے شرارت سے کہی اسے دیکھتے

..نیلم نے اسے آنکھیں دکھائیں

..مگر پھر اسکے کاندھے کے ساتھ سر ٹکا لیا

ولی آپ نے مجھے عزت دی ہے مان دیا ہے.. سچ تو یہ ہے کے ماما کے جانے سے میں بھی بہت ٹوٹ گئی تھی مگر آپ نے بہت حوصلہ دیا ہے آپ ہی کی وجہ سے میں مجھے زندگی جینے کا حوصلہ ملا.. آپ کے ساتھ میں کو بھی برداشت نہیں کر سکتی مجھ میں حوصلہ نہیں. آپکو کھو دینے کا ..

"بڑے ہی معصومیت سے اظہار کیا تھا نیلم نے ..آئی لو یو ولی..

ولی کے چہرے پہ مسکراہٹ بکھری تھی ولی نے اسکی رخسار پہ بوسہ دیا اور اپنے سینے میں بھینچ لیا تھا ..

رافع نے ولی سے رابطہ کر کے ارمان کے بارے میں سب ڈیٹیل لی..

اور پھر ولی کے ساتھ ارمان سے ملاقات کی بھی ارمان نے رافع کو ہر طرح سے مطمئن کر دیا تھا..

پھر اسے اپنے گھر مدعو کیا کہ وہ باقاعدہ رشتہ لیکر آئے..

ہر طرح سے تسلی کرنے کے بعد انہوں نے رشتہ کے لئے ہاں کر دی..

مبارک ہو تمہیں تیری بات پکی ہو گئی..

ارمان اس وقت ولی کے گھر تھا.. ولی نے اسکے کاندھے پہ ہاتھ رکھتے خوش ہوتے کہا..

نیلم جلدی چائے اور کچھ کھانے پینے کو لاؤ ارمان آیا ہے..

نہیں یار سسرال والوں نے ہی پیٹ بھر دیا میرا.. ارمان بولا..

اب تو پہلی بار آیا ہے میرے گھر کچھ تو لینا پڑے گا نا.. ولی ہنستے بولا..

ہاں وہ تو ٹھیک ہے مگر میرے سسرال والوں نے ٹھیک نہیں کیا میرے ساتھ لڑکی نہیں دکھائی انہوں نے.. وہ دہائی دیتا بولا..

.. تھوڑی دیر بعد نیلم کچن سے باہر آئی ہاتھ میں ٹرے پکڑے

ارمان نے جب نیلم کو دیکھا تو دیکھتا ہی رہ گیا وہ جب چھوٹی سی تھی تب بھی اتنی خوبصورت تھی اب تو وہ پہچان میں بھی نہیں آرہی تھی ..

لال کلر ہلکا کام والا سوٹ پہنے سر پہ دوپٹہ ٹکائے لال گلابی رنگت نیلی آنکھیں.. وہ کوئی پری ہی لگی تھی ارمان کو ..

اسلام علیکم ارمان بھائی.. "نیلم نے مسکراتے کہا

وعلیکم السلام..ماشاللہ چھوٹی سی تھی نیلی اب دیکھو پہچان میں بھی نہیں آرہی..ارمان بولا..تو وہ دونوں مسکرائے..

یہ جلاد تو خون سکائے رکھتا تھا تمہارا اب تو ٹھیک ہے نا..ارمان نے ہنستے کہا..

اب یہ بہت اچھے ہیں..نیلم نے معصومیت سے کہا..

نیلم یار تمہاری دوست نہیں ملی اسے اچھا نہیں کیا..ولی نیلم سے بولا..

وہ اس لئے کے ارمان بھائی ابھی اجنبی ہیں.. صرف بات ہی پکی ہوئی ہے اور وہ لوگ اس معاملے میں زرا سخت ہیں.. نیلم نہایت سمجھداری سے جواب دیا ..

بات تو ٹھیک کی ہے نیلم نے ولی نے بھی اسکی سائیڈ لی.. چل بات تو پکی ہو گئی ہے اب جلد از جلد نکاح کی بات کروان سے میری.. ارمان نے کہا ..

اتنی جلدی.. نیلم بولی

یار مجھے اگلے مہینے واپس جانا ہے اور میں اکیلا نہیں جاؤں گا.."
پلیز اتنا کر دیا ہے تو آگے بھی کر دے..ارمان منتیں کرتا بولا اور
..مسکین سی شکل بنالی نیلم کو تو ہنسی آئی تھی

چلیں آپ لوگ کریں باتیں میں کرن کے پاس جا رہی ہوں"
نیلم کہتی چلی گئی وہاں سے

..کچھ دیر بعد وہ کرن کے پاس بیٹھی تھی

اور سناؤ پھر ہو گئی بات پکی تمہاری بھی..نیلم کرن کو چھیڑتے
..بولی

" ..ہاں ہو گئی

لڑکا کیسا ہے دیکھا تم نے "نیلم نے جان بوجھ کر کہا جبکہ اسے پتا تھا..

..نہیں دیکھانا بھائی نے منع کیا تھا ابھی سامنے نہیں آنا میں نے چھپ کر دیکھنے کی کوشش کی مگر پھر بھی نہیں دیکھ پائی بس بیک ہی دیکھ سکی" وہ افسوس سے بولی..

اچھا نام کیا ہے ہمارے جیجو کا "نیلم نے اسے دیکھتے مسکراتے کہا جو نام کے نام سے شرما گئی..

ارمان نام ہے.. تمہیں یاد ہے ارمان ولی بھائی کے دوست بھی تھے..

..کون "مجھے یاد نہیں آرہا" وہ سوچنے کی ایکٹنگ کرتی بولی

".. یاد کرو نا جنہیں ولی بھائی نے گھر سے نکال دیا تھا کرن نے اسے یاد کروانے کی کوشش کی

ہاں ہاں آگیا یاد وہ ارمان بھائی تمہیں یاد ہے "نیلم اسکے سامنے بنتی بولی..

ہاں یاد ہے.. مجھے وہ بھولے نہیں.. دل میں کہیں نا کہیں انکے آنے کا انتظار تھا.. وہ نا سہی کوئی اور سہی "سب بات قسمت کی ہے" وہ ارمان کو یاد کرتی بولی جبکہ وہ ابھی تک اس بات سے انجان تھی کہ یہ ارمان وہی شخص ہے..

تم واقعی لکی ہو کرن یہ والے ارمان بھی تمہیں پسند آئیں گے" نیلم مسکراتی بولی..

Zubi Novels Zone

اگلے دن ولی نے ارمان کا پیغام انہیں پہنچا دیا کہ.. شادی اگلے مہینے کرنی ہے کیونکہ ارمان واپس چلا جائے گا اور ساتھ میں کرن کو

بھی لے جائے اس لئے وہ اگلے ہفتہ نکاح کر لیں تا کہ کرن کے باہر جانے کیلئے پیپرز بنوالے گا پندرہ دن کے اندر ..

ایک دن کے سوچ بچار کے بعد انہوں نے ہاں کر دی نکاح کیلئے ..

ولی پلیز میری بات سن لیں" ولی استعفیٰ دے کر آج آفس سے جا رہا تھا آج اسکا اس آفس میں آخری دن تھا ..

عروج سے برداشت نا ہوا تو اسکے پیچھے دوڑی جب وہ باہر نکل رہا تھا ..

جی مس عروج" وہ اسکی طرف پلٹا اور سرد سے لہجہ میں بولا ..

آپ میری وجہ سے یہ جاب چھوڑ رہے ہیں.." وہ دکھ سے بولی

میرا یہاں سے چلے جانا ہی بہتر ہے "کیونکہ آپ اس طرح اپنی لائف میں آگے نہیں بڑھ پائیں گی.. پلیز اپنے بابا کا سوچیں انہیں کیوں تکلیف دے رہی ہیں اپنی بے جا ضد کو چھوڑ کیوں نہیں دیتی "

..وہ اسے سمجھانے کی کوشش کرتا تحمل سے بولا

بہت کوشش کی ہے خود کو سمجھانے کی مگر مجھ سے نہی. ہوتا برداشت پلیز ولی مجھے چھوڑ کر مت جایئں "وہ اسکی منتیں کرنے لگی..

..اور ولی اسکو اسکے حال پہ چھوڑ کر چلا گیا

..آج کرن کا نکاح ہے سب تیاریاں مکمل ہے
گھر میں نکاح کا ایونٹ تھا آنگن میں ہی سجاوٹ کی گئی تھی پھولوں
..کی اور سامنے صوفہ رکھا گیا تھا

کرن دلہن بنی تیار بیٹھی تھی اس وقت کمرے میں گھر میں تمام رشتہ دور موجود تھے اور اسکی کزنز بھی آئی ہوئی تھی کرن کو سب سے زیادہ انتظار نیلم کا تھا جو ابھی تک نہیں آئی تھی.. کچھ دیر بعد
..لڑکے والے کے آنے والوں کی اطلاع ملی

..لڑکے والے آ گئے "ایک لڑکی وہاں کہتی آئی

ارمان کیساتھ ولی اسکی پھپھو.. نیلم اور کچھ دوست حضرات اور بھی تھے.

..نیلم کرن کے پاس آئی جلدی

واؤ کتنی پیاری لگ رہی ہو.. "آف وائٹ فراک پہنے ساتھ ریڈ دوپٹہ لئے ہلکی سی جیولری پہنے نفیس سا میک اپ کئے وہ بہت پیاری لگ رہی تھی..

جاؤ میں نہیں کرتی بات تم سے اب آئی ہو" کرن ناراض ہوتی بولی..

سوری مگر میرے پاس سرپرائز ہے تمہارے لئے.." نیلم اسکے پاس بیٹھتی بولی..

کیسا سرپرائز" کرن بولی..

کچھ دیر بعد دکھاؤں گی.. ابھی وہ باتیں کر رہے تھے جب رافع مولوی صاحب اور ولی اور ساتھ میں کچھ بڑے بزرگ تھے..

نیلم کرن کے دوسری سائیڈ بیٹھ گئی اور نکاح پڑھانا شروع کیا مولوی صاحب نے.. پہلے کرن سے ایجاب و قبول کیا اور پھر یہی عمل ارامان کے ساتھ دہرایا گیا..

اور یوں دونوں نکاح جیسے خوبصورت بندھن میں منسلک ہو گئے..

کرن بہت گھبراہٹ کا شکار تھی.. دل کی دھڑکن تیز ہی ہو رہی تھی.. جیسے جیسے اپنے دلہے سے ملنے کا وقت قریب آ رہا تھا تھوڑی ہی دیر آرڈر ملا کے دلہن کو باہر لایا جائے..

چلو کرن تمہارا سرپرائز تمہارے دلہے میاں ہیں.. نیلم اسکا بازو تھامے آہستگی چلتے ہوئے اسے کمرے سے باہر لائی تھی.. باہر

آنگن میں جہاں تمام مہمان موجود تھے.. سامنے صوفہ پہ ارمان براجمان تھا وائٹ کاٹن کا سوٹ پہنے ساتھ بلیک ویسکوٹ پہنے ہوئے ہینڈسم لگ رہا تھا.. اسکے ساتھ ولی بھی کھڑا تھا اس وقت وہ بھی وائٹ کاٹن کا سوٹ پہنے ہوئے ..

کرن نے جھکی نظریں اٹھائی تھی سامنے اپنے دلہے کو دیکھ دنگ رہ گئی.. سامنے ارمان کھڑا تھا ..

یہ تو وہی ارمان ہے ولی بھائی کے دوست.. کرن نے ہلکی سی آواز میں نیلم سے کہا ..

ہاں.. کیسا لگا سرپرائز.. نیلم نے اسکے کان قریب ہوتے کہا.. وہ بھی اس وقت اوف وائٹ لانگ فراک پہنے ہوئے تھی کانوں میں بھاری آوازے ہلکا سا میک اپ کئے ہوئے بہت پر کشش نظر آرہی تھی..

آہستہ آہستہ چلتے وہ اسکے قریب آئی.. کرن کو ارمان کے ساتھ ارمان کے ساتھ بٹھایا گیا.. وہ تھوڑا سا فاصلہ رکھ کر بیٹھی تھی.. جسے ارمان نے کھسکتے ختم کر دیا..

کیسی ہو جان من.. ارمان اسکے کان کے قریب سرگوشی کی.. وہ پہلے ہی اتنا گھبرا رہی تھی.. تھوڑا سا چہرہ موڑ کر اسکی جانب دیکھا تھا.. اسے یقین ہی نہیں آرہا تھا اس نے اپنی محبت پالی ہے.. ان

دونوں کے درمیان ایسی کوئی بات بھی نہیں ہوئی تھی مگر انکا رشتہ دل کا تھا..

شرم سے نظریں جھکا گئی..

وہ اسکی بے باک سرگوشیوں سے اسکا چہرہ گلنار ہوا تھا.. پھر موقع کا فائدہ اٹھاتے ارمان نے اسکا ہاتھ تھام لیا تھا..

چھوڑے کوئی دیکھے گا تو کیا کہے گا.. ہلکی آواز میں اپنا ہاتھ چھڑاتے بولی..

تو ارمان نے چھوڑ دیا.. لوگوں کا بہانہ ہے زرا آؤ تو سہی میری دسترس میں پھر نہیں چھوڑوں گا.. اسکے گال دھک اٹھے تھے اسکی معنی خیزی سرگوشی سے..

کھانے کا دور شروع ہوا پھر سب مہمان اپنے گھر کو ہوئے رات کافی ہو رہی تھی.. کرن بھی اٹھ کر کمرے میں آگئی تھی..

سب سے ملتے ارمان بھی وہاں نکلا تھا..

نیلم کرن کے پاس بیٹھی..

اور سناؤ کیسا لگے پھر ارمان بھائی.. وہ شرارت سے بولی..

تمہیں پہلے سے پتا تھا نا" وہ اسے آنکھیں دکھائی بولی..

ہاں پتا تھا تمہارا رشتہ ارمان بھائی کیلئے میں ہی تو لائی تھی.. وہ ہستے بولی..

..کتنی وہ ہو تم اور مجھے بتایا بھی نہیں..وہ حیرت اور خفگی سے بولی

ارمان بھائی ایک مہینہ پہلے پاکستان آئے تھے تم سے شادی کرنے کے لیے ولی سے رابطہ کیا اور پھر انہوں مجھے تمہارے گھر بھیج دیا..اور پھر آگے کی کہانی تمہیں پتا ہے..

..نیلم کو ولی نے پیغام بھیجا کے باہر آجائے گھر جانا ہے

..تو وہ کر باہر چلی گئ

کرن کا اب بھی یقین نہیں آرہا تھا..اسکا ہمسفر اسکا ارمان ہو گا جسے دل ہی دل میں وہ یاد کرتی تھی

ولی کے بلانے پہ نیلم باہر آئی تو وہ دروازے کے باہر کھڑا اسکا انتظار کر رہا تھا..

" ..میڈم اب گھر آجاؤ

..جی میں بس آہی رہی تھی" وہ اسکی طرف بڑھتی ہوئی بولی

..سامنے ہی وہ اپنے گھر میں داخل ہوئے

کمرے میں آتے ہی نیلم نے اپنا دوپٹہ اتار کر سائڈ پہ رکھا..کانوں میں پہنے بھاری آوازے اتارے تھے..کانوں میں درد ہو گیا تھا..

..اب اسکا رخ چینج کرنے کیلئے واش روم کی طرف تھا

وہ آگے بڑھی ہی تھی کہ والی آگیا کمرے میں

..تم کدھر.."اسکا ہاتھ تھامے اپنی جانب کھینچ لیا"

..وہ اسکے چوڑے سینے کے ساتھ جا لگی تھی

..چینج کرنے "دھیمی سی آواز میں کہا

میں نے ابھی تمہیں ٹھیک سے دیکھا بھی نہیں اور چلی چینج کرنے.." وہ اسے اپنے ساتھ لگائے بولا..

اتنی رات ہو گئی ہے پلیز سونے دیں" وہ ملتجی نظروں سے دیکھتے بولی..

تو ولی نے اسے اپنی بانہوں میں بھر لیا تھا..

نو مسز ولی.. آج مری مرضی چلے گے.. وہ اسے بیڈ پہ لئے آیا تھا..

اپنی محبت سے اسکے وجود کو خود میں سمو لیا تھا..

ٹھیک پندرہ دن بعد کرن کی رخصتی رکھی گئی تھی اور آج وہ دن آن بھی پہنچا تھا..

پورے دھوم دھام سے رخصتی ہوئی تھی..

ولی کرن کو لئے اپنے فلیٹ پہ آیا تھا جو کچھ دن کے لئے اس نے کرایہ پہ لیا ہوا تھا..

وہ اکیلا تھا یہاں..اس لیے خالی گھر نے انکا استقبال کیا تھا..

وہ سجی سنوری دلہن بنی کرن کا ہاتھ تھامے اپنے کمرے میں کی طرف بڑھا تھا کمرا بہت خوبصورت طریقہ سے سجایا ہوا تھا تازہ گلاب کے پھولوں سے کمرہ مہک رہا تھا..

کرن سر جھکائے اسکے ساتھ تھی..

تو فائنلی تمہیں اپنے پاس دیکھنے کا خواب پورا ہو ہی گیا امید نہیں تھی تم اتنی آسانی سے مل جاؤ گی..

پاکستان تو صرف تمہاری محبت میں کھنچا چلا آیا تھا..

تو جان من.. کیا تمہیں بھی میرا انتظار تھا یا بھولی بیٹھی تھی وہ سے لیے بیڈ پہ آیا تھا..

کیوں کرتی میں تمہارا انتظار "تم کونسا کسی ریاست کے شہزادے
.. ہو.." وہ تیکھی سے انداز میں بولی تھی

اوہ.. ارمان نے اسکے بالوں میں پھنساتے اسکے سجے سنورے
..روپ کو اپنے بلکل سامنے کیا تھا
شدت سے ان سرخ ہونٹوں پہ جھکا تھا.. کرن نے حنائی ہاتھوں
..سے اسکے سینہ مکے برسانے لگی تھی

..مگر وہ اپنی مرضی سے پیچھے ہوا تھا

..اپنی محبت سے اسکے وجود کو اپنے نام کر گیا تھا

ولی کی نئ جاب شروع ہو چکی تھی ہفتہ ہو گیا تھا اسے یہاں کام کرتے بہت اچھی پوسٹ پہ اسکی جاب لگی تھی کمپنی کی طرف سے اسے گاڑی بھی ملی تھی..

تھری پیس سوٹ پہنے پینٹ کوٹ پہنے ٹائی لگائے وہ بہت ہی ہینڈسم اور پرکشش نظر آرہا تھا..

اپنے آفس می بیٹھا کام کر رہا تھا..جب اسکا انٹر کام بجا یس..ولی نے ریسیور اٹھا کر کان سے لگایا..

مسٹر ولی آپ زرا آفس میں آئے گے.. وہاں کی باس کی بیٹی
..پریشے نے اسے اپنے آفس میں بلوایا

مے آئی کم ان "میم

..یس کم "ہیو آسیٹ "پریشے نے خوش اخلاقی سے پیش آئی

..میم پریشے کوئی کام تھا" ولی مسکرا کر بولا

..نو میم "جسٹ پریشے "نے اسکی درستگی کی

" ..آپ کو کوئی کام تھا

ہاں "کام تھا.." وہ مسکراتی بولی.. سرخ سفید رنگت براؤن آئیز چھوٹی سی ناک مسکراتی تو وہ دلکش لگی ..

آپ کے گھر کون کون ہیں.. آئی مین آپکی فیملی "اسکی آنکھوں میں کچھ اور ہی چمک تھی ..

میں اور میری وائف نیلم "ولی سمائل کرتے کہا ..

آر یو میرڈ "پریشے شاک ہوئی .

یس "آئی ایم ہیپیلی میرڈ "اینی پرو بلم..اسنے آئیبرو اچکاتے ..پوچھا

آپ نے میرا دل ہی توڑ دیا" وہ دل کے مقام پہ ہاتھ رکھتے افسردہ ..ہونے کی ایکٹنگ کرتی بولی

..مے آئی گو "ولی کھڑا ہوتا بولا

..یس "پریشے بولی اور وہ چلا گیا

افف کتنا ہینڈسم اور وائف سے لاوئل بندا ہے ورنہ مجھ سے ..جھوٹ بھی بول سکتا تھا..اسکے جاتے ہی پریشے بولی تھی

اگر یہ ہینڈسم بندہ ولی ٹھر کی ہوتا تو کتنے افیئیر ہوتے اسکے "

"😎

..دو سال بعد

آج نیلم اداس سی بیٹھی تھی بیڈ پہ اسکے ساتھ ولی بیٹھا اپنے لیپ ٹاپ پہ کام کر رہا تھا..

..نیلم کی خاموشی کو نوٹ کرتا ہوا بولا

..کیاہوا مسسز آج بولتی کیوں بند ہے

آج کرن کے ہاں بیٹا پیدا ہوا ہے.."اسنے دھیمے سے کہا

تو تمہیں خوش ہونا چاہئے.."پھر یہ منہ لٹکا ہوا کیوں ہے..
..سائیڈ ٹیبل سے کافی کا مگ اٹھا کر سیپ لیا تھا اسکی سنتے بولا

کرن کیلئے میں تو خوش ہوں دو سال سے پاک واپس ہی نہیں"
" ..آئی"ماشاللہ بہت خوش ہے
..مگر سب مجھ سے پوچھتے ہیں"وہ سامنے دیکھتے اداسی سے بولی"

اب سب نے تم سے کیا پوچھ لیا..اب وہ اسکی طرف پورا متوجہ ہوا..

میں خوش خبری کب سناؤ گی"اب یہ میرے بس میں تو نہیں ہے.."وہ اسکے کاندھے پہ سر رکھتے بولی..

تم خود ابھی بچی ہو چپ چاپ اپنی پڑھائی پہ توجہ دو لوگوں کی فضول بکواس پہ توجہ مت دو"اچھا ہے تم ابھی یہ ذمہ داری نہیں سنبھال سکتی ہو.."وہ کافی کا سیپ لیتا نارمل سے انداز میں بولا..

"..میں سنبھال سکتی ہوں یہ ذمہ داری بھی..آپ

بسس.. وہ اسکی منہ پہ انگلی رکھ گیا.. میں ابھی صرف تمہارے ساتھ وقت گزارنا چاہتا ہوں میں نہیں چاہتا کوئی تیسرا ہمارے درمیان آئے اور ہماری پرائیویسی ڈسٹرب کرے".. وہ اسکے قریب آتا سرگوشی کے انداز میں بولا..

مطلب کے آپکو بے بی نہیں چاہیے" وہ. معصومیت سے اسے دیکھتی بولی..

بے بی کی کیا ضرورت ہے ابھی تم جو ہو" بے بی".. وہ اسکی ناک دباتا پیار سے بولا تھا..

تو وہ ہنس دی

.. بس یونہی ہنستی مسکراتی رہا کرو" وہ اسے خود میں بھینچ گیا "

وہ صبح آفس جانے کے لئے تیار ہو رہا تھا جب نیلم کچن میں اسکے لئے ناشتہ بنا رہی تھی ..

" .. تم بھی کرو ناشتہ بیٹھو

.. نہیں میرا دل نہیں چاہ رہا.. "ناشتہ کو دیکھ کر وہ اکتا کر بولی

"اب یونیورسٹی کیا بھوکی جاؤ گی.. "یہ لو چائے پی لو

..وہ چائے کا کپ اسکی طرف بڑھاتے بولا

عجیب سی فیلنگ ہو رہی تھی اسکی بڑی مشکل سے چائے کے دو سیپ لئے تھے..کہ منہ ہاتھ رکھ کر واش روم بھاگی..

وومٹنگ کر کے نڈھال سی باہر آئی..ولی تو پریشان ہو گیا تھا اسکی یہ حالت دیکھ ولی نے اسے پکڑ کر چیئر پہ بٹھایا تھا..

نیلم آریواو کے "چلو ڈاکٹر کے پاس" پریشانی سے بولا تھا..
وہ سر تھام کے رہ گئی..سر چکرانے لگا تھا..

ولی اسے کاندھے سے پکڑتا باہر آیا اسے گاڑی میں بٹھا کر کلنک کی طرف نکل پڑا تھا..

کچھ ہی دیر میں وہ ڈاکٹر کے پاس تھے..

ڈاکٹر اسکا چیک اپ کر کے باہر آئیں..

ڈاکٹر میری وائف کیسی ہے.." ولی پریشانی سے بولا..

ٹینشن کی کوئی بات نہیں ہے بس بی پی لو ہو گیا تھا.. ناؤ شی از فائن ایسی کنڈیشن میں اکثر ایسا ہو جاتا ہے اور پھر ایج بھی بہت کم لگتی ہے.."

..کیسی کنڈیشن "ولی فکر مندی سے بولا

..شی از پریگننٹ.."وہ مسکراتی بولی

..واٹ "ریلی.."حیرت اور خوشی سے بولا تھا

ہاں اب آپکو انکا بہت خیال رکھنا ہے..انکے کھانے پینے کا بہت خیال رکھنا ہے..ڈاکٹر کہتی چلی گئی

..مگر ولی پریشان سا ہو گیا نیلم کو لیکر

..ولی نیلم کو لئے گھر جا رہا تھا

ولی خاموشی سے گاڑی چلا رہا تھا جبکہ نیلم کی خوشی کوئی انتہا نہیں تھی ..

..ولی آپ خوش نہیں گڈ نیوز سن کر.. وہ اسے دیکھتے بولی

نیلم مجھے تمہاری ٹینشن ہو رہی ہے کیسے مینیج کرو گی تم.. "فکر مندی سے بولا ..

میں کر لوں گی ولی آپ اس بات کی ٹینشن نا لو.. "وہ اسکے کاندھے پہ سر رکھتے بولی ..

..تو وہ مسکرا دیا

..ولی نے نیلم کا بہت زیادہ خیال رکھنا شروع کر دیا تھا پھپھو کو بھی نیلم نے فون کر کے یہ خوشخبری سنائی تھی..تو وہ بہت خوش ہوئی تھی..مگر اب انکا آنا ممکن نہیں تھا..وہ سفر نہیں کر سکتی تھی اب..اس لیے اس نے نیلم کو بہت حوصلہ اور ڈھیروں دعائیں دی..

آج نیلم کا آپریشن ہونا تھا..اچانک طبیعت بگڑ گئی اور ڈاکٹرز نے کہا آپریشن کرنا پڑے گا..مہینے کے آخری دن ہی چل رہے تھے ..جب نیلم کی طبیعت خراب ہوئی

ولی بہت پریشان حالت میں آپریشن تھیٹر کے باہر بیٹھا ہوا تھا اسے ..بہت فکر لاحق ہو رہی تھی نیلم کی

مبارک ہو بیٹی ہوئی ہے..ولی کے چہرے پہ مسکراہٹ بکھری تھی ..

..اور میری وائف.."نیلم کا خیال آیا

ناؤ شی از آؤٹ اوف ڈینجر.. کچھ دیر بعد انہیں روم میں شفٹ کر دیا گے پھر آپ ان سے مل سکتے ہیں..

وہ خوشی سے نہال ہو رہا تھا.. اور ساتھ آج اسے اپنی فیملی بھی یاد آ گئی تھی اگر سب لوگ موجود ہوتے تو کتنا خوش ہوتے سب..

مبارک ہو" پیچھے سے آواز آئی تو اسنے مڑ کر دیکھا جہاں عروج کھڑی مسکرا رہی تھی..

خیر مبارک سنجیدگی سے جواب دیا..

اب بھی ناراض ہو مجھ سے.." وہ اطمینان سے بولی تھی..

..تو اس نے کوئی جواب نہیں دیا

میں جانتی ہوں مجھ سے نادانی ہوئی ہے.."وہ میری ضد ہی تھی ..ضروری نہیں کہ جس چیز کو انسان چاہتا ہے وہ مل بھی جائے "

میں نے چھ ماہ پہلے شادی کر لی ہے..وہ ہنستے ہوئے بولی مگر اسکی آنکھیں اسکا ساتھ نہیں دے رہی تھی..

اپنا روٹین چیک اپ کیلئے آئی تھی تو تمہیں یہاں دیکھ لیا.. جلد ہی میں بھی ماں کے عہدے پہ فائز ہونے جا رہی ہوں.." وہ مسکراتے بولی...

مبارک ہو.. یہ تو اچھی بات ہے تم نے شادی کرنی.. اور انکل کیسے ہیں.." ولی نے بھی مسکراتے بات کا آغاز کیا..

"دو ماہ پہلے ہی وہ مجھے اکیلا چھوڑ کر چلے گئے.. اداسی ہی از نو مور.." سے کہا..

ولی کو دکھ ہوا انکے لئے..

.. عروج.. "پیچھے سے عروج کو اسکے ہسبنڈ نے آواز دی

..جی آئی" وہ پلٹ کر چلی گئی

.. کہاں چلی گئی تھی.. "وہ اسے لئے آگے بڑھ گیا

ولی نیلم کے پاس آیا وہ آنکھیں بند کئے لیٹی تھی.. اور ساتھ ہی گلابی کپڑے میں لپٹی ننھی سی پری.. لال گلابی پھولے ہوئے ..گال.. نیلم کی طرح ہی نیلی آنکھیں

ولی نے اپنی گڑیا کو گود میں بھرا تھا..اسکی آنکھیں نم ہوئی تھی..
خود کو بہت خوش قسمت سمجھنے لگا تھا..نیلم نے آہستہ سے آنکھیں
کھولی تھیں..اپنے سامنے ولی کو دیکھا جو اپنی گڑیا کو گود میں لئے
..کھڑا تھا

اس سے ہلکی ہلکی باتیں کر رہا تھا نیلم پہ نظر گئی جو اسے دیکھتے مسکرا
..رہی تھی

نیلم میں تمہارا کیسے شکریہ ادا کروں تم نے مجھے دنیا کا سب سے
..خوبصورت تحفہ دیا ہے..نیلم کا ہاتھ تھام کر اس نے کہا

اس میں شکریہ کہ کیا بات ہے.. "آپ نے جو میرے لئے کیا یہ
..اسکے لئے تو کچھ بھی نہیں.. "نیلم نے دھیرے سے کہا

آج تم نے میری زندگی مکمل کر دی.. میری محرومیوں کو ختم
..کر دیا میری ادھوری زندگی مکمل کر دی

" ..کیسی ہے میری بیٹی

" ..بہت خوبصورت بلکل تمہاری طرح

..عمل ولی اللہ.. "اسکی گال پہ بوسہ دیتے کہا
..اور پھر نیلم کے پیشانی یہ لب رکھے تھے

ختم شد

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا

تک پہنچانا چاہتے ہیں تو زوبی ناولز زون

https://www.zubinovelszone.com

آن لائن ویب سائٹ آپکو پلیٹ فارم فراہم کر رہا ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پر اپنا ناول، افسانہ، کالم آرٹیکل یا شاعری

پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ابھی ای میل کریں۔

ZUBINOVELSZONE@GMAIL.COM

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل اور وٹس ایپ کے ذریعہ رابطہ کر سکتے ہیں
وہاٹسپپ پر رابطہ کرنے کے لئے نیچے لنک پر کلک کرے

https://wa.me/923444499420

https://www.facebook.com/Zubi.Novels.Zone.10

انتباہ! اس ناول کے تمام جملہ حقوق زوبی ناولز زون کے پاس محفوظ ہیں کسی بھی طرح کاپی کرنے سے گریز کیا جائے۔

https://www.facebook.com/groups/Z.Novel.Zone

Zubi Novels Zone